THE
SENATE OF PAKISTAN
DEBATES

OFFICIAL REPORT

Monday, January 11, 2016
(123rd Session)
Volume I, No.01
(Nos.01-10)

Printed and Published by the Senate Secretariat, Islamabad

Volume I
No.1

SP.I (01)/2016
15

Contents

1. Recitation from the Holy Quran 1
2. Panel of Presiding Officers 2
3. Leave of Absence 2
4. The Constitution (Amendment) Bill, 2015. 3
5. Motion Under rule 194 moved by Senator Muhammad Talha Mehmood regarding extension of time in presentation of Report of the Standing Committee on Petroleum and Natural Resources 5
6. Motion Under Rule 218 moved by Senator Rubina Khalid regarding revival of student Unions in the educational institutions in the country.....6
   - Senator Mushahid Hussain Syed 7
   - Senator Lt. Gen. (Retd.) Abdul Qayyum.....8
   - Senator Saeed Ghani 11
   - Senator Nehal Hashmi 13
   - Senator Ahmed Hassan.....16
   - Senator Col. (R) Syed Tahir Hussain Mashhadi 17
   - Observation of the Chairman 19
   - Senator Mir Kabeer Ahmed Muhammad Shahi.....19
   - Senator Syed Shibli Faraz.....21
   - Senator Mushahid Ullah Khan 22
   - Senator Khushbakht Shujat 27
   - Senator Dr. Jehanzeb Jamaldini.....30
   - Senator Mukhtiar Ahmed Dhamrah @ Aajiz 32
   - Senator Muhammad Ali Khan Saif 34
   - Senator Shahi Syed 34
   - Senator Muhammad Usman Khan Kakar.....36
   - Senator Nasreen Jalil 38
   - Senator Raja Muhammad Zafar-ul-Haq, Leader of the House.40
   - Ruling by the Honourable Chairman on Student Unions.....42
7. Motion Under Rule 218 Moved by Senator Syed Shibli Faraz Regarding Balance of Trade of the Country.....43
   - Senator Mohammad Azam Khan Swati 46
   - Senator Taj Haider 47
   - Senator Lt. Gen. (Retd.) Abdul Qayyum.....50
   - Senator Nasreen Jalil 52
8. Motion Under Rule 218 Moved by Senator Muhammad Talha Mehmood Regarding Discussion on the Affairs of the Housing Societies in Islamabad.....54
   - Senator Muhammad Javed Abbasi 56
   - Dr. Tariq Fazal Chaudhary, MOS for CADD 56
   - Observation of the Chairman 58
9. Resolution Moved by Senator Col. (R) Syed Tahir Hussain Mashhadi Regarding Establishment of New Residential Sectors in Islamabad.....59

10. Resolution Moved by Senator Mohammad Azam Khan Swati Regarding Provision of Additional Amount of Rs.2 Billion to NACTA 60
- Senator Farhatullah Babar 62
- Senator Col. (R) Syed Tahir Hussain Mashhadi 63
- Senator Lt. Gen. (Retd.) Abdul Qayyum.....64
- Senator Mukhtiar Ahmed Dhamrah @ Aajiz 65
- Senator Muhammad Ali Khan Saif 66
- Mr. Muhammad Baligh-ur-Rehman, MOS for Interior 67
- Senator Raja Muhammad Zafar-ul-Haq, Leader of the House.68

11. Resolution Moved by Senator Col. (R) Syed Tahir Hussain Mashhadi Regarding Exploring New Markets Abroad for Pakistani Goods.....70
12. Resolution Moved by Senator Muhammad Ali Khan Saif Regarding Banning of VIP Protocol 71
13. Resolution Moved by Senator Col. (R) Syed Tahir Hussain Mashhadi Regarding Improvement in Performance of Pakistan Agricultural Research Council 72
14. Point of Public Importance Raised by Senator Saeed Ghani Regarding Arrest of Workers of Phillip Morris Tobacco Company Under MPO in Khyber Pakhtunkhwa 72
15. Point of Public Importance Raised by Senator Taj Haider Regarding Non-Issuance of CNIC to the Orphan Children in Eidhi Center ..73
16. Point of Public Importance Raised by Senator Muhammad Ali Khan Saif Regarding holding a person as criminal prior to a Trial by Court of Law 74

SENATE OF PAKISTAN
SENATE DEBATES

Monday, January 11, 2016

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad at four minutes past three in the evening with Mr. Chairman (Mian Raza Rabbani) in the Chair.

Recitation from the Holy Quran

اَعُوْذُبِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔

اَفَمَنْ شَرَحَ اللّٰہُ صَدْرَہٗ لِلْاِسْلَامِ فَھُوَ عَلٰی نُوْرٍ مِّنْ رَّبِّہٖ ؕ فَوَیْلٌ لِّلْقٰسِیَۃِ
قُلُوْبُھُمْ مِّنْ ذِکْرِ اللّٰہِ ؕ اُولٰٓئِکَ فِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ ﴿۲۲﴾ اَللّٰہُ نَزَّلَ اَحْسَنَ
الْحَدِیْثِ کِتٰبًا مُّتَشَابِھًا مَّثَانِیَ ۖ تَقْشَعِرُّ مِنْہُ جُلُوْدُ الَّذِیْنَ یَخْشَوْنَ
رَبَّھُمْ ۚ ثُمَّ تَلِیْنُ جُلُوْدُھُمْ وَ قُلُوْبُھُمْ اِلٰی ذِکْرِ اللّٰہِ ؕ ذٰلِکَ ھُدَی اللّٰہِ یَھْدِیْ
بِہٖ مَنْ یَّشَآءُ ؕ وَ مَنْ یُّضْلِلِ اللّٰہُ فَمَا لَہٗ مِنْ ھَادٍ ﴿۲۳﴾

ترجمہ: بھلا جس شخص کا سینہ اللہ نے اسلام کے لیے کھول دیا ہو اور وہ اپنے پروردگار کی طرف سے روشنی پر ہو (تو کیا وہ سخت دل کافر کی طرح ہو سکتا ہے) پس اُن پر افسوس ہے جن کے دل خدا کی یاد سے سخت ہو رہے ہیں اور یہی لوگ صریح گمراہی میں ہیں۔ اللہ نے نہایت اچھی باتیں نازل فرمائی ہیں (یعنی کتاب جس کی آیتیں باہم) ملتی جلتی (ہیں) اور دُہرائی جاتی (ہیں) جو لوگ اپنے پروردگار سے ڈرتے ہیں اُن کے بدن کے (اس سے) رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں پھر اُن کے بدن اور دل نرم (ہو کر) اللہ کی یاد کی طرف (متوجہ) ہو جاتے ہیں یہی اللہ کی ہدایت ہے وہ اس سے جس کو چاہتا ہے ہدایت دیتا ہے اور جس کو اللہ گمراہ کرے اُس کو کوئی ہدایت دینے والا نہیں۔

23تا22(سورۃالزمر آیات)

Panel of Presiding Officers

Mr. Chairman: جزاک اللہ۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ Panel of Presiding Officers.

In pursuance of Sub-rule 1 of Rule 14 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, I nominate the following Members in order of precedence to form a panel of Presiding Officers for the 123rd Session of the Senate of Pakistan:-

1. Senator Muhammad Mohsin Khan Leghari
2. Senator Nauman Wazir Khattak
3. Senator Muhammad Ali Khan Saif

Leave of Absence

جناب چیئرمین: .Leave applications سینیٹر نہال ہاشمی صاحب بعض نجی مصروفیات کی بنا پر گزشتہ 122 ویں اجلاس کے دوران مورخہ 28تا31 دسمبر اجلاس میں شرکت نہیں کر سکے تھے، اس لیے انہوں نے ان تاریخوں کے لیے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا رخصت منظور ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین: سینیٹر عثمان سیف اللہ خان بعض نجی مصروفیات کی بنا پر گزشتہ 122ویں اجلاس کے دوران مورخہ 30 دسمبر اجلاس میں شرکت نہیں کر سکے تھے، اس لیے انہوں نے ان تاریخوں کے لیے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا رخصت منظور ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین: سینیٹر پروفیسر ساجد میر صاحب نے بعض نجی مصروفیات کی بنا پر مورخہ 11اور 12جنوری کے لیے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا رخصت منظور ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین: سینیٹر میر اسرار اللہ خان زہری نے بعض نجی مصروفیات کی بنا پر حالیہ مکمل اجلاس کے لیے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا رخصت منظور ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین: جناب عابد شیر علی وزیر مملکت برائے پانی و بجلی نے اطلاع دی ہے کہ وہ سرکاری دورے پر ملک سے باہر ہیں، اس لیے مورخہ 15 جنوری تک اجلاس میں شرکت نہیں کر سکیں گے۔

We now move on to agenda Item No. 2.

Mr. Chairman: We now move on to Agenda Item No.2. Agenda Item No.2 stands in the name of Senator Zaheer-ud-Din Babar Awan. You may move Agenda Item No.2.

The Constitution (Amendment) Bill, 2015.

Senator Zaheer-ud-Din Babar Awan: Sir, I wish to seek leave to introduce a Bill further to amend the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, 1973 [The Constitution (Amendment) Bill, 2015].

Mr. Chairman: Is it opposed? Yes, Minister for Climate Change and Human Rights.

Mr. Zahid Hamid (Federal Minister for Climate Change and Human Rights): Yes, we do oppose but if you would just permit me to say few words at this stage.

Mr. Chairman: Yes, please.

Mr. Zahid Hamid: Senator Babar Awan is an eminent Lawyer and I am sure he is aware of, it is not just a provision of the Constitution but also the Al-Jehad case which gave a ruling on this very article and the condition laid down was that the permanent vacancies of the court should be filled in before any *ad-hoc* Judge is appointed.

Subsequently, the 19th Amendment also imposed a condition that it has to be done in consultation with the Judicial Commission. So, in view of both these conditions, I would have thought that, that is adequate safeguard and I would only say that perhaps it will be better that further discussion takes

place in the committee. So, I am opposing it on these grounds that adequate safeguards exist but if the honourable Senator insists that it should be considered then let it go to the committee and we can discuss it in detail there.

Mr. Chairman: Yes, Babar Awan Sahib.

Senator Zaheer-ud-Din Babar Awan: Sir, I only draw the attention of the honourable Minister to Article 181 of the Constitution where there is an inbuilt provision of meeting with this situation but I agree with the proposition that let it go to the committee and let the committee look into it in fair manner.

Mr. Chairman: I now put the motion before the House.

(The motion was carried)

Mr. Chairman: The leave to introduce the Bill is granted. We now move on to item No.3 which stands in the name of Senator Zaheer-ud-Din Babar Awan, may move item No.3.

Senator Zaheer-ud-Din Babar Awan: Sir, I beg to introduce the Bill further to amend the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, 1973 [The Constitution (Amendment) Bill, 2015].

Mr. Chairman: The Bill as introduced stands referred to the Standing Committee concerned.

We now move on to Agenda Item No.4. Agenda Item No.4 stands in the name of Senator Mir Israrullah Khan Zehri, Chairman, Standing Committee on Petroleum and Natural Resources. Yes, Talha Mehmood Sahib on his behalf.

Motion Under rule 194 moved by Senator Muhammad Talha Mehmood regarding extension of time in presentation of Report of the Standing Committee on Petroleum and Natural Resources

Senator Muhammad Talha Mehmood: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ I, on behalf of Chairman, Standing Committee on Petroleum and Natural Resources to move under sub-rule (1) of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Committee on the subject matter of starred question No.122 asked by Senator Mohsin Aziz on 10th November, 2015, regarding working of the current PSO Board, be extended for a further period of thirty working days with effect from 11th January, 2016, for the reasons to be explained in the House.

Mr. Chairman: Yes, give reasons.

سینیٹر محمد طلحہ محمود: جناب! چیئرمین صاحب ملک سے باہر تھے اور ابھی نوٹس 19 جنوری کا issue کر دیا ہے۔

جناب چیئرمین: انہوں نے تو پورے اجلاس کی چھٹی پھر مانگ لی ہے،

I will not entertain this for further extension. Now, I will put the motion before the House but next time I will not entertain it for further extension.

سینیٹر محمد طلحہ محمود: ٹھیک ہے جناب۔

Mr. Chairman: It has been moved under sub-rule (1) of rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Committee on the subject matter of starred question No.122 asked by Senator Mohsin Aziz on 10th November, 2015, regarding working of the current PSO Board, be

extended for a further period of thirty working days with effect from 11th January, 2016.

(The motion was carried)

Mr. Chairman: We now move on to Agenda item No.5. Agenda item No.5 is a motion which stands in the names of Senators Rubina Khalid and Hasil Khan Bizenjo, who will move the motion?

Senator Rubina Khalid: I will move sir.

Mr. Chairman: Yes, Rubina Khalid Sahiba.

Motion Under Rule 218 moved by Senator Rubina Khalid regarding revival of student Unions in the educational institutions in the country

Senator Rubina Khalid: We beg to move that this House may discuss the need for the revival of student unions in the educational institutions in the country particularly in colleges and universities.

جناب چیئرمین: جی روبینہ خالد صاحبہ بولیں۔

Senator Rubina Khalid: Thank you Mr. Chairman. Basically, we, all of us have had this discussion and most of us feel

چونکہ نرسریاں جہاں پر political grooming ہوتی تھی، political minds کی unfortunately, with the passage of time grooming ہوتی تھی and specially in the era of Zia, جب بند کی گئیں تو اس کے بعد ایک political vacuum پیدا ہوا۔

ابھی بھی آپ دیکھیں اس وقت ہمارے جتنے بھی leading political minds ہیں وہ سب student unions سے کسی نہ کسی طریقے سے وابستہ رہے ہیں تو ہمارا یہ مؤقف ہے اور ہم چاہتے ہیں کہ اس چیز کو ہم discuss کریں، اس کے merits and demerits کو کہ اگر student unions revive ہو جاتی ہیں arms and ammunition minus کر کے، اس کو کسی طرح سے کنٹرول کر کے اگر انہیں restore کیا جاتا ہے تو اس سے ہمارے ملک کے سیاسی مستقبل اور سیاسی leadership کے

لئے ہمیں جو نرسری چاہیے وہ ملتی ہے اور جب تک یہ restoration نہیں ہوتی اس وقت تک یہ کمی اور خلاء پر نہیں کیا جا سکتا۔

جناب چیئرمین: تو پھر آپ Resolution لے آتی ناں that could have been better. چلیں this will be just talked out.

Senator Rubina Khalid: Yes, and further basically we want that this may be sent to the Committee of the Whole where this may be talked out better and opinion of the experts can also be ascertained and then we can come to a better conclusion. Thank you.

Mr. Chairman: Thank you. Yes, Mushahid Sahib.

Senator Mushahid Hussain Syed

Senator Mushahid Hussain Syed: Thank you very much. بسم اللہ الرحمٰن الرحیم. I would fully support and endorse what Senator Rubina Khalid and Hasil Khan Bizenjo Sahib have presented in this motion.

کیونکہ پاکستان میں student Unions کا بڑا important role رہا ہے خاص طور پر in the struggle for Pakistan and also in the struggle for democratic rights of the people.

جناب چیئرمین! آپ کو یاد ہو گا and your father himself served with the Quaid-e-Azam which is a great honour. جب I have to take the movement of the Muslim league, the people and muslims of sub-continent قائداعظم نے فیصلہ کیا کہ جی women تو انہوں نے مسلم لیگ کے دو ونگ organize کیے، ایک wing اور ایک یوتھ اور student wing, 1938 میں پٹنہ میں اجلاس بلا کر انہوں نے قائم کیا and if you remember after 1940, the Lahore Resolution وہ خود کیمپس میں گئے، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کے علاوہ، اسلامیہ کالج پشاور، and students were the اسلامیہ کالج لاہور اور سٹوڈنٹس کو address کیا during this اس کے بعد vanguard in the struggle for Pakistan. movement also in Pakistan all of us have been students activists and I remember, even in a place like

F.C college which was insulated from politics, we had the first student union elections and our slogan was the students power. So, it mobilized people and also it اور اس سے created tolerance and a certain co-existence. basic nursery and training for the political process سٹوڈنٹس میں آئی۔ وہ ایک unfortunate phase آیا when with state sponsorship some people resorted to fascistic tactics. and then they استعمال کیا گیا politically کو student unions اور became *'danda bardar'* اور وہ ایک negative aspect تھا forces but that should not be at the cost of students they call it آپ کو پتا ہے کہ مغرب میں ہر یونیورسٹی میں democracy. students government. الیکشن ہوتے ہیں، سٹوڈنٹس کونسل ہوتی ہے تو اس حوالے سے پاکستان میں لوگوں میں اتنا شعور ہے اور اب تو دور ہی مختلف آگیا ہے، اب انٹرنیٹ اور سوشل میڈیا کا دور ہے۔ ہم سمجھتے ہیں کہ student unions کا رول بڑا اہم ہے just as the labour unions role was very important, once upon a time, they were mobilizing people, there were CBAs and there was a rule of the game between the employers and the employees. Therefore, the students' aspect kept a check also on mis-governance in the universities and colleges. I feel that this is the right motion and I agree with you that may be it should be presented in the different form, so, it takes an institutional shape. Thank you very much.

جناب چیئرمین: جی قیوم صاحب۔

Senator Lt. Gen. (Retd.) Abdul Qayyum

سینیٹر لیفٹیننٹ جنرل (ر) عبدالقیوم: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین! بنیادی طور پر یہ بات بالکل ٹھیک ہے، جو میڈم روبینہ نے کہا، حاصل بزنجو صاحب نے کہا۔ میں سمجھتا ہوں کہ آئینی طور پر بھی یہ ہمارا حق ہے کہ unions کو form کیا جائے except جہاں کوئی compulsory service ہے، armed forces ہیں یا Government employees ہیں۔ Students union was existing even before

,1947 جیسے سینیٹر مشاہد نے کہا کہ انہوں نے پاکستان کی Movement میں ایک بڑا کلیدی کردار ادا کیا۔ پھر جوں ہی پاکستان بنا تو اس کی دو segments ہو گئیں، ایک Democratic Students Federation اور ایک اسلامی جمعیت طلباء، پھر ہر سیاسی پارٹی نے اپنے اپنے کالجوں میں unions کو support کرنا شروع کیا۔ مسلم سٹوڈنٹس فیڈریشن، پیپلز سٹوڈنٹس فیڈریشن، جمعیت سٹوڈنٹس فیڈریشن، امامیہ سٹوڈنٹس فیڈریشن، پختون سٹوڈنٹس فیڈریشن، بلوچ سٹوڈنٹس فیڈریشن۔

جناب چیئرمین! اس سے ایک sectarian ہوا بھی ملی، اکسانے والی سوچ بھی پنپی اور سیاست اداروں تک پہنچی۔ نتیجہ یہ ہوا کہ 1953 میں students کے ایک procession پر firing ہوئی اور چھ طلباء ہلاک ہوئے۔ آپ کو یاد ہو گا کہ 1966 میں Tashkent Declaration پر ایوب کے خلاف مختلف protests ہوئے، یہ politically motivated بھی تھے اور 1969 میں ایوب خان کی حکومت ختم ہو گئی۔ پھر 1972 میں Shimla Agreement کے دوران خاص طور پر بنگلہ دیش کی recognition پر لوگ احتجاج کرتے رہے، پھر پی این اے کی movement میں students implicate ہوئے اور ساتھ مل کر ذوالفقار علی بھٹو صاحب کی حکومت 1977 میں ختم ہوئی، یہ facts ہیں۔ پھر 1984 میں جنرل ضیاء الحق نے اس پر پابندی لگائی۔ اس کے بعد سپریم کورٹ نے ایک interim order نکال کر ان کو پھر بحال کیا۔

میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ 2008 میں یوسف رضا گیلانی صاحب نے کہا کہ unions پر پابندی نہیں ہونی چاہیے لیکن present status یہ ہے کہ کچھ جگہوں پر unions effective ہیں، کچھ جگہوں پر نہیں ہیں لیکن fact remains کہ طلباء کو پیسا بھی دیا گیا، اسلحہ بھی دیا گیا۔ آپ کو یاد ہو گا کہ نومبر 2007 میں عمران خان صاحب کسی یونیورسٹی میں پہنچ گئے تو طلباء نے ان کو پکڑ کر hostage بنالیا، بدقسمتی سے manhandle کیا۔ اس طرح کی غنڈہ گردی اداروں میں رہی چونکہ checks and balances نہیں تھے۔

یہی تجربہ انڈیا میں ہوا۔ اتر پردیش جو ان کی سب سے بڑی ریاست ہے، وہاں انہوں نے پابندی بھی لگائی لیکن ultimately انہوں نے ایک procedure بنایا کہ unions تو چلتی رہنی چاہییں لیکن انہوں نے کہا کہ آپ کے الیکشن میں ایک امیدوار پر پانچ ہزار روپے سے زیادہ خرچ نہیں کریں گے۔ امیدوار وہ ہو گا جس کی 75% حاضریاں ہوں گی، absentees

نہیں ہوں گی، سپیکر کا استعمال نہیں ہوگا، صرف دس دن campaign کر سکیں گے، age limit لگائی کہ 18 سے 22 سال والے حصہ لے سکتے ہیں اور post graduates تھوڑا سا زیادہ حصہ لے سکتے ہیں، ان لوگوں کا criminal record نہیں ہوگا جو association میں کھڑے ہوں گے۔

جناب چیئرمین! اسی طرح کینیڈا میں بھی association کا مسئلہ ہوا۔ انہوں نے 1969 میں Concordia University میں computer lab کو جلایا تھا۔ 2002 میں مختلف clashes ہوئے، ایک pro-Israel اور ایک pro-Palestinians تو انہوں نے بھی پھر checks and balances کا سلسلہ شروع کیا۔

میں کہنا چاہتا ہوں کہ we support this لیکن جیسے بات ہوئی کہ اس پر deliberate کر کے ہمیں یہ دیکھنا ہوگا کہ students صرف تعلیم کی طرف دھیان دیں۔ ہم ان کو politicize نہ کریں۔ میں conclude کرتے وقت قائد اعظم کے کچھ ارشادات آپ کے سامنے quote کروں گا۔ انہوں نے کہا کہ

"You must concentrate on gaining knowledge and education, it is your foremost responsibility. Political awareness of the era is also part of your education. You must be aware of international events and environments. Education is a matter of life and death for Pakistan." He also on one occasion said that develop a sound sense of discipline, character, initiative and a solid academic background. You must devote yourself wholeheartedly to your studies, for that is your first obligation to yourselves, to your parents and to the State. That means

کہ آپ تعلیم حاصل کر کے بہتر شہری بنیں، آپ کی والدین کی طرف بھی obligation ہے کہ وہ آپ پر پیسا خرچ کرتے ہیں، آپ کی ریاست کی طرف بھی obligation ہے چونکہ آپ جب اچھے، تعلیم یافتہ، knowledgeable شہری بنیں گے تو State benefit کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ

"you must learn to obey only, then you can learn to command".

یہ انہوں نے اسلامیہ کالج پشاور میں 12 اپریل 1948 کو کہا۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ

"You are the real makers of Pakistan. Don't be exploited and don't be misled. They were exploited by the political people, they were misled and they were used for political purposes, they destroyed the institutions in many cases. It was said that your main occupation should be in fairness to yourselves, to your parents, to your State, to devote your attention to your studies only."

اور ایک last message میں ضرور پڑھوں گا۔ انہوں نے NWFP میں مسلم سٹوڈنٹس فیڈریشن کو اپریل 1943 میں کہا اور میں quote کرتا ہوں۔

"You have asked me to give you a message, what message can I give you. You have got a great message in the Quran for a guidance and enlightenment."

جناب چیئرمین! میں یہی کہوں گا کہ طلباء کو ضرور آزادی ملنی چاہیے۔ میں خود ایک student activist تھا۔ In 1966 I was also President of the college union تاشقند کے سلسلے میں تو مجھے پتا ہے کہ بہت سے elements ہمیں outsiders influence کرتے تھے، ان کے اپنے interests ہوتے تھے، اپنی stakes ہوتی تھیں، وہ کوشش کرتے تھے لڑانے کی۔ پھر میں تو 1966 میں Pakistan Military Academy میں چلا گیا ورنہ ہو سکتا ہے blacklist ہوتا یا کسی جیل میں ہوتا۔ میرا خیال ہے کہ ہمیں discipline کی ضرورت ہے students کے لیے اور ان کو آگے چلانے کے لیے۔ شکریہ چیئرمین صاحب۔

Mr. Chairman: Then you got permanent immunity. Saeed Ghani Sahib.

Senator Saeed Ghani

سینیٹر سعید غنی: بہت شکریہ۔ جناب! یہ بہت اہم motion ہے، اس پر یقینی طور پر بہت اہم باتیں ہوئی ہیں، اس کے بعد جو باتیں ہوں گی، وہ بھی کافی اہم ہوں گی۔ پہلی بات تو یہ ہے کہ ہر شخص کہہ بھی رہا ہے، مان بھی رہا ہے کہ آئین ہمیں اس بات کی اجازت دیتا ہے بلکہ ہر شہری کو اجازت دیتا ہے کہ وہ اپنی associations اور unions بنا سکتے ہیں۔ بد قسمتی سے ایک

مرتبہ اس پر پابندی لگی، ہم باوجود کوششوں کے بھی اس پابندی کو ختم نہیں کرا سکتے۔ وزیر اعظم گیلانی نے پہلی تقریر میں اعلان کیا تھا لیکن ناکام رہے۔

یہ عجیب سی بات ہے کہ unions مسلح ہو جاتی ہیں اور ایسی activities کرتی ہیں جن کی قانون میں اجازت نہیں ہے۔ بات یہ ہے کہ اگر وہ مسلح ہیں اور غیر قانونی اقدامات کر رہے ہیں تو students unions کی وجہ سے ان کو اس بات کی اجازت نہیں مل جاتی کہ وہ مسلح ہو کر غیر قانونی کام کریں تو ان کے خلاف کارروائی نہیں ہو گی۔ طلباء unions ہیں، نہیں ہیں، کوئی بھی شخص غیر قانونی کام کرے گا تو اس کے خلاف پاکستان کے قانون میں کارروائی کرنے کی گنجائش موجود ہے۔ یہ جواز بالکل بھی نہیں بن سکتا کہ وہ چونکہ مسلح ہوتے ہیں، کچھ ایسی activities کرتے ہیں جن سے اداروں میں بدامنی پیدا ہوتی ہے، اس لیے نہیں ہونی چاہیے۔

دوسری بات یہ ہے کہ آپ نے پابندی لگادی لیکن مجھے یہ بتائیں کہ وہ کون سی یونیورسٹی ہے، وہ کون سا کالج ہے جہاں پر مختلف سیاسی جماعتوں کے units نہیں بنے ہوئے ہیں۔ کراچی یونیورسٹی میں بنے ہوئے ہیں، کراچی کے بے شمار کالجوں میں بنے ہوئے ہیں۔ اسی طرح پنجاب میں بڑی بڑی universities ہیں، ابھی جنرل صاحب نے خود تذکرہ کیا کہ عمران خان صاحب کو انہوں نے پکڑ لیا تھا، unions پر تو پابندی ہے لیکن بہر حال ایک تنظیم موجود ہے، انہوں نے پکڑا بھی، بدتمیزی بھی کی اور ان کا غلبہ وہاں پر ہے بھی۔

میں نہیں سمجھتا کہ یہ ایک ایسی دلیل ہے جس کو بنیاد بنا کر student unions پر پابندی لگائی جائے۔ ایک اہم بات مشاہد صاحب نے بھی کہی کہ student unions, trade unions اور Local Government کے ادارے، اگر ان کو آپ پنپنے نہیں دیں گے تو پھر یہاں پر پارلیمنٹ میں جو لوگ آئیں گے، وہ بے بنیاد ہی ہوں گے، ان کی کوئی بنیاد نہیں ہو گی۔ آسمان سے آپ اتار کر کہیں بٹھادیں گے اور اس کو کہیں گے کہ آپ ابھی ملک چلائیے تو پھر ایسا ہی چلے گا جیسا ماضی میں چلتا رہا ہے۔ مجھے جنرل مشرف کی وہ بات آج بھی یاد ہے، مجھے تو لطیفہ لگتا ہے، جب انہوں نے شوکت عزیز کو وزیر اعظم بنایا تو کسی نے ان سے پوچھا کہ اس کو تو سیاست آتی نہیں ہے تو انہوں نے کہا کہ وہ سیاست سیکھ جائے گا۔ اگر ایک ملک کا وزیر اعظم بننے کے بعد وہ سیاست سیکھنا شروع کرے گا تو وہ تو ایسا ہی ہے کہ کسی ادارے کا آپ پرنسپل لگائیے، ہیڈ ماسٹر لگائیے اور کہیں کہ پڑھنا بھی سیکھ لے گا۔ اگر یہ طور طریقے یہاں پر چلتے رہے تو جو سیاست کا ادارہ ہے اور وہاں پر غیر تربیت یافتہ لوگ آئیں گے، جنہیں سیاست کی الف ب بھی نہیں پتا ہو گی تو

اداروں کا یہی حال ہو گا جو بد قسمتی سے ماضی میں کئی جگہوں پر ہوا ہے۔ یہاں پر ایک فوجی جرنیل وردی میں ہو تو اس کو سیاست کرنے کی اجازت دے دی جاتی ہے اور وہ سیاست کرتے بھی رہے ہیں لیکن ایک طالب علم جو پاکستان کا ویسا ہی شہری ہے جس طرح کوئی اور ہو سکتا ہے اور آئین اس کو اجازت بھی دیتا ہے کہ تم ان activities میں حصہ لو، اس کو اجازت نہیں ہے لیکن جن پر پابندی ہے وہ کرتے رہتے ہیں، جن پر پابندی نہیں ہے ان پر ہم نے پابندی لگائی ہوتی ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ ہمیں بغیر کسی تقسیم میں جائے سٹوڈنٹ یونین پر پابندی اٹھانی چاہیے۔ ہم نے جو رویہ اپنایا ہوا ہے کہ ہم بجائے خرابیوں کو دور کرنے کے اداروں کو ہی بند کر دیتے ہیں کہ چلیں نہ ادارہ ہو گا نہ خرابی پیدا ہو گی۔

دوسری بات جو جنرل صاحب نے کہی کہ ٹریڈ یونین کی سب کو اجازت ہے لیکن کچھ compulsory services ہیں اس کے علاوہ میں بالکل مانتا ہوں چونکہ میرا تعلق ٹریڈ یونین سے رہا ہے میں کارکن ہوں، compulsory services میں ٹریڈ یونین کو اجازت نہیں ہونی چاہیے لیکن یہاں compulsory کے لفظ کو اتنا misuse کیا جاتا ہے کہ ریلوے بھی compulsory services میں ہے اس لیے کہ پٹڑی سے گزر کر کچھ اداروں کو یہ services provide کرتے ہیں۔ کل کسی نے کہا کہ دودھ بنانے والی فیکٹری پر بھی لگ جائے گا کیونکہ دودھ ہمارے فوجی پیتے ہیں۔ کہیں جوتے بنانے والی فیکٹری پر بھی لگ جائے گا کیونکہ جوتے ہمارے فوجی پہنتے ہیں۔ ایسی terms کا جو misuse ہوتا ہے ہمیں یہ بھی ختم کرنا چاہیے اور ٹریڈ یونین پر بد قسمتی سے جو غیر اعلانیہ بہت سی پابندیاں ہیں وہ بھی ختم ہونی چاہئیں۔ لوکل حکومت کے ادارے جو بڑے عرصے کے بعد اس ملک میں بحال ہو گئے ہیں ہمیں انہیں بھی سپورٹ کرنا چاہیئے، انہیں آگے بڑھانا چاہیے۔

جناب چیئرمین: شکریہ، نہال ہاشمی صاحب۔

Senator Nehal Hashmi

سینیٹر نہال ہاشمی: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ شکریہ جناب چیئرمین! پاکستان کی آبادی کا نصف حصہ نوجوانوں پر مشتمل ہے اور نوجوانوں کی غالب اکثریت طالب علم ہے۔ ہم اس طرح سے بڑی بھاری اکثریت بلکہ نصف حصے کو اس کے بنیادی حقوق سے محروم کر رہے ہیں۔ جب کہ آئین پاکستان کا آرٹیکل 17 اس بات کی اجازت دے رہا ہوتا ہے کہ آپ اپنی اجتماعی یونین بنائیں۔ بعض دوستوں نے صحیح کہا کہ طالب علم تنظیمیں ہیں، ہر شہر، ہر یونیورسٹی، ہر کالج، ہر ادارے میں مختلف تنظیمیں ہیں وہ سیاسی جماعت کے ساتھ وابستہ ہوں یا آزاد ہوں، تنظیمیں ہیں، ان میں

discipline نہیں ہے۔ ہوتا یہ ہے کہ تنظیموں پر تو ہم نے ban نہیں لگایا لیکن ان کے جو منتخب اراکین ہیں، جو غالب اکثریت ہے، جسے طالب علم ووٹ دیتے ہیں اور وہ منتخب ہو کر آتے ہیں، ان پر ہم نے ban لگا دیا۔ ہم نے ان میں ذمہ داری کا جو احساس تھا اسے ختم کر دیا۔ آپ اور ہم سب طالب علم رہے ہیں، آپ تو NOPS کے چیئرمین ہوا کرتے تھے اور ہمیں یہ شرف حاصل ہے کہ ہم نے آپ کے ساتھ کام کیا ہے۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ اس وقت کے یونین کے الیکشن میں جو سب سے زیادہ ذمہ داری ہوتی تھی، بجٹ بنایا جاتا تھا، پورے سال کے پروگرام کرتے ہیں، ایک پورا functionary ہوتا ہے، ان کے اوپر ذمہ داریاں آتی ہیں کہ وہ سپورٹس گالا کب کریں گے، مذہبی پروگرام کب کریں گے، debate competitions کب کریں گے، کب یونین پاکستان کے ٹور پر لے کر جائے گی، study tour پر لے کر جائے گی۔ بڑا مثبت اور positive activity student union کی ہوتی ہے نامعلوم اس activity سے انہیں کیوں محروم کیا جا رہا ہے۔ ان کو ذمہ دار ہم نہیں بنانا چاہتے، نامعلوم کون سے طاقتور لوگ ہیں کہ 2008 میں اس وقت کے وزیر اعظم جناب یوسف رضا گیلانی صاحب نے اپنی پہلی تقریر میں اس بات کا اعادہ کیا تھا کہ سٹوڈنٹ یونین سے پابندی کو ختم کر دیا جائے گا مگر وہ پابندی ختم نہ ہو سکی۔ مشاہد صاحب نے بھی کہا اور دوسرے دوستوں نے بھی کہا کہ ان ایوانوں تک ہمیں پہنچانے میں جو بہت بڑی struggle رہی ہے وہ سٹوڈنٹ موومنٹ کی ہے۔ Student movement نے پاکستان کے سیاسی لوگوں کو ایک شناخت دی اور اس ایوان میں بیٹھی ہوئی بہت بڑی تعداد ایسے لوگوں کی ہے جو سٹوڈنٹ یونین کی اور student activity کرنے والوں کی ہے جو یہاں تک پہنچے ہیں۔

Polarization کی بات کی جا رہی تھی کہ تشدد ہے، disciplined کیا جائے۔ تشدد کہاں پر نہیں ہے، تشدد ہر شعبہ زندگی میں ہے، اس لیے طالب علموں میں تشدد کا رجحان ہو گیا کہ ان کے پاس کوئی positive activity نہیں ہے۔ جنرل صاحب نے یہ بات ٹھیک کہی کہ جو طالب علم فرسٹ ایئر کلیئر کرے گا، وہی سیکنڈ ائیر میں الیکشن لڑے گا۔ جو اپنے امتحان clear کرتا ہے وہی الیکشن لڑ سکتا ہے دوسرا نہیں لڑ سکتا دوسرا کوئی الیکشن نہیں لڑ سکتا۔ لڑکے بڑی پابندی سے کلاسوں میں بھی جاتے تھے، بڑے disciplined بھی ہوتے تھے کوئی polarization نہیں ہوتی تھی۔ مختلف ethnic تنظیمیں بن گئیں، مختلف sect کی تنظیمیں بن گئیں، نہیں تھیں اور ٹھیک طریقے سے چل رہے تھے۔ یہاں پر بات ہو رہی ہے کہ

political influence کیا گیا کالجوں اور یونیورسٹیوں میں، الزام پھر سیاست دانوں پر، ان پر اور طبقوں نے بھی influence کیا۔ ان کو کوئی نہیں کہتا، یہ خاص آمریت کے دور کی سوچ تھی، اب ہمیں فیصلہ کرنا ہے، جناح کا اصول چلے گا یا جرنیل کا اصول چلے گا۔ بابائے قوم محمد علی جناح نے یہ اصول طے کیا تھا کہ student politics ہونی چاہیے، طالب علموں کی activity ہونی چاہیے۔

(اس مرحلے پر جناب پریذائیڈنگ آفیسر سینیٹر محسن خان لغاری نے کرسی صدارت سنبھالی)

سینیٹر نہال ہاشمی: مگر جرنلز نے یہ فیصلہ کیا کہ student activities نہیں ہونی چاہئیں، کیونکہ جب جب اس ملک میں آمریت آئی، جب جب اس ملک میں مارشل لاء لگا، جب جب اس ملک میں بوٹوں کی آواز سنائی دی تو ہراول دستے کا کام طالب علم کرتے رہے ہیں۔ وہ صرف جمہوریت کے لیے کرتے رہے ہیں، اپنی ذات کے لیے نہیں کرتے رہے، اس آئین کے لیے کرتے رہے ہیں۔ پاکستان کے ان ایوانوں میں ہمیں پہنچانے کے لیے کرتے رہے، ہمیں انہیں یہ حق دینا چاہیے کہ ایک ایسا ہراول دستہ بنائیں، آپ مستقبل کے سیاست دانوں کو کیوں محروم کرنا چاہتے ہیں۔

طالب علم یونین کے ban ہونے کے بعد جب پیراشوٹر لوگ آ گئے، نامعلوم کس، کس زاویے سے، کس کس سمت سے لوگ آ گئے، پاکستان کے تمام شعبہ زندگی میں یونین کے الیکشن ہوتے ہیں خواہ وہ ڈاکٹروں کا، انجنیئرز کا، وکلا کا، صحافیوں کا ہو، ہر شعبہ زندگی میں الیکشن ہوتے ہیں۔ ہر کسی کو یونین سازی کا حق حاصل ہے اگر نہیں ہے تو پاکستان کے ان معماروں کو نہیں ہے جو قائداعظم کے اصولوں کے تحت آگے بڑھنا چاہتے ہیں۔ ہم کون ہوتے ہیں اگر بابائے قوم نے ان طالب علموں کو اجازت دی ہے کہ جناب آپ یونین سازی کریں، اپنے درمیان سے بہتر آدمی کو منتخب کریں، یہ ایک اور احساس ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے درمیان سے اچھے نمائندے چنتے ہیں، اپنے درمیان سے بہترین صلاحیتوں والا چنتے ہیں جو پورے سال کے پروگرام کرتے ہیں، پورے سال میں ان کی راہنمائی کرتے ہیں۔

میں یہ سمجھتا ہوں کہ بروقت یہ موشن آیا ہے، اس پر ہمیں سنجیدگی سے غور کرنا چاہیے۔ پاکستان کے طالب علموں کو یہ پیغام جانا چاہیے کہ ان کا جو fundamental right ہے اسے اس سے جمہوری ادوار میں محروم نہیں رکھا جائے گا۔ آج مارشل لاء کا دور نہیں ہے کہ ایک جرنل صاحب نے کہہ دیا کہ سٹوڈنٹ یونین کو بند کر دیا جائے، آج جمہوری دور ہے، آئین اس

کی اجازت دیتا ہے، جناح کے اصول اس بات کی اجازت دیتے ہیں، ہم اسے ban کرنے والے کون ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ سٹوڈنٹ یونین کو فی الفور بحال کر دینا چاہیے۔ اپنے مستقبل کے معماروں پر بھروسہ کرنا چاہیے۔ ہمیں دیکھنا چاہیے کہ ہماری surrounding میں کیا ہو رہا ہے۔ بھارت میں سٹوڈنٹ یونین کے الیکشن ہوتے ہیں، بنگلہ دیش میں ہوتے ہیں، انگلینڈ میں، بار بار انگلینڈ کی بات کرتے ہیں، آکسفورڈ یونیورسٹی کی باتیں کرتے ہیں، ہم کہتے ہیں ہمارے فلاں فلاں لوگ آکسفورڈ یونیورسٹی کے عہدیدار رہے ہیں۔ جب اپنے ملک کی باری آتی ہے تو ہم بھول جاتے ہیں کہ ہمارے بھی نوجوان ہیں، ان کے بھی کچھ حقوق ہیں، ہمارے بھی طالب علموں کے کچھ حقوق ہیں، میں یہ سمجھتا ہوں کہ اس پر فی الفور فیصلہ ہونا چاہیے انہیں ان کے بنیادی حقوق سے محروم نہیں رہنا چاہیے۔ شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ، احمد حسن صاحب۔

Senator Ahmed Hassan

سینیٹر احمد حسن: شکریہ جناب چیئرمین! یہ بہت اہم مسئلہ ہے اور اس کو آج زیر بحث لانا انتہائی اچھی بات ہے۔ جناب چیئرمین! میرے کم و بیش نکات وہی تھے جو ہمارے پارلیمانی لیڈر جناب سعید غنی صاحب نے explain کئے۔ تھوڑا بہت میں اپنے حوالے سے چند ایک الفاظ کا اضافہ کر کے، اپنی رائے کا اظہار کروں گا کہ میں بھی سٹوڈنٹ یونین کی بحالی کے حق میں ہوں۔

جناب چیئرمین! آپ کے سامنے بہت سے دوستوں نے کہا کہ یونین ہے لیکن غیر قانونی ہے۔ ہر جگہ ہے، ہر کالج میں ہے، ہر یونیورسٹی میں ہے لیکن غیر قانونی ہیں۔ اگر ان کو ہم ایک باقاعدہ قانون کے تحت اجازت نہ دیں تو قانون کی گرفت میں تو سٹوڈنٹ یونین ہوں گی لیکن ان کی غلطیوں کا ہم کوئی ازالہ نہیں کر سکیں گے۔ سب دوستوں نے یہ بات بھی بتائی کہ آج کی اس پارلیمنٹ میں اور مختلف اسمبلیوں میں وہی لوگ اچھا کام کرتے ہیں جو student unions میں سے ہو کر گزرے ہیں یا بلدیاتی اداروں سے ہو کر آئے ہیں۔ جناب والا! میں خود اپنے ہائی سکول کی بزم ادب کا صدر رہا ہوں۔ میں اپنے ڈگری کالج کی یونین کا جنرل سیکرٹری رہا ہوں۔ اسی طرح میں بلدیاتی اداروں میں کونسلر سے لے کر ڈسٹرکٹ ناظم اور آخر میں ناظم بھی رہا ہوں۔ اس لیے مجھے ان کی افادیت کا علم ہے۔ اب اگر مسئلہ یہ ہے کہ انتظامیہ کی کمزوریاں ہیں، ان کی غلطیاں ہیں، وہ اپنی غلطیوں اور کمزوریوں کی نشاندہی کسی سے نہیں کروانا چاہتے تو وہ اس بات کو پسند کرتے ہیں کہ پابندی ہو اور حکومت شاید اس چیز کو سمجھتی نہیں ہے۔

ہمارے ملک میں شاید یہ روایت نہیں ہے کہ ہم ایک natural process کے ذریعے معاملات میں بہتری لائیں۔ ہم معاملات کو حل کرنے کے لیے فوراً کچھ اقدامات اٹھاتے ہیں اور وہ وقتی طور پر موثر یا غیر موثر ہوتے ہیں لیکن جتنا وقت گزرتا چلا جاتا ہے وہ اپنے غلط نتائج دکھاتا ہے۔ لہٰذا جناب والا! میں پوری طرح اس کے حق میں ہوں اور جس طرح جنرل صاحب نے فرمایا کہ قائداعظم مرحوم اسلامیہ کالج میں خطاب کر رہے تھے تو وہ کن سے خطاب کر رہے تھے، وہ کون لوگ تھے جو ان کے سامنے تھے؟ وہ بھی Muslim Students Federation کے لوگ تھے۔ ان کو انہوں نے ٹھیک راہ دکھائی، ان کو انہوں نے صحیح راستہ دکھانے کی کوشش کی، جس طرح بابائے قوم ہمیشہ کرتے رہے تھے۔ لہٰذا میں ان خیالات کے ساتھ اور ان سارے خیالات کے ساتھ جو اس مسئلے کے حق میں بولے گئے ہیں، میں بھی اس تحریک کی پرزور حمایت کرتا ہوں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ۔ سینیٹر سید طاہر حسین مشہدی۔

Senator Col. (R) Syed Tahir Hussain Mashhadi

سینیٹر کرنل (ر) سید طاہر حسین مشہدی: شکریہ جناب چیئرمین۔ سب سے پہلے میں سینیٹر روبینہ خالد صاحبہ کو مبارک باد پیش کرتا ہوں کہ وہ بہت ہی اہم اور بہت ضروری subject لائیں۔ کاش وہ اس کو as a more binding لے آتیں، as a resolution لے آتیں تاکہ جو اتنی اچھی debate ہوئی، اتنی اچھی جو input آئی ہے معزز سینیٹر صاحبان سے، وہ اس معاملے کو منزل مقصود تک پہنچا دیتا۔ بہرحال جب پارلیمینٹ بولتی ہے تو wise governments ہمیشہ سنتی ہیں۔ ورنہ وہ forgotten ہو جاتی ہیں، وہ حکومتیں ہی غائب ہو جاتی ہیں۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ یہ ایک right of Assembly ہے، right of association ہے، it is a Constitutional right and Constitution کہتا ہے کہ آپ یہ کر سکتے ہیں۔ یہ ہر انسان کا ایک basic fundamental human right ہے اور کالج اور یونیورسٹی کے بچے بھی انسان ہیں، ان کے بھی یہی basic fundamental rights ہیں اور ان کے پاس بھی right of association ہے اور اس کو اس طرح curtail کرنا درست نہیں ہے جبکہ وہ exist کرتی بھی ہے۔ کبوتر بن کر آنکھیں بند کر لینا کہ وہ exist نہیں کرتیں، ہر کالج میں، ہر یونیورسٹی میں ہماری unions exist کرتی ہیں۔

یہ unions بہت ہی healthy and civic and political sense والی organizations ہوتی ہیں اور یہ ایک نرسری ہے، جس میں آپ پودا لگاتے ہیں تو وہ آہستہ آہستہ grow کرتا ہے اور وہ نرسری آگے چل کر great civic کام میں اور سیاست میں مدد دیتی ہے کیونکہ وہ ادھر سے ہو کر آتے ہیں۔ میں اس لیے کہوں گا کہ یہ ہماری یوتھ کی سخت ضرورت ہے کہ ایک صحت مند activity میں اس کو مصروف رکھا جائے۔ ہاں ایک چیز ہونی چاہیے کہ اس کو streamline کر دیں اور اس کے لیے ایک code of conduct آجائے تاکہ تمام یونیورسٹیاں اس پر عمل کریں۔ اس کے لیے جب صوبائی حکومتیں اپنے سکولوں میں grants دیتی ہیں تو اس میں یونین کے لیے بھی ہونی چاہیے کیونکہ یہ ایک healthy activity ہے like sports, debate, variety اور ہر قسم کی مہم وغیرہ ۔ یہ یاد رہے کہ جو بھی great movements پاکستان کی تاریخ میں ہیں، ان میں ہمارے students ہمیشہ آگے رہے ہیں چاہے وہ creation of Pakistan ہو۔ اس میں بھی سب سے آگے ہمارے students تھے۔ چاہے وہ removal of Ayub Khan's rule تھا، it was a student's movement mostly. اس وقت چار آنے مہنگائی بھی ہوئی تھی۔ آج کل تو چار لاکھ روپے کی مہنگائی ہوتی ہے تو تب بھی کسی کی نیند نہیں خراب ہوتی۔ اس کے بعد PNA Movement میں یہ students آگے تھے۔ ان کا ہمیشہ سے student کام رہا ہے اور پاکستان میں بڑے اچھے لوگ praiseworthy movement سے سامنے آئے ہیں۔ جیسے میں نے عرض کیا یہ ایک نرسری ہے اور نرسری سے جو بوٹا نکلے گا اور اگر اس کو صحیح طرح nourish کیا جائے، صحیح طرح اگایا جائے تو وہ بہت ہی خوب صورت اور beneficial plant ہوگا۔ اسی طرح انسان ہوتے ہیں، اسی طرح بچے ہوتے ہیں، اسی طرح ہمارے students ہوتے ہیں۔

میں اس سلسلے میں یہ ضرور کہوں گا کہ it is a healthy young life ہے، یہ ان کا right ہے، it is a rightful activity. activity, Constitutionally and legally یہ ان کا حق ہے کہ یہ ہونا چاہیے اور اس میں کوئی شک کی بات ہی نہیں ہے کہ اگر یہ resolution ہوتا تو

it needs for, renewal of Student Unions in the educational institutions in the country, particularly, in

colleges and universities, and a must for future development of Pakistan.

Observation of the Chairman

جناب چیئرمین: شکریہ مشہدی صاحب۔ اس وقت ہم لوگ قائد کو بہت extensively quote کر رہے ہیں اور میرے خیال میں ایسا ہونا بھی چاہیے خاص طور پر سینیٹ میں لیکن ایک اور quote بھی ہے جو میرے خیال میں ہمیں یاد رکھنا چاہیے لیکن شاید وہ کتابوں میں کم ملتا ہے۔ ISPR کی website پر تو شاید مل جاتا ہے لیکن ہماری civilian کتابوں میں کم ملتا ہے۔

and I think we should all 14 اگست 1947 کو قائداعظم نے کہا تھا remember this, since we are quoting so extensively for students:-

> "Do not forget that the armed forces are the servants of the people and you do not make national policy, it is we, the civilians, who decides these issues and it is your duty to carry out these tasks with which you are entrusted."

I think we should remember this quote of the Quaid-e-Azam. Yes, Mir Kabeer sahib.

Senator Mir Kabeer Ahmed Muhammad Shahi

سینیٹر میر کبیر احمد محمد شہی: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ بہت شکریہ، جناب چیئرمین! میں میر حاصل خان بزنجو صاحب اور سینیٹر روبینہ خالد صاحبہ کا معترف ہوں کہ وہ بہت اہم issue کو اس forum پر لائے ہیں۔ ہمیں دیکھنا چاہیے کہ اس کی اچھائیاں اور خامیاں کیا ہیں۔ Student politics کی جب ہم اچھائیوں کو گنتے ہیں تو مجھے ان کی کمزوریوں اور خامیوں سے اچھائیاں زیادہ نظر آتی ہیں۔ میں خود بھی 1988 سے 1994 تک student politics کا حصہ رہا ہوں۔ میں Quetta Zone میں Baloch Student Organization کا President رہا ہوں۔ جناب چیئرمین! مجھے یاد ہے کہ اس دور میں ہر شام کو student politics کا ایک گھنٹے کا study circle ہوتا تھا۔ ان study circles میں کسی senior کو بلایا جاتا تھا تو وہ politics کے حوالے سے lecture دیتا تھا۔ مجھے یہ بھی یاد ہے کہ جو student اس ایک گھنٹے کے lecture میں نہیں آتا تھا تو اس کو

سزا دی جاتی تھی اور اس کو letterدیا جاتا تھا۔ اس کے academic recordکو examکے بعد باقاعدہ discussکیا جاتا تھا کہ یہ کمزور ہے تو ایسا کیوں ہے۔ Studentsکے admissionکے حوالے سے ہمارے ہاں stallsلگائے جاتے تھے جہاں پر نئے آنے والے studentsکی راہنمائی کی جاتی تھی اور کوشش کی جاتی تھی کہ زیادہ سے زیادہ admissionsہوں۔ جب نئے studentsآتے تھے، جو ان کو مشکلات درپیش ہوتی تھیں ان کو حل کرنے کے لیے student organizationsکا اس وقت ایک بہت بڑا کردار تھا۔ Study toursکے حوالے سے study toursکو ترتیب دینا اور college and universityکے معاملات میں اگر کوئی مسئلہ ہوتا تو اس کو حل کرنا، studentsکے آپس کے جھگڑوں کو حل کرنا تھا۔ یہ اس کی اچھائیاں ہیں اور سب سے بڑی بات کہ ہمیں politicallyایک نرسری مل جایا کرتی تھی۔

آج پاکستان کے ایوانوں میں اکثر و بیشتر وہی لوگ بیٹھے ہیں جو student politicsکے اس processسے گزر کر یہاں تک پہنچے ہیں۔ گزشتہ دس بارہ سالوں سے یہ سلسلہ رک گیا ہے۔ جب یہ لاٹ ختم ہو گی اور نرسری سے فارغ شدہ یہ لوگ جب چلے جائیں گے تو یہاں پر بہت بڑا سیاسی خلاء پیدا ہو جائے گا۔ آپ کے ایوانوں میں politicalلوگ نہیں ہوں گے۔ یقیناً یہ ایک لمحہ فکریہ ہے۔ اگر اس کی خامیوں کو دیکھا جائے تو خامیاں کیا ہیں کہ کسی کا ہوسٹل میں جھگڑا یا اسلحہ برداری کے حوالے سے یا کوئی ایسے تنگ نظر leadersجو اپنی سیاست کی خاطر ان کو استعمال کرتے ہیں۔ ان کی خامیاں اور کمزوریاں کم اور اس کی افادیت بہت زیادہ ہے۔ اس کی افادیت کو دیکھتے ہوئے ہر صورت میں ان unionsکو فی الفور بحال کیا جائے۔

میں ایک چھوٹی سی مثال دیتا ہوں کہ 1997 میں تربت میں ایک کمشنر حفیظ الرحمٰن صاحب تھے اب میں نہیں جانتا کہ آج کل وہ کہاں ہیں۔ میں جب ان سے ملنے گیا تو ان کے پاس دو Brigadiers meetingکر رہے تھے۔ Meetingمیں ان کا agendaیہ تھا کہ تربت میں narcoticsکے حوالے سے لوگوں میں شعور اجاگر کیا جائے، تو کس طرح کریں۔ Brigadier sahibان Commissioner sahibکو بتا رہے تھے کہ ہم چاہتے ہیں کہ تربت میں ایک seminarمنعقد کریں، یہاں کے لوگوں کو بلائیں اور ان کو narcoticsکے حوالے سے awarenessدیں کہ ہم لوگوں کو کس طرح narcoticsسے دور رکھ سکتے ہیں۔ Brigadier sahibچاہتے تھے کہ یہیں کے لوگ

اپنی زبان میں آکر ان کو بتائیں کہ narcotics کے کیا نقصانات ہیں۔ اس کے لیے ہمیں اچھے speakers چاہییں تو مجھے حفیظ الرحمٰن صاحب کے الفاظ آج بھی یاد ہیں، وہ آج بھی کسی post پر ہوں گے یا retire ہو گئے ہیں میں نہیں جانتا ، انہوں نے کہا Brigadier sahib آپ پاکستان کے اس شہر میں بیٹھے ہوئے ہیں کہ اپنا پنڈال سجادیں، لوگوں کو بٹھادیں اور اپنی jeep میں کسی بھی ہوٹل سے چار لڑکوں کو اٹھا کر stage پر لے آئیں اور stage پر اس کے کان میں کہیں کہ narcotics کے خلاف بولنا ہے تو ہر لڑکا چار چار گھنٹے بات کرے گا۔ وہ کیا تھا، وہ Baloch Student Organization کی تربیت تھی، ان کا ایک طریقہ کار تھا، ان کی student gathering تھی، وہ ان کے study circles تھے۔ جناب چیئرمین! ان کی اچھائیوں کو دیکھتے ہوئے، پاکستان کے سیاسی مستقبل کو دیکھتے ہوئے ان کو فی الفور بحال کیا جائے۔ بہت شکریہ۔

جناب چیئرمین: شبلی فراز صاحب۔

Senator Syed Shibli Faraz

سینیٹر سید شبلی فراز: شکریہ، جناب چیئرمین! سینیٹر روبینہ خالد صاحبہ نے بہت ہی اہم issue اٹھایا ہے کیونکہ یہ ایک ایسا issue ہے کہ جس کا تعلق صرف آج سے نہیں بلکہ future سے بھی ہے اور ہماری younger generation سے ہے، ہماری future کی political leadership سے ہے، ہماری future کی جو democracy ہے اس سے اس کا تعلق بنتا ہے گو کہ میری کیفیت اس والد کی سی ہے جو اپنے زمانے میں تو سب کچھ کرتا ہے لیکن اگر وہی کام اس کے بچے کریں تو وہ ان کو ڈانٹتا اور مارتا بھی ہے۔ میں خود student leader تھا۔ میں ایک بہت ہی پر اشوب دور میں student union کا president elect ہوا تھا۔ ہمارے elections میں firing ہوئی، kidnappings ہوئیں اور بہت کچھ ہوا۔ یہ ایک بہت ہی eventful قسم کا process تھا جو کہ اس زمانے کے طور طریقوں کے مطابق تھا۔

جب student union کی بات ذہن میں آتی ہے تو as father یا بطور بڑا آدمی یہی سوچتا ہے اور argument یہی جاتا ہے کہ اگر وہ سیاست میں حصہ لیں گے تو پڑھائی نہیں کریں گے تو یہ argument اتنا powerful نہیں ہے کیونکہ جو ہماری بنیادی leadership training ہوتی ہے، politics کی، چیزوں کو manage کرنے کی تو اس کے لیے بہت ضروری ہے کہ ہم اس institution کو restore کریں۔ جس طرح

سینیٹر سعید غنی صاحب نے کہا کہ یہ already exist کرتی ہیں officially نہیں لیکن unofficially ساری political parties کے students wings اپنے طور پر کام کر رہے ہیں۔ اس لیے بہتر یہی ہو گا کہ ان کو restore کیا جائے۔ جب بہت بڑا gap آ جاتا ہے تو آپ کو acclimatization کے لیے بھی ایک time period چاہیے تو اس کے لیے conditional طور پر ان پر کچھ restrictions رکھتے ہوئے ان کو restore کرنا چاہیے کیونکہ ایک بہت اہم training ground ہے جس میں students unions اپنا اہم کردار ادا کر سکتی ہیں۔ بہت شکریہ۔

جناب چیئرمین: مشاہد اللہ صاحب۔

Senator Mushahid Ullah Khan

سینیٹر مشاہد اللہ خان: اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم، بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ بہت شکریہ، جناب چیئرمین! اس میں کوئی شک نہیں کہ سینیٹر روبینہ خالد صاحبہ نے یہ اہم motion پیش کیا ہے۔ میں اس پر ایک اور angle سے روشنی ڈالنا چاہتا ہوں۔ اصل بات یہ ہے کہ جب ہم نے ہوش سنبھالا تو اس وقت طلباء تنظیمیں بڑی strong ہوا کرتی تھیں۔ کچھ ماضی کے بھی قصے سنے، خاص طور پر ایوب خان کے دور میں sixties میں right and left دونوں unions بڑی پنپی تھیں۔ اس زمانے میں بڑے بڑے لیڈر پیدا ہوئے۔ انہوں نے بڑی تکلیفیں اٹھائیں، شاہی قلعے میں بند ہوئے، ان کو برف پر لٹایا گیا اس طرح کی اور بہت سی باتیں ہیں جو میں یہاں پر بیان کر سکتا ہوں۔ ایوب خان کے خلاف جو مہم شروع ہوئی جو کہ ایک آمر تھا اس کی total sponsorship جو student تحریک کے ہاتھ میں تھی، گارڈن کالج سے شروع ہوئی تھی۔ وجہ کوئی خاص نہیں تھی۔ وجہ یہ تھی اور یہ historical بات ہے اس لیے میں بتا رہا ہوں کہ گارڈن کالج کے students کی بسیں اس زمانے میں باڑہ، لنڈی کوتل جایا کرتی تھیں۔ اس وقت وہاں سے ایک lady Milton اور مردانا کیٹی کپڑا ملتا تھا تو وہ وہاں سے اپنی ماؤں بہنوں کے لیے lady Milton اور اپنے والد یا بھائی کے لیے کیٹی کے شلوار قمیص کے سوٹ لایا کرتے تھے اور کچھ منچلے pen pistol لایا کرتے تھے جو کہ اس زمانے میں بیس، پچیس روپے میں مل جایا کرتا تھا۔ یہاں اٹک پر Customs کی check post ہوتی تھی، وہاں پر وہ students کی تلاشی نہیں لیا کرتے تھے لیکن اس دن students کی بھی تلاشی لے لی اور ان کے ساتھ برا سلوک کیا، قصہ مختصر یہ کہ یہاں پر بڑا زبردست احتجاج شروع ہو گیا۔ ان دنوں ذوالفقار علی بھٹو صاحب بھی اپنی campaign کرنے کے لیے نکلے ہوئے تھے۔ میں

historical بات کر رہا ہوں کہ انہوں نے پشاور سے کراچی تک ایک train march announce کیا۔ وہ اس دن پشاور میں تھے اور اسی دن یہاں پر Poly Technic College کا حمید نام کا لڑکا جو کمیٹی چوک میں رہتا تھا، بعد میں اس کا نام شہید چوک رکھا گیا، اس کو گولی لگ گئی، یہاں action committee بن گئی تھی، یہاں تین student leaders شیخ رشید صاحب، پرویز الطاف اور جہانگیر مغل تھے۔ جہانگیر مغل Establishment سے مل گئے تھے، پرویز الطاف اور شیخ عبدالرشید جو اب بھی وکیل ہیں، ان کا تعلق پیپلز پارٹی کے ساتھ تھا، وہ شیخ تھے، موجودہ جو ہیں، یہ اس وقت شیخ نہیں تھے۔ میں نے ان کے بیانات رشید احمد بٹ کے نام سے پڑھے ہوئے ہیں۔ انہوں نے اس شیخ عبدالرشید کو undermine کرنے کے لیے یہ چکر چلایا کیونکہ سب سے بڑا student leader وہی تھا اور وہ Government Degree College کا President تھا جب کہ یہ Poly Technic College میں پڑھتے تھے۔ وہاں ایک کامریڈ حسام الحق ہوتا تھا، اب بھی ہے، وہ Communist Party میں بھی تھا، بڑی لمبی چوڑی اور دلچسپ کہانی ہے۔

قصہ مختصر یہ کہ بھٹو صاحب جب پشاور ریلوے سٹیشن پر گئے تو وہاں زیادہ لوگ اکٹھے نہیں ہوئے تھے، انہیں اطلاع ملی کہ یہاں پر لڑکا مر گیا ہے تو وہ by air اسلام آباد آ گئے اور Flashman میں ٹھہر گئے۔ یہاں سے انہوں نے اس پر تھوڑا بہت کیا لیکن یہ بات کراچی تک پھیل گئی تھی، نتیجتاً ایوب خان کے خلاف مہم کامیاب ہو گئی۔ یہ اصل نکتہ ہے، میں نے کئی لوگوں کی تقریر سنی کہ اس لیے کہ وہاں اسلحہ اور فلاں ہوتا تھا، یہ فضول باتیں ہیں۔ میں اس کو اس طرح دیکھتا ہوں کہ اس وقت کی Establishment نے جب دیکھا کہ students نے ایک آمر مطلق کا تختہ پلٹ دیا ہے تو ان کا علاج کرنا چاہیے۔ کوئی الزام تو لگانا تھا، جو اصل بات ہے وہ تو نہیں کہی جا سکتی تھی۔ انہوں نے کہا کہ اسلحہ ہوتا ہے، یہ ہوتا ہے، فلاں ہوتا ہے۔ یہ پھر بھٹو صاحب کے دور میں چلتی رہی اور ضیاالحق کے دور میں اس پر پابندی لگ گئی۔ اس کے بعد بہت سی حکومتیں آئیں اور گئیں، یہ لمبی کہانی ہے کہ کس نے کیا کیا، کس نے کیا نہیں کیا۔ قصہ مختصر یہ ہے کہ ان پر اب تک پابندی ہے اور میرے نزدیک پابندی اسی لیے ہے کہ یہ Establishment کے لیے بہت بڑی threat ہوتی ہیں۔ جہاں تک اسلحہ کی بات ہے، اسلحہ تو آج بھی ہے، آج یونیورسٹیوں میں زیادہ اسلحہ ہے۔

میں یہ بتانا چاہتا ہوں کہ جب Unions ہوا کرتی تھیں، اس وقت جرائم پیشہ افراد اور منشیات فروش کسی کالج اور یونیورسٹی کے اندر ڈیرہ نہیں لگا سکتے تھے، آج لگاتے ہیں۔ بڑے بڑے جرائم پیشہ لوگ universities سے پکڑے گئے ہیں اور وہاں پر ان کے اڈے تھے۔ لوگ analysis نہیں کرتے، صرف ایک بات پکڑی ہوئی ہے کہ اسلحہ ہوتا تھا اور لڑائیاں ہوتی تھیں۔ جہاں انسان رہیں گے، وہاں لڑائی تو ہو گی۔ آپ مجھے بتائیں کہ جب student unions پر پابندی لگی تھی، اس وقت اس ملک میں اسلحہ زیادہ تھا یا آج ہے؟ آج تو ہر گھر میں اسلحہ ہے، اس وقت کہیں تھوڑا بہت ہوتا تھا۔

یہ ایک رخ ہے، دوسرا رخ یہ ہے کہ آج کون لوگ سیاست کر رہے ہیں اور اگر unions پر پابندی نہ لگتی تو کون لوگ سیاست کر رہے ہوتے، اس کا بھی تو اندازہ لگائیں۔ آج corruption کی بڑی وجہ کیا ہے کہ student unions نہیں ہیں۔ میں اس کا link بتاتا ہوں کہ ایک teen age کا بچہ جب کسی کالج یا یونیورسٹی کا leader بنتا ہے تو اس وقت اس کے ذہن میں corruption کی بات نہیں ہوتی۔ اس وقت وہ ایک leader ہوتا ہے، اس کے اخراجات اتنے نہیں ہوتے، وہ dependent ہوتا ہے، وہ سوچتا بھی نہیں بلکہ ideological ہو جاتا ہے، کوئی بھی ہو right, left یا کچھ بھی ہو، وہ کبھی نہیں سوچتا۔ میں نے اور آپ نے ایسے بہت سے دیکھے ہیں، آپ خود بھی student leader رہے کہ ہماری لیڈری قائم رہنی چاہیے اور وہ کیسے قائم رہے گی کہ آپ غلط کاموں میں involve نہیں ہوں گے، کوئی بے ایمانی نہیں کریں گے اور اگر کوئی بے ایمانی کرے گا، اس زمانے میں elections میں ہوتا کیا تھا کہ فلاں نے یہ کیا، کوئی چھوٹی سی بات جو کہ corruption میں بھی نہیں آتی تھی یعنی کہ اتنا deterrent تھا کہ آج ہمارے اندر جو مختلف معاشرتی برائیاں موجود ہیں اور جس کی بنا پر ہمیں مطعون کیا جاتا ہے، وہ اس وقت ختم ہو جایا کرتی تھیں۔ آج بھی آپ کو بہت سے ایسے لوگ ملیں گے جو اس وقت اگر leader تھے تو آج بھی وہ الحمد للہ بہت سے کبائر سے پاک ہیں لیکن ہم نے اس کو ختم کر دیا اور اس کے بعد اسلحہ کی بھرمار بھی کر دی۔

جناب چیئرمین: اسلحہ کی بات، آپ کو یاد ہو گا کہ یونیورسٹی یا کالج میں جس دن چاقو یا گراری والا چاقو نکل آتا تھا، اگلے دن اس جماعت کے خلاف اتنی pamphleting ہوتی تھی کہ ان کا کھڑا ہونا مشکل ہو جاتا تھا۔

سینیٹر مشاہد اللہ خان: بالکل ٹھیک ہے۔ اسے گراری والا، سات کمانیوں والا کہتے تھے یا ایک بٹن سے دب کر کھڑچ سے باہر نکلتا تھا۔ کسی کسی کے پاس pistol ہوتا تھا اور الحمد للہ وہ کبھی بھی وقت پر نہیں چلتا تھا۔ کیا ہوا؟ گولی پھنس گئی ہے۔ یہ اسلحہ تھا لیکن کالج میں debating societies کس کی وجہ سے تھیں؟ Student unions کی وجہ سے تھیں۔ Colleges میں نعتیہ اور دوسرے مشاعرے ہوتے تھے۔ Colleges میں debating societies ایک دوسرے سے مقابلے کرتی تھیں، تقریری مباحثے ہوتے تھے، یہ سارے کام student unions کرتی تھیں جو اب نہیں ہوتے۔ جس کا نتیجہ یہ نکلا کہ اب property dealer ہی سیاست کرے گا، سیاست اس کے ہاتھ میں چلی گئی ہے اور اب جس کی دم پر پیر رکھو، اس کا زمینوں کا کاروبار ہے، Farm House ہے، یہ کر لیا، وہ کر لیا اور کوئی سوچتا ہی نہیں۔

جناب چیئرمین! Ideological politics teen age میں شروع ہوتی ہے، یہ صرف طلبہ کی بات نہیں اور سعید غنی صاحب نے ٹھیک بات کی ہے کہ غیر اعلانیہ پابندی ہے۔ اگر public sector میں unions ہیں تو private sector میں یہ almost ختم ہو چکی ہیں، ان کو بری طرح سے curb کر دیا گیا ہے۔ یہ fundamental rights کے خلاف ہے، یہ بنیادی حقوق اور ہمارے آئین کے خلاف ہے۔ ہم آئین کی باتیں بہت کرتے ہیں لیکن آئین کی بنیاد اور میرے حساب سے یہ آئین کی بنیادیں ہیں، یہ fundamental rights, civil rights or human rights کی minor details نہیں ہیں۔ ہم سب ان کی خلاف ورزی کرتے ہیں، لوگوں کو deprive کرتے ہیں کہ اپنی بات نہ کر سکیں۔ اگر کوئی Karachi, Peshawar, Lahore or Punjab University کا student leader ہوتا تھا، اس سے بات کرنے میں اس زمانے میں بھی مزا آتا تھا۔ ان کی تقریریں سنتے تھے، مجھے یاد ہے کہ 70s میں سیاسی leaders کی تقریریں کم اور طالبعلم leaders کی زیادہ سنی جاتی تھیں۔ اسی طرح سے trade unions نے بڑے بڑے لوگ اور بڑی بڑی leadership پیدا کی۔ ہم civil society, civil society کرتے رہتے ہیں، ایسے ہی بال رنگ کر کے آ کر کھڑے ہو جاتے ہیں شمعیں جلانی شروع کر دیتے ہیں، سارا fraud مچایا ہوا ہے، اصل civil society کیا ہے؟ Student Unions, Trade Union Leaders ان کے کارکن اور یہ Bar Councils اگر

آپ ان تینوں کو اکٹھا کریں تو civil society بنتی ہے۔ Bar ایک حد تک چل رہی ہے لیکن trade union and student union کو ہم نے تقریباً دبا دیا ہے جس کے نتیجے میں ہماری civil society برائے نام رہ گئی ہے۔ آپ نے بڑے مزے کی ایک بات کی جس پر لوگوں نے desks بجائے۔ آپ کو یہ بات کرنے کی ضرورت ہی نہ پڑتی اگر اس ملک میں civil society genuinely پنپنے دی جاتی، ان کو بات کرنے دی جاتی۔ پڑھے لکھے آدمی کو معلوم ہوتا ہے کہ میرا right کیا ہے، جاہل آدمی کو پتا نہیں ہوتا، شوکت عزیز کو تو پہلے پانچ سال سکھائیں گے تب بھی الحمد للہ اسے پتا نہیں لگے گا اور وہ اپنا کام دکھا کر بھاگ جائے گا۔ یہ لوگ جو teen age سے سیاست کرتے ہیں، یہ نہیں بھاگتے کیونکہ انہیں پتا ہے کہ ہم نے ساری زندگی یہاں گزاری ہے، ہمیں، ہمارے گھر والوں اور ہماری جماعت کو جواب دینا پڑے گا، ہمارا ایک carrier ہے۔ لوگ اچانک اٹھ کر آ جاتے ہیں، ان سے سیاست کرائی جاتی ہے۔

میری بات لمبی ہو گئی ہے، مجھے یاد ہے کہ جب ایوب خان کے خلاف مہم چلی تھی، اس زمانے میں طلبہ میں شاعری ہوا کرتی تھی، حبیب جالب شاعری کر رہا ہے، فاطمہ جناح آ گئی ہیں، بڑے بڑے leaders ان کی support کر رہے ہیں۔ جب شملہ معاہدہ ہوا، ذوالفقار علی بھٹو صاحب نے شملہ جانا تھا تو انہوں نے مری میں ڈیرہ لگایا اور تمام segments of the society کو بلایا لیکن سب سے زیادہ اہمیت اس وقت کے student leaders کو بلا تخصیص دی گئی، جو ان کے مخالفین تھے، انہیں بھی بلایا گیا، یہ اہمیت تھی، ایک سول سوسائٹی کے اندر مرکزی کردار ادا کرنے والا، ایک گروہ اتنا بڑا جو پڑھا لکھا بھی ہے، جو مسائل کو بھی سمجھتا ہے، جو کرپشن کے قریب بھی نہیں ہیں، آپ نے اس کو ختم کر دیا۔ آپ اس کو بحال کرنے کو تیار نہیں۔ جس کے لیے حبیب جالب نے کہ: بچوں پہ چلی گولی، ماں دیکھ کے یوں بولی۔

محترمہ فاطمہ جناح صاحبہ کے پاس لوگ گئے کہ آپ سیاست میں آ جائیں تو انہوں نے کہا کہ میں نہیں آتی۔ بہر حال جب یہاں بچوں پر گولی چلی تو پھر فاطمہ جناح نے کہا کہ نہیں اب مجھ سے برداشت نہیں ہو رہا تو پھر وہ سیاست میں آئیں تو اس وقت حبیب جالب نے یہ غزل کہی، میں چند اشعار ہی پڑھوں گا کہ

بچوں پہ چلی گولی، ماں دیکھ کے یوں بولی
یہ دل کے میرے ٹکڑے یوں روئیں میرے ہوتے
میں دور کھڑی دیکھوں یہ مجھ سے نہیں ہو گا

اک برق سی لہرائی، بندوق بھی تھرائی
اتنے میں صدا آئی، میں آتی ہوں، میں آئی
بچوں پہ چلی گولی، ماں دیکھ کے یہ بولی
(ڈیسک بجائے گئے)

جناب چیئرمین: واہ جی واہ۔ جی خوش بخت شجاعت صاحبہ۔

Senator Khushbakht Shujat

سینیٹر خوش بخت شجاعت: شکریہ جناب چیئرمین! میں سینیٹر روبینہ خالد صاحبہ کو مبارکباد دوں گی کہ انہوں نے ایک ایسا motion پیش کیا ہے کہ چشم زدن میں اس ایوان میں بیٹھے ہوئے بیشتر لوگوں کو اپنے ایام جوانی بھی یاد آئے اور زمانہ طالبعلمی بھی یاد آگیا۔ بہت خوبصورت ہوتا ہے جب اپنی یاد ماضی کو عذاب کی طرح نہیں بلکہ بہت ہی محبت کے ساتھ یاد کیا جائے۔ اس ایوان میں بیٹھے ہوئے بیشتر افراد مجھ سمیت ایسے ہیں جنہوں نے یونیورسٹی اور کالج کی اس نرسری سے فیض اٹھایا اور ان پلیٹ فارم سے قدم رکھتے ہوئے آگے بڑھے تو اعتماد زیادہ محسوس ہوا۔

سینیٹر مشاہداللہ صاحب نے بہت خوبصورت باتیں کیں اور آپ نے بھی ایک quote پڑھا اور یہاں ہر طرف سے جو بات ہوئی اس میں جو positive بات تھی، جو مثبت بات اس رائے پر دی گئی وہ یہ کہ اس سے اظہار رائے کی آزادی اور خیالات کی آزادی پر حرف آرہا ہے کہ Unions کو بند کر دیا گیا۔ یہ سن کر بہت خوشی ہوئی کہ ہماری جمہوری حکومتوں میں بھی لوگ اس بات کا تقاضا کر رہے ہیں۔ یہاں پر بار بار ایک فوجی آمر کی بات ہو رہی ہے کہ اس نے زبان بندی کر دی، مہریں لگا دیں، Unions کو بند کر دیا۔ میرا سوال یہ ہے کہ اس فوجی آمر کے بعد کتنی جمہوری حکومتیں آئیں اور یہاں یہ بھی بات کی گئی کہ گزشتہ پانچ سالہ دور حکومت تھا جو جمہوری کہلاتا ہے اور اس میں وزیراعظم یوسف رضا گیلانی صاحب حلف لینے کے بعد پہلی تقریر کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں کہ Unions پر سے پابندی ہٹا دی جائے گی۔ پوچھا جائے کہ آخر ایسی کیا بات تھی کہ ایک فوجی آمر نے تو پابندی لگائی تھی لیکن جمہوری حکومتیں آج بھی اس پر debate کر رہی ہیں۔ آخر ایسی کیا مصلحت ہے، ایسی کیا رکاوٹ ہے کہ ایک فوجی آمر نے بیک جنبش قلم ایک چیز کو پابند کر دیا لیکن جب جمہوری حکومتیں آتی ہیں تو پھر وہ کیوں سول آمر بن جاتی ہیں؟ کیوں Civil Dictatorship ہو جاتی ہے؟ کیوں اظہار رائے پر پابندی ہو جاتی ہے۔ آج اگر ہم اپنے آس پاس دیکھیں تو میں سمجھتی ہوں کہ صرف students پر ہی پابندی نہیں، کہنے کو تو ہم جمہوری

حکومت میں ہیں، students پر ہی نہیں، کارکنوں پر ہی نہیں، لیڈروں پر بھی زباں بندی عائد کی گئی ہے۔

یہ دستورِ زباں بندی ہے کیسا تیری محفل میں
یہاں تو بات کرنے کو ترستی ہے زباں میری

اور جو علامہ اقبال کہہ گئے کہ

اڑالی طوطیوں نے، قمریوں نے، عندلیبوں نے
چمن والوں نے مل کر لوٹ لی طرزِ فغاں میری

آج تو لیڈر پر بھی زباں بندی ہے اور ابھی جو مشاہد اللہ صاحب نے ایک student leader کی خصوصیات بیان کیں تو مجھے یاد آیا کہ میری پارٹی کا لیڈر، جس نے زمانہ طالب علمی سے ایک تحریک کو اٹھا کر کھڑا کر دیا، اس کے اندر وہ تمام تر خصوصیات موجود تھیں اور ہیں لیکن آج میں خود schools run کرتی ہوں اور مجھے پتا ہے کہ کیونکہ کسی قسم کی کوئی Unions نہیں ہیں Extra-Curricular activities پر اتنی توجہ نہیں ہے جیسا کہ ابھی کہا جا رہا تھا کہ Debates ہوتی تھیں اور مشاعرے ہوتے تھے اور ذہن تیار کیا جاتا تھا۔ سکولوں، کالجوں اور یونیورسٹیوں میں ذہن سازی ہوتی تھی، تربیت سازی ہوتی تھی۔

Mr. Chairman: No crossing the line please.

سینیٹر خوش بخت شجاعت: Character Building ہوتی تھی۔ چیئرمین صاحب! ان بچوں کو آئندہ آنے والے چیلنجوں کا مقابلہ کرنے کے لیے تیار کیا جاتا تھا لیکن آج کچھ ماحول ایسا بنا دیا گیا کہ نہ صرف یہ کہ students کے ذہنوں کی تیاری ختم ہو گئی۔ میں معذرت کے ساتھ کہوں گی کہ والدین نے بھی صرف A Grade, B Grade اور C Grade کو دیکھنا شروع کر دیا۔ والدین یہ نہیں دیکھتے کہ میرا بچہ اخلاقیات میں کیسا ہے، میرا بچہ آ کر کہیں public speaking کر سکتا ہے یا میرے بچے کی دیگر خصوصیات کیا ہیں۔ ہو سکتا ہے کوئی بچہ A-Plus نہیں لا سکتا B-Plus نہیں لا سکتا، بہت اچھا مقرر بن سکتا ہے، بہت اچھا مصنف بن سکتا ہے، قلمکار بن سکتا ہے۔ آج اگر آپ اپنے آس پاس نگاہ ڈالیں تو ہمارے ہاں جو بڑے بڑے جید قلمکار، فنکار اور بہت بڑے بڑے سیاستدان ہیں وہ سب Students Unions کی نرسری سے نکلے ہوئے لوگ ہیں لیکن ہم جب تنقید کرتے ہیں تو ایک طبقے کی تنقید کرتے ہیں لیکن اپنے گریبان میں جھانک کر نہیں دیکھتے۔ میں یہاں پھر وہ سوال دوبارہ لے کر آؤں گی کہ آخر کیا وجہ ہے کہ جمہوری حکومتوں نے اس نرسری کو کھولا نہیں جب فوجی آمر نے اسے بند کیا۔

ہم ہمیشہ یہ کہتے ہیں کہ سول حکومت زیادہ بہتر طریقے سے کام کرتی ہے لیکن جب اس قسم کی پابندیاں عائد ہوتی ہیں اور جمہوری حکومت میں جب آمروں کی حکومت سے بھی بڑھ کر پابندی عائد کر دی جاتی ہے تو اسے آپ کیا نام دیں گے۔یہاں پر میں ایک اور بات بتادوں کہ جو آج کل سکولوں، کالجوں اور یونیورسٹیوں کا ماحول ہے، میں سب کی بات نہیں کرتی لیکن بیشتر میں جس قسم کی منشیات استعمال کی جارہی ہیں، جس قسم کے پروگرامز کیے جارہے ہیں وہاں O-Levels, A Levels اور میٹرک کے Students کے درمیان ،میں نے دو تین مہینے پہلے ایک Calling Attention Notice ڈالا تھا شاید وہ نہیں آسکا لیکن وہ اتفاق سے اس وقت میرے پرس میں پڑا تھا اور نکل آیا ہے کہ LGS اسلام آباد کے O-Levels نے 2015 کی جو Students کی تقریب ہوئی تھی وہ بالی ووڈ نائٹ تھی۔اب بچے کس طرف جارہے ہیں theme ہی بالی ووڈ نائٹ کی تھی تو نہ Unions کو کھولا جارہا ہے اور نہ ان میں صحت مند قسم کی activities کو پروان چڑھایا جارہا ہے اور ہم صرف یہ رونا رو رہے ہیں کہ ایک فوجی آمر نے فوراً سب کی زباں بندی کا حکم جاری کر دیا۔

جناب چیئرمین: آپ کو یاد ہے، آپ اور ہم ہفتہ طلباء میں ہوتے تھے۔

سینیٹر خوش بخت شجاعت: جی بالکل ہوتے تھے اور میرے لیے یہ honour کی بات تھی اور جب آپ نے مجھے قومی اسمبلی میں بھی یہ بات یاد دلائی تھی اور آج میں آپ کی سربراہی میں یہاں ہوں۔مجھے بہت فخر محسوس ہوتا ہے اپنے استادوں پر، اپنے والدین پر، اپنے Institutions پر جنہوں نے یہ موقع فراہم کیا کہ آج میں یہاں کھڑی ہوئی ہوں۔اچانک one fine morning کوئی بھی لیڈر نہیں بن جاتا، کوئی بھی ورکر نہیں بن جاتا۔ ایک وقت گزارا ہوتا ہے لیکن میں معذرت کے ساتھ کہوں گی کہ آج students کو shortcut کی طرف لے جایا جارہا ہے۔صرف وہ Students اپنا رزلٹ لے کر آجاتے ہیں، کسی ملٹی نیشنل فرم میں کام کرنے کے لیے ان کو ڈگری چاہیے ہوتی ہے اور وہاں بھی وہ بے روزگاری کا رونا رو رہے ہوتے ہیں لیکن ان کے اندر جو ہنر ہے یا ان کے اندر کوئی صلاحیت ہے اس کی نہ grooming کی جاتی ہے اور نہ اس کو آگے بڑھایا جاتا ہے۔کہا جاتا ہے کہ

کسب کمال کن کہ عزیز جہاں شوید

تو ہر انسان میں اللہ تعالیٰ نے کوئی صلاحیتیں دی ہیں۔اب تو بڑی بڑی کمپنیاں، بڑے بڑے پیسے دے کر لیڈر شپ کی ٹریننگ دیا کرتی ہیں لیکن اگر سکول، کالج، یونیورسٹی سے یہ لیڈر شپ آگے آتی

ہے تو لوگوں میں زیادہ اعتماد آتا ہے۔ میں سمجھتی ہوں کہ یہ بھی ایک جمہوری حکومت ہے، کہا جاتا ہے تو کیوں نہ اس کے اوپر بات ڈالی جائے اور کیوں نہ اس وقت کے وزیر اعظم ان یونینوں کو بحال کریں، سہرا اپنے سر لے لیں تو یقیناً ہمیں بہت خوشی ہو گی اور میرا خیال ہے کہ پورا ایوان اس کی تائید کرے گا۔ Thank you very much.

جناب چیئرمین: شکریہ۔ آپ کا جو سویلین سوال تھا تو یہ میری اپنی رائے ہے کہ سویلین حکومتیں prisoners ہوتی ہیں۔ جی جمالدینی صاحب۔

Senator Dr. Jehanzeb Jamaldini

سینیٹر ڈاکٹر جہانزیب جمالدینی: جناب چیئرمین! آپ کا شکریہ۔ جناب! پہلی بات یہ ہے کہ ہمارے آئین کے مطابق ہر ایک شہری کے basic rights ہیں، unions پر پابندی اس کی نفی کرتی ہے۔ ہمارے articles-16, 17 , 19 and دوسرے بھی ہیں کہ ہر ایک شہری کے rights ہونے چاہئیں کہ وہ union سازی کرے، expression of speech ہو، اور وہ democratic process وغیرہ میں بھی حصہ لے سکیں۔ جناب! جب طالب علموں کی unions بنتی ہیں، میں خود ایک طالب علم لیڈر رہا ہوں اور تقریباً آٹھ، دس مرتبہ جیل بھی دیکھ چکا ہوں اور مختلف جیلوں کے چکر لگا چکا ہوں۔

جناب! میں سمجھتا ہوں کہ وہاں پر جو ذہن سازی ہوتی ہے، چیزیں discuss ہوتی ہیں اور competitions within students ہوتے ہیں۔ ایک طالب علم کو کچھ معلومات ہوتی ہیں، he becomes more inquisitive to do more and more وہ کتابوں کا سہارا لیتا ہے، تقریری مقابلوں میں حصہ لیتا ہے، دورے کیا کرتا ہے اپنے جغرافیا کے بارے میں خصوصاً پاکستان کے مختلف کونوں میں as a student leader and good student activist ان کا آنا جانا رہتا ہے۔ یہ اس طرح کی چیزیں ہوتی ہیں جو آپ کے ذہن اور فکر کو تبدیل کر دیتی ہیں۔۔۔

Mr. Chairman: I said that is what the Empire doesn't want.

Senator Dr. Jehanzeb Jamaldini: That is right,

آپ صحیح فرما رہے ہیں۔ اب empire کے ماننے سے تو مسئلہ حل نہیں ہو گا۔۔۔

جناب چیئرمین: نہیں، نہیں umpire نہیں، empire ہے۔

سینیٹر ڈاکٹر جہانزیب جمالدینی: ٹھیک ہے، empire ہی کہہ رہا ہوں۔

جناب چیئرمین: ویسے بات ایک ہی ہے۔

سینیٹر ڈاکٹر جہانزیب جمالدینی: اس کی requirement basically اس حد تک ہے کہ ہمارے ہاں جتنے best political leaders and political party activists پیدا ہو چکے ہیں، وہ اکثر طالب علم لیڈر رہے ہیں، میں بیشتر کی بات کر رہا ہوں۔ میں اگر غلط نہیں ہوں کہ شہید محترمہ بے نظیر بھٹو صاحبہ بھی Oxford University میں student leader تھیں۔ انہوں نے family سے ایسا potential inherit کیا تھا لیکن انہوں نے as a student leader باہر کے ملک میں impression پیدا کیا، وہاں پر ان کا image بنا تو later in the life, I think ان کی enlightenment میں کچھ زیادہ ہی اضافہ ہوا۔

جناب! ایک طالب well informed بھی ہوتا ہے، اس سے character formation بھی ہوتی ہے، اس کے توسط سے future leadership بھی بنتی ہے۔ وہ inquisitive ہوتے ہیں اور ساتھ ہی zealous ہوتے ہیں، ان کی کوشش ہوتی ہے کہ میرے زیادہ سے زیادہ marks آئیں۔ میں طالب علم کی حیثیت سے جیلوں میں رہنے کے باوجود زندگی میں fail ہونے کا تو نام و نشان نہیں تھا لیکن میں بہترین نمبروں سے pass ہوتا رہا۔ Government college سے لے کر Medical College then till now. میں نے service کبھی نہیں کی، میں طالب علمی کے زمانے میں سیاست میں تھا اور اس کے بعد میں نے political party join کر لی، ہمارے رہنما ہمیں جس حد تک سکھاتے تھے، اس سے ہمیں بڑا حوصلہ ملتا تھا۔ ان کی power of speech, languages کے بارے میں آگاہی، اس پر command and eloquence یہ چیزیں ہمیں متاثر کرتی تھیں اور کسی نہ کسی طرف مائل کر لیتی تھیں۔ میرے خیال سے unions پر پابندی کوئی آمر لگائے یا کوئی دوسرا لگائے تو اس کے بارے میں سوچنا ہی نہیں چاہیے کہ اس پر پابندی برقرار رہے۔ میرے دوستوں نے یہ تمام چیزیں پیش کی ہیں، اس میں دو آراء نہیں ہیں۔ میں یہ کہوں گا کہ اس پر فوری طور پر پابندی ختم ہونی چاہیے۔ ہاں کچھ اس طرح چیزیں ہیں، اکثر کہا جاتا ہے کہ اپنے status کو misuse کرتے ہیں، ہمارے پاس اس کے لیے قانون ہے، اس کے لیے مزید by laws بن سکتے ہیں۔ اس کے لیے مزید اس طرح کی سختیاں کی جا سکتی ہیں کہ غیر قانونی حرکات سے پرہیز کیا جانا چاہیے تو اس طرح کے کوئی systems and laws بنائے جائیں۔ میرے خیال

میں وہ زیادہ ہی بہتر ہو گا میں خود اس کا حامی ہوں، میں time ضائع کرنے کے بجائے اس کی حمایت کرتے ہوئے، آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آپ نے مجھے موقع دیا۔ آپ کا شکریہ۔

جناب چیئرمین: آپ کا شکریہ۔ جی دھامرا صاحب۔

Senator Mukhtiar Ahmed Dhamrah @ Aajiz

سینیٹر مختیار احمد دھامرا المعروف عاجز: جناب چیئرمین! آپ کا شکریہ۔ میں سب سے پہلے سینیٹر روبینہ خالد صاحبہ کو مبارکباد دوں گا کہ انہوں نے ایک بہت ہی important issue کو یہاں پر بحث کے لیے پیش کیا ہے، مگر important time میں پیش کیا ہے کیونکہ یہی وقت ہے کہ ہم student unions پر پابندی کی بات کریں۔ ہم اس دور میں اس چیز کو شدت سے محسوس کرتے ہیں کہ تعلیمی اداروں میں positive leadership پیدا کرنے کی یہ ایک nursery تھی۔ جناب چیئرمین! مجھے اس بات کی خوشی ہے کہ اس ایوان کی credibility کے بارے میں پوری ملک اور دنیا کے اندر پڑھے لکھے لوگ تعریف کرتے ہیں۔ اس Chair پر ایک student leader بیٹھا ہے۔ میرے خیال میں یہ leadership کی quality student leader دور کی سامنے آتی ہے کہ وہ ایک credible دور تھا، ایک credible leadership تھی، ایک positive سوچ تھی۔ جناب چیئرمین! جب ایک space خالی ہوتی ہے، اگر ہم اس space کو بھرتے نہیں ہیں تو ایک جن اور بھوت اس space میں آجاتا ہے۔ Students union پر پابندی لگی، preplanned تعلیمی اداروں سے جو اچھی دلیل دیتا تھا، وہی student leader سامنا آتا تھا، میں اس بات میں بالکل شرمندگی محسوس نہیں کروں گا اور کیوں کروں کہ ہم کیوں نا، اس آمریت کے دور کی مذمت کریں اور شدید مذمت کریں۔ اس وطن عزیز کو ایک بہتر leadership مل رہی تھی، جنہوں نے اس کو block کیا اور ایک ایسی leadership دے دی جو آگے چل کر ایسے ایسے عہدوں پر براجمان ہوئے، ہم جن کو دہشت گردی کا نام دے دیں، corruption کا نام دے دیں اور نااہلی کا نام دے دیں۔ بڑے preplanned طریقے سے جن hostels کے اندر رات گئے تک اپنی study timing ختم ہونے کے بعد دلائل چلتے تھے، دلیل چلتی تھی، questionnaires چلتے تھے تو وہاں پر جس organization میں جس کے پاس زیادہ اسلحہ ہے، وہ leader بن گیا۔ پہلے جہاں پر اچھی دلیل اور زیادہ knowledge رکھنے والا leader ہوتا تھا، اس کے بعد زیادہ اسلحہ رکھنے والے لوگ اور گروہ leaders بن کر سامنے آ گئے۔ وہ leaders جو actual student union کے leaders یا کارکن بچے تھے،

ان کو suffer کرنا پڑا، قتل عام کیا گیا، ان نظریاتی لوگوں کے لیے تعلیمی اداروں کے راستے بند کر دیے گئے۔

جناب چیئرمین! آج اس وقت ہم جب طالبان کے حوالے سے بات کرتے ہیں کہ مدرسوں میں پڑھنے والے طالبان ہیں یا students ہیں، وہ دہشت گرد ہیں یا دہشت گردی پھیلا رہے ہیں۔ جب student unions پر پابندی لگائی گئی تھی تو اس وقت یہ بیج بویا گیا تھا، اس وقت colleges, schools and universities ایسے لوگوں کے حوالے کر دی گئی تھیں جو اسلحہ چلانا جانتے ہوں جو کسی کو اغوا کر رہے ہوں جو نظریاتی اختلافات رکھنے والے خالی ہاتھ لوگوں کو مار رہے ہوں تو یہ سوچ اس وقت سے قائم کی گئی تھی اور آج وہ درخت بن کر سامنے آئی ہے۔ ہم پہلے یونیورسٹی اور کالجز کے اندر situation کو face کرتے تھے، آج ہم مدرسوں کے حوالے سے بات کرتے ہیں۔ بڑی بدقسمتی کی بات ہے کہ آج students union پر پابندی ہے، مگر ان اداروں کے جو سربراہان ہیں، یونیورسٹیوں کے Vice Chancellors ہیں، کالجوں کے Principals ہیں، سکولوں کے Headmasters ہیں، وہ بھی اپنے اداروں کے اندر کوئی بھی اس طرح کی activity نہیں کر پا رہے حالانکہ ان پر ذمہ داری ہے کہ جب تک students unions بحال ہوں، میں اس ایوان سے یہ بات کہنا چاہ رہا ہوں اور زور سے کہنا چاہ رہا ہوں، وہ Vice Chancellor صاحبان، وہ Principal صاحبان اور Headmaster صاحبان اپنے اپنے اداروں میں، جیسے آپ نے ابھی کہا کہ ہفتہ طلباء منایا جاتا تھا، اس activity کو پھر سے review کرنا چاہیے اور بہت جلد review کرنا چاہیے۔ میں شدت کے ساتھ یہ مطالبہ کرتا ہوں کہ student leaders کو بحال ہونا چاہیے۔ ہماری جو leadership کی nursery تھی، ہم آج جو رو نا رو رہے ہیں، اگر student unions بحال ہوتی ہیں تو آئندہ دس سال کے بعد اس ملک کی جو leadership ہو گی، وہ real leadership ہو گی۔ میں انہی الفاظ کے ساتھ اپنی تقریر ختم کروں گا جس طرح ڈاکٹر جمالدینی صاحب نے کہا کہ شہید محترمہ بے نظیر بھٹو صاحبہ بھی ایک student leader تھیں تو ہمیں اس طرح کی leadership پیدا کرنے کے لیے آج یہ فیصلے کرنے پڑیں گے۔ آپ کا شکریہ۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ سینیٹر سیف صاحب۔

Senator Muhammad Ali Khan Saif

سینیٹر محمد علی خان سیف: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ محترم چیئرمین صاحب! میں سمجھتا ہوں کہ ہمیں اس موضوع پر بحث ہی نہیں کرنی چاہیے، اس کی یہ وجہ ہے کہ اگر آپ پاکستان کے قانون کا Article 17 دیکھیں تو Freedom of Association ایک بنیادی انسانی حق ہے جو پاکستان کے ہر شہری کو حاصل ہے اور آپ Article 8 کو دیکھیں کہ اس میں clear cut لکھا ہوا ہے کہ ہر وہ قانون، ہر وہ حکم جو کسی fundamental right کے راہ میں رکاوٹ بنتا ہو، وہ void ہے۔ میرے خیال میں ہمیں ایک void چیز پر بات کرنے کی ضرورت نہیں ہے، یہ ایک ایسا order ہے کہ جسے ختم ہو جانا چاہیے بلکہ ختم ہو چکا ہے۔ 1984 میں جنرل ضیاء الحق صاحب کی دور حکومت میں student unions کو ban کر دیا گیا، اسے خاصا عرصہ گزر چکا ہے، ہمیں Article 8 بار بار یہ یقین دہانی کرا رہا ہے کہ ہم اپنے آئین کے مطابق مسلسل ایک گناہ جاریہ کا ارتکاب کر رہے ہیں، it's a continuation of sin یہ ایک sinful act ہے، جسے میرے خیال میں repeal کر دینا چاہیے اور اس کے حوالے سے متعلقہ قانون سازی کرنا انتہائی ضروری ہے۔ Otherwise we will stand in a position کہ جہاں پر ہم آئین کی violation کر رہے ہیں۔

میرا دوسرا نکتہ یہ ہے کہ student unions پر پابندی کے بعد ہمارے ساتھ سب سے بڑی tragedy یہ ہوئی کہ قوم میں جو اجتماعی شعور پیدا کیا جاتا ہے، جو ادارے اجتماعی شعور پیدا کرنے کے ذمہ دار ہوتے ہیں، اس میں بنیادی ادارہ political parties ہوتی ہیں، student unions کے جو leaders ہوتے ہیں یا جو ان کے نظریات ہوتے ہیں، ان پر اس زمانے کے لحاظ سے مختلف سیاسی اور سماجی نظریات کا اثر ہوتا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ ہم 20, 25 سال student unions کی activities کو بند کر کے اجتماعی level کو acquire and achieve کرنے میں ناکام ہوئے ہیں۔ میں سینیٹر صاحبہ کو مبارکباد پیش کرتا ہوں کہ انہوں نے ایک اچھا motion move کیا، ہمیں اس پر positive steps لینے چاہییں۔ اس موضوع پر شاید مزید debate کی ضرورت نہیں ہے۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ شاہی سید صاحب۔

Senator Shahi Syed

سینیٹر شاہی سید: شکریہ۔ جناب چیئرمین! میں سب سے پہلے سینیٹر روبینہ خالد صاحبہ کو مبارکباد پیش کرتا ہوں کہ انہوں نے بہت اچھی تجویز پیش کی ہے۔ میری تجویز ہے کہ اس کے

لیے ایک special committee بنائی جائے اور باریک بینی سے اس کے فائدے اور نقصانات کو بھانپا جائے۔ اگر پرانی والی student unions اور پرانی والی labour unions بنائیں تو بہت اچھا ہوگا۔ میرا اس سلسلے میں تجربہ بہت برا ہے، t.v پر دو چار دن پہلے کراچی میں ایک پٹی چلی تھی کہ پروفیسر کو نقل سے روکنے پر مارا کوٹا گیا، وہ یونین شاید ہمارے ANP کے نام سے ہی تھی، انہی کا نام آیا تھا۔ کراچی کے قبضوں پر بھی ، ہر بدمعاشی میں students involve ہوگئے، یہ کالجوں میں نہیں رہے بلکہ باہر آ گئے۔ میں کراچی میں 1971 سے ہوں، 1977 میں labour union نے و لیکا ملز کے مالک کے کپڑے پھاڑ دیئے، اسے ننگا کر دیا۔ اس کا یہ نتیجہ نکلا کہ جن industries میں 8,9 ہزار لوگ کام کرتے تھے، وہ بے روزگار ہو گئے۔ کراچی کے رہنے والے 70s کو یاد کریں کہ جب mills سے ریوڑ کی طرح لوگ نکلتے تھے، ایک ایک mill میں ہزاروں لوگ کام کرتے تھے، اب وہ industries بند ہو چکی ہیں، اب سرمایہ دار ایسی مشینری لگاتے ہیں کہ جہاں پر مزدور کم لگانے پڑیں، روزگار نہ ہونے کی وجہ سے ہمارا ملک بدمعاشی اور تباہی کی طرف جا رہا ہے۔

Unions بہت اچھی تھیں، یہ مالکوں اور مزدوروں کے درمیان ایک پل کا کردار ادا کرتی تھیں، بدقسمتی سے پھر وہ unions mafia بن گئیں، گاڑی استعمال کرنا، دفاتر بنانا، مختلف demands کرنا، مالکوں کو گالی گوچ کرنے لگیں۔ اسی طرح student unions کا تھا، ہمیں بچپن میں اساتذہ بتاتے تھے کہ شاگرد اور استاد کے درمیان احترام کا ایک باریک رشتہ ہوتا ہے، اگر وہ رشتہ ٹوٹ جائے تو استاد جتنی بھی کوشش کرے وہ ایک لفظ بھی بچے کو نہیں سکھا سکتا اور بچہ بہت کوشش کے باوجوہ استاد سے کچھ نہیں سیکھ سکتا۔ اس کے لیے ایک special committee بنائی جائے کہ وہ تجاویز دے ۔ Student unions کی وجہ سے merit کا قتل ہوا ہے، ہم نے خود کراچی میں دیکھا کہ یونین نے لسٹ دی کہ یہ بچہ pass ہونا چاہیے اور اس کے اتنے نمبر ہونے چاہییں، اسے اتنے نمبر ملے اور وہ بچہ pass بھی ہوا۔ ایسے بچے اپنی زندگی میں تکالیف کا شکار ہوتے ہیں۔ ایک cadet college کا بچہ آفیسر بنتا ہے اور جو بچہ نقل سے pass ہو کر آفیسر بنتا ہے، ان میں زمین آسمان کا فرق ہوتا ہے۔ Cadet college کا بچہ جو merit پر آتا ہے وہ کبھی اپنے P.A سے یا سیکرٹری سے نہیں پوچھتا، وہ اپنے comments خود لکھتا ہے اور اسے بھروسا ہوتا ہے کہ میں نے صحیح لکھا ہے لیکن جو بچہ نقل سے pass ہو کر آفیسر بنتا ہے، وہ اپنے P.A اور سیکرٹری کے پیچھے چلتا ہے، سوائے رشوت کے اور

کوئی کام نہیں ہوتا۔ میں یہ کہوں گا کہ اس سے meritکا قتل ہوا ہے، labour unionsسے احترام کا قتل ہوا ہے۔ میری تجویز ہے کہ ایک ایسی کمیٹی بنائی جائے کہ جو سب سے پہلے اس چیز کی اصلاح کرے کہ وہ کس حد تک جائیں گے، وہ کہاں کہاں interfereکریں گے اور کہاں تک انہیں لگام دیا جاسکے گا۔ شکریہ۔

Mr. Chairman: Thank you. The Chair recognizes the presence of Mr. Mehmood Khan Achakzai in the galleries. Yes, Kakar Sahib.

Senator Muhammad Usman Khan Kakar

سینیٹر محمد عثمان خان کاکڑ: شکریہ۔ جناب چیئرمین! میں محترمہ روبینہ خالد صاحبہ کا بہت مشکور ہوں کہ وہ ایک بہت اہم issueسینیٹ میں لائیں۔ Student politics and student unionsیہ لوگ مجموعی طور پر ساری politicsچلا رہے ہیں، یہ سیاست پورے ملک میں، گاؤں میں، ارد گرد گھومتی ہے، سیاست کو سیکھنے کے لیے ایک ایسا پلیٹ فارم ہونا چاہیے کہ جہاں سے ہمارے جوان بچے سیاست سیکھیں۔ اس ملک کے لیے ڈاکٹر، انجینئر، فوجی، بیوروکریٹ کی ضرورت ہے۔ میں تو کہتا ہوں کہ سب سے پہلے بہترین سیاسی workerاور سیاسی leadershipکی ضرورت ہے جو visionaryہو، نظریاتی ہو، اپنے ملک، عوام اور نظریات سے وفادار ہو۔ بنیادی طور پر اسے سیکھنے کی جگہ student politics and student unionsہیں۔ موجودہ پارلیمنٹ میں آپ surveyکریں، چاہے وہ سینیٹ میں ہوں، چاہیے قومی اسمبلی میں ہوں، چاہیے صوبائی اسمبلیوں میں ہوں، آپ کو student politicsکے کارکن نظر آئیں گے۔

جناب چیئرمین! student politicsسیاست کے لیے نرسری ہے، یہ ہر پارٹی کے لیے نرسری کی حیثیت رکھتی ہے۔ جنرل ضیاء الحق نے بہت ظلم و جبر کیا کہ اس نے student unionsپر پابندی لگائی۔ آپ historyاٹھا کر دیکھ لیں، جنرل ایوب خان، جنرل ضیاء الحق، جنرل مشرف کے martial lawکے خلاف سب سے active politics studentsنے کی۔ جنرل ایوب کو لیں کہ جب خان عبدالصمد خان اچکزئی جیل سے رہا ہوئے اور ظریف شہید نے کوئٹہ سائنس کالج میں جنرل ایوب کے خلاف جلوس نکالا تو انہیں شہید کر دیا گیا، سارے صوبے کے حالات بدل گئے۔ میں یہ کہتا ہوں کہ student politicsکے جو تربیت یافتہ ہیں وہ وفادار ہیں، بے لوث خدمت گار ہیں، یہ وہ کارکن پیدا کرتے

ہیں جو جھنڈا لگاتے ہیں، chalking کرتے ہیں، چندہ دیا جاتا ہے، مذاکرات کیے جاتے ہیں، جلسہ جلوس کیے جاتے ہیں۔ اب آپ ہر تعلیمی ادارے میں دیکھیں کہ فیسیں ہر سال اتنی بڑھتی ہیں، پہلے تو کسی کو یہ جرات نہیں تھی کہ وہ کسی تعلیمی ادارے میں فیس کی مد میں بیس روپے بھی بڑھائے۔ اب غریب بچوں کی کیا حالت ہے۔ ایک طرف تو اشرافیا کے بچے ہیں، جنہیں وہ drawing room میں سیاست سکھاتے ہیں، البتہ student politics غریب اور عام عوام کے بچوں کے لیے سود مند ہے۔ جو بچے student politics میں تھے وہ تعلیمی career میں بھی بہترین تھے۔ آج کے جو بہترین bureaucrats, doctors, engineers, professors مختلف دانشور ہیں وہ student politics میں رہے ہیں اور اب بھی ہیں۔

جناب! فوجی آمریتوں کے ادوار میں، intelligence اداروں نے، ضیاء الحق کی مارشل لاء کے دوران بعض تنظیموں اور تعلیمی اداروں میں مسلح ونگز اور ڈاکو کلچر کا آغاز ہوا۔ یہ سب کچھ فوجی آمریت میں تعلیمی اداروں اور student politics میں رواج پایا۔ اب یہ لوگ کہتے ہیں کہ وہاں سے مسلح لوگ نکلتے تھے۔ اب آپ دیکھیں کہ جہاں student politics نہیں تھی وہاں پر فرقہ ورانہ تنظیمیں، قبائلی تنظیمیں اور مختلف قسم کی تنظیمیں بن گئی ہیں جو سارے معاشرے، ملک اور سیاست کے لیے ناسور کی حیثیت رکھتی ہیں۔ Student politics سے باکردار لوگ نکلتے تھے، انہیں معلوم ہوتا تھا کہ میرے گاؤں کے کیا مسائل ہیں، غریب کے بچے کے کیا مسائل ہیں، خاص طور پر تعلیم کے میدان میں کیا مسائل ہیں، اسے سب معلوم ہوتا تھا، اب تو کسی کو کچھ معلوم نہیں، ایک وزیر کو بھی معلوم نہیں ہے کہ بچوں کے کیا مسائل ہیں، تعلیمی اداروں کے کیا مسائل ہیں۔ وہ صرف پڑھتے ہیں لیکن عملی طور پر انہیں کچھ معلوم نہیں ہے۔ میں تو یہاں تک کہتا ہوں کہ جو ہمارے مذہبی مدارس ہیں ان میں بھی تنظیموں کی اجازت دے دی جائے۔ مارشل لاء ادوار حکومت میں ان میں داخلہ بند کر دیا گیا تھا، مولوی صاحبان نے کہا تھا کہ صرف وہی تنظیمیں ہوں گی اور کسی کو بھی اجازت نہیں ہوگی۔ دنیا میں سیاست پر کہیں بھی پابندی نہیں ہے۔ لوگ تو پروفیسرز کو لاکھوں روپے تنخواہیں دیتے ہیں کہ وہ political science پڑھاتے ہیں۔ اس میں لوگ Ph.Ds کرتے ہیں۔ اب تو تعلیمی اداروں میں سیاست پر پابندی ہے، طلباء تنظیم تو الگ بات ہے، سیاسی تنظیموں پر پابندی ہے، یہ ملک کے خلاف سب سے بڑی سازش ہے۔

جناب چیئرمین! آپ کو معلوم ہے کہ students politics میں سیاسی، نظریاتی اور تنظیمی تربیت ہوتی ہے۔ آج ایک پارٹی کے دو سو اراکین ہیں، جب مارشل لاء آتا ہے تو وہ دس رہ جاتے ہیں۔ یہ وہی لوگ ہیں جو student politics سے فارغ نہیں ہوئے ہیں۔ جیلیں، کوڑے، شہادتیں یہ سب student politics کی اس ملک میں history ہے۔ ہمیں فخر ہے کہ ہماری پارٹی چیئرمین سے لے کر مرکزی کمیٹی کے نوے فیصد اراکین student politics سے فارغ ہوئے ہیں۔ ہم خود student politics سے فارغ ہوئے ہیں۔ جلد سے جلد اس سے پابندی ختم ہونی چاہیے۔ میں وزیر اعظم صاحب اور حکمران پارٹی سے یہ درخواست کرتا ہوں کہ وہ اس مسئلہ پر توجہ دیں۔ Student politics کے لیے ایک ضابطہ اخلاق مرتب کریں۔ Student union کے لیے ایک ضابطہ اخلاق بنائیں کہ کس طریقے سے ایک تعمیری یونین سازی ہو۔ تعلیمی اداروں میں یونین سازی ہو۔ اس مسئلے کے حل کے لیے سیاسی جماعتوں کی ایک کمیٹی بننی چاہیے، تعلیمی اداروں کو چلانے والے لوگ اس کمیٹی میں شامل ہوں اور ایک مشترکہ کمیٹی بنے جو student unions کے لیے ضابطہ اخلاق بنائے یہ ضروری ہے۔ میں سینیٹر روبینہ خالد صاحبہ کا بہت مشکور ہوں کہ انہوں نے اس ملک کا بہت اہم مسئلہ اس ایوان میں اٹھایا۔ مہربانی جناب۔

Mr. Chairman: Thank you. The Chair recognizes the presence of the former Chairman Senate on the floor of the House. Senator Nasreen Jalil Sahiba.

Senator Nasreen Jalil

سینیٹر نسرین جلیل: چیئرمین صاحب جیسا کہ ابھی سینیٹر سیف صاحب نے کہا کہ اس پر تو بات کرنے کی ضرورت ہی نہیں ہے، میں سمجھتی ہوں کہ پورا House اس motion کے حق میں ہے کہ student unions کو بحال ہونا چاہیے۔ اس گفتگو میں، میں تاریخ کے حوالے سے کچھ add کرنا چاہوں گی کہ آپ کو معلوم ہے کہ میرا تعلق متحدہ قومی موومنٹ سے ہے اور 1978 میں جب الطاف بھائی کراچی یونیورسٹی میں داخلے کے لیے پہنچے تو انہوں نے دیکھا کہ ہر لسانی نام کی student union موجود ہے، یعنی Baloch Student Organization یا پنجابی یا پختون یا بلوچی اور اگر نہیں ہے تو Pakistan student organization نہیں ہے تو انہوں نے سوچا کہ میں کہاں fit ہوتا ہوں کیونکہ اس وقت partition کے بعد جو لوگ ہندوستان سے ہجرت کر کے پاکستان آئے تھے انہیں تلیر،

مکڑ، ہندوستانی یا مہاجر کے نام سے یاد کیا جاتا تھا تو اس وقت 1978 میں انہوں نے All Pakistan Mohajir Student Organization کی بنیاد رکھی۔ یہ لسانیت آج تک ہمارے ملک میں موجود ہے۔ جیسا کہ یہاں پر بتایا گیا کہ student unions آج بھی یہاں پر exist کرتی ہیں لیکن ظاہر ہے کہ ان کا کوئی قانونی status نہیں ہے جو کہ آپ کے بنیادی حقوق کی خلاف ورزی بھی ہے، آئین اور قانون کی نفی بھی ہے، یہاں پر سب نے صحیح کہا ہے کہ student unions کو بحال ہونا چاہیے۔ میں صرف ایک چیز بتاتی چلوں کہ یہ student unions آج بھی اتنی powerful ہیں کہ جب عمران خان لاہور یونیورسٹی میں جاتے ہیں تو وہاں پر انہیں bow-out بھی کیا جاتا ہے، ان پر حملہ بھی کیا جاتا ہے اور اسی طرح سے کراچی میں انہی میں سے ایک student union نے لڑکیوں کے کرکٹ کھیلنے پر تشدد کے ذریعے پابندی لگائی ہے۔ ایک مرتبہ نہیں بلکہ ایسا دو مرتبہ ہو چکا ہے اور میں چاہتی تھی کہ اس واقعہ کو یہاں discuss کیا جاتا لیکن سینیٹ اس کو orders of the day پر نہیں لا سکا۔ آپ نے بات کی کہ do not forget that the armed forces are the servants of civilians یہ قائداعظم محمد علی جناح کی 1947 کی تقریر ہے۔

It is we, who decide the policies

جناب چیئرمین! میرا سوال صرف یہ ہے کہ ہمارے ملک میں کیا وجہ ہے کہ فوجی اور سویلین leaderships کا mindset اگر ایک ہو جائے تو اس بارے میں آپ کا کیا خیال ہے جو کہ آج کل ہے۔ یہ ہم سب کے لیے لمحہ فکریہ ہے کہ زباں بندی ہے۔ میں سینیٹ کی Human Rights Committee کی چیئرپرسن ہوں لیکن absconder بھی declared ہوں، کسی کی speech سننے پر یہاں پر موجود ہمارے کم از کم دو یا تین ساتھیوں کے warrants of arrest بھی نکلے ہوئے ہیں۔ یہ بھی ہوتا رہا ہے جیسا آپ نے کہا the civil government is a prisoner، نہیں جناب چیئرمین، ہمارے ملک میں جب civilian governments آتی ہیں تو وہ autocratic ہو جاتی ہیں اور شاہی فرمان نافذ کرتی ہیں اور جب فوج کی حکومت ہوتی ہے تو وہ کوشش کرتی ہے کہ وہ democratize ہو جائے، اسی لیے ہم نے دیکھا ہے کہ ہر دور میں local government elections فوجیوں نے کرائے ہیں اور خدا خدا کر کے اب جو local bodies elections ہوئے ہیں وہ سپریم کورٹ کے کہنے پر کروائے گئے ہیں لیکن ابھی تک ان کا بھی notification نہیں ہوا ہے جس سے آگے کام نہیں بڑھ سکتا ہے۔ جناب

چیئرمین! اسی طرح میرا مشاہداللہ صاحب سے ایک سوال ہے، ان کی بہت خوبصورت تقریر تھی، کیا وہ اپنے گفتگو کے جوہر کابینہ میں بھی اسی طرح سے دکھاتے ہیں؟ کیا وہ اسی طرح سے انہیں convince کرنے کی کوشش کرتے ہیں جیسے آج انہوں نے کیا۔

جناب چیئرمین: کابینہ میں تو وہ اب نہیں رہے۔

سینیٹر نسرین جلیل: اب نہیں رہے لیکن جب تھے تو اس وقت کیا صورتحال تھی؟

جناب چیئرمین: اسی وجہ سے تو وہ کابینہ سے نکلے ہیں۔ نہ یہ ٹریڈ یونین میں ہوتے، نہ یہ ایسی حرکتیں کرتے۔

سینیٹر نسرین جلیل: جناب چیئرمین! یہ پورا ایوان contempt کا مرتکب ہو رہا ہے۔ جو حکومت اور فوج چاہتی ہے، اس کے خلاف آپ سب بول رہے ہیں تو آپ سب کے خلاف مقدمہ قائم ہونا چاہیے، تبھی میں satisfied ہوں گی۔ بہت شکریہ۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ جی راجہ صاحب۔

Senator Raja Muhammad Zafar-ul-Haq, Leader of the House

سینیٹر راجہ محمد ظفر الحق: شکریہ جنابِ چیئرمین۔ میں سینیٹر روبینہ خالد صاحبہ اور میر حاصل خان بزنجو دونوں کی طرف سے یہ جو motion آئی ہے، میں اس کی بھرپور تائید کرتا ہوں۔

یہاں کچھ reservations کا بھی اظہار کیا گیا ہے لیکن میں سمجھتا ہوں کہ جو پہلے student unions کا نظام تھا، اس میں کچھ خامیاں بھی آ گئی تھیں جیسے normally and historically آ جاتی ہیں، ان کا علاج کرنا ضروری ہے۔ مثلاً student union سے مراد یہ نہیں ہوتی کہ کوئی بچہ کسی کالج میں داخل ہوا، وہ پاس نہیں ہوتا تو پھر بھی وہ وہاں داخلہ لے کر ہاسٹل میں رہتا ہے اور وہ کالج کے اندر اور باہر اپنی activities جاری رکھتا ہے، والدین سے پیسے لیتا ہے اور پھر اپنی تعلیم بھی مکمل نہیں کر سکتا۔ ان چیزوں کا ضرور خیال رکھنا چاہیے اور ان خامیوں کے لیے آپ rules بنائیں، ان خامیوں کے لیے آپ directions بنائیں، اس کے لیے ایک بہتر نظام لائیں تاکہ اس سارے سلسلے کی اصلاح ہو سکے۔ اس کے جو فوائد ہیں، ان سے پوری قوم کو محروم رکھنا مناسب نہیں ہے۔

جناب چیئرمین! آپ کو یاد ہے کہ حضرتِ قائدِ اعظم ایک وقت کانگریس اور مسلم لیگ دونوں کے رکن اور رہنما تھے۔ ایک میٹنگ انہوں نے الہ آباد میں کی جس میں پنڈت جواہر لعل نہرو اور حضرت قائداعظم نے اکٹھے students سے خطاب کیا۔ وہاں ہندو students کی

اکثریت تھی۔ قائدِ اعظم صاحب کی تقریر کے دوران ہندوؤں کی یا کانگریس کی student organization اس میں بار بار رخنہ ڈالنے کی کوشش کرتی تھی۔ پنڈت جواہر لعل نہرو ایک patronage کے طور انہیں روکتے تھے کہ نہیں، انہیں اپنی بات کرنے دو، میں ان کا جواب دوں گا وغیرہ۔ وہ میٹنگ جب ختم ہوئی تو حضرت قائدِ اعظم نے باہر آکر کہا کہ آئندہ میں کوئی joint meeting اس وقت تک address نہیں کروں گا جب تک کہ میں مسلم اسٹوڈنٹس فیڈریشن کو organize نہ کرلوں۔ انہوں نے پھر مسلم اسٹوڈنٹس فیڈریشن کو organize کیا۔ تحریک پاکستان میں پھر مسلم اسٹوڈنٹس فیڈریشن نے ہراول دستے کا کام کیا۔ حضرتِ قائداعظم کبھی اسلامیہ کالج کی یونین کے پاس جاتے تھے، اب بھی وہ تصویریں موجود ہیں۔ ایک تصویر میں نے دیکھی ہے کہ جس میں قائداعظم کے قدموں میں بہت سارے students بیٹھے ہوئے ہیں اور اس میں ہمارے سر تاج عزیز صاحب بھی موجود ہیں۔ اس وقت وہ اسلامیہ کالج کے طالب علم تھے۔ اسی طریقے سے اور بھی بے شمار لوگ ہیں، حمید نظامی صاحب تھے، مولانا عبدالستار نیازی تھے، یہ سب مسلم اسٹوڈنٹس فیڈریشن کے تربیت یافتہ تھے۔

تاریخی طور پر جب آپ دیکھتے ہیں تو اس میں آپ محسوس کریں گے کہ جتنی reformations کی تحریکیں چلی ہیں جن کی بنیاد خواہ مذاہب ہی کیوں نہ ہوئے ہیں، یوتھ نے ہی ان movements کی آبیاری کی ہے اور انہیں آگے بڑھایا ہے۔ مثال کے طور پر حضرت موسیٰ علیہ السلام نے بالکل اپنی youth میں فرعون کے خلاف یہ سلسلہ شروع کیا تھا۔ اس حوالے سے انہوں نے تکالیف بھی اٹھائیں، سارا کچھ ہوا، پھر اس کے بعد آپ دیکھتے ہیں کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے کوئی گیارہ حواری تھے۔ ان میں سے زیادہ تر لوگ youth یعنی نوجوان تھے۔ ان میں سے جسے آج بھی مسیحی مذہب میں سب سے زیادہ تعظیم اور عزت سے یاد کیا جاتا ہے، نام تو ان کا کچھ اور تھا لیکن اپنی مضبوطی کی وجہ سے انہیں سینٹ پیٹرز کہا جاتا ہے۔ انہوں نے حضرتِ عیسیٰ علیہ السلام کے بعد اس سارے معاملے کو آگے چلایا اور سینٹ پیٹرز برگ، گرجا اور سارا سلسلہ انہی کے نام پر چلتا ہے۔ خود رسول اکرم ﷺ کے زمانے میں، ماسوائے ایک صحابی کے جو پہلے لوگ ایمان لائے تھے، ان میں سارے ہی young لوگ تھے۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ ان میں تھے، حضرت سلمان فارسی تھے یا حضرت ایوب انصاری تھے، یہ تمام لوگ یوتھ سے تعلق رکھتے تھے۔ انہوں نے بڑی قربانیاں دیں، بڑی ماریں کھائیں، بڑے ظلم برداشت کیے لیکن انہوں نے اس مقصد کو اوجھل نہ ہونے دیا بلکہ اس کو آگے پھیلایا اور مثال بن گئے۔

اسی طریقے سے میں سمجھتا ہوں کہ یہ unions درسگاہیں ہیں۔ اسی طرح کی درسگاہیں ہیں جیسے سقراط کی اپنی ایک درسگاہ تھی، اس کے خلاف الزام بھی یہی لگا تھا، اس وقت کی جو رومن یاGreek بادشاہت یا سلطنت تھی وہ یوتھ کو اس کے خلاف برگشتہ کر رہے ہیں، ان کے دماغ بگاڑ رہے ہیں لیکن اس نے زہر کا پیالہ تو پی لیا لیکن اپنے شاگردوں کو نہیں چھوڑا، نہ اس مشن کو چھوڑا۔ اس لیے یہ جو سلسلہ ہے، بڑا تاریخی سلسلہ ہے، اس کو بند کرنا ایک قومی نقصان کے مترادف ہے۔ اس لیے جہاں اس میں اصلاح کی ضرورت ہے، وہ اصلاح کرنی چاہیے لیکن اس سلسلے کو بند کرنا مناسب نہیں ہے۔ میں اس کی بھرپور support کرتا ہوں۔

Ruling by the Honourable Chairman on Student Unions

جناب چیئرمین: شکریہ۔ لیڈر آف دی ہاؤس نے ابھی جو winding up کی اور ایوان کی جو مجموعی رائے بن رہی ہے، اسے مدنظر رکھتے ہوئے، میں ایوان کی اجازت سے اور بالخصوص لیڈر آف دی ہاؤس کی اجازت سے اس پر ایک ruling دے دیتا ہوں:

The ban on student unions was originally imposed through Martial Law Orders issued during the period of General Zia-ul-Haq when he was Chief Martial Law Administrator and the President. The reason cited for the issuance of such orders was the growing concern of violence at the campuses and the overall concern shown by the society at that time. However, in actual fact, the anti-government student alliances had gained considerable influence and strength and these could have posed a serious threat to General Zia-ul-Haq's Government. The Government took a lesson from the student movement against another dictator, President Ayub Khan in which student unions and the student movement played a historic role in his removal from office and the restoration of democracy.

These bans were imposed by various martial law administrators in the provinces. Prime of end was subsequently saved under Article 270 A of the Constitution. Prima facie these orders are in violation

of Article 8 of the Constitution, 1973. Clause 1 of Article 17, Constitution 1973 allows every citizen of Pakistan the right to form an association or a union subject to reasonable restriction imposed by law. Therefore, to see if any such restriction or law is required the House under Rule 172(a) shall convert itself into the Committee of the Whole to see whether any such restriction or law is required and make recommendations to that effect. As provided under the Rules, a motion to this effect would be brought by either the honourable Leader of the House or the honourable Leader of the Opposition. In these terms this motion under Rule 218 of the Rules of Procedures and Conduct of Business in the Senate, 2012, stands disposed of. We now move on to Item No. 6 stands in the name of Syed Shibli Faraz.

Motion Under Rule 218 Moved by Senator Syed Shibli Faraz Regarding Balance of Trade of the Country

Senator Syed Shibli Faraz: Mr. Chairman, with your permission I would like to move that this House may discuss the present position of balance of trade of the country.

جناب چیئرمین: جی، بات کریں۔

سینیٹر سید شبلی فراز: شکریہ، جناب چیئرمین! اگر آپ اجازت دیں تو میں جلدی سے کچھ figures House کو سنا دوں۔ Export and Import کے بارے میں جو ہمارے figures ہیں وہ کافی تشویشناک ہیں۔ یہ بات اس لیے اہم ہے کیونکہ ہمارے ملک کی جو معیشت ہے اس میں ہماری export and import کا بہت بڑا دخل ہے اور اس سے ہمارے روزگار کے مواقع ہیں، جو general balance of payment اور اس طرح ہمارے لوگوں کا معیار زندگی ہے اور ہمارے جو قرضے ہیں ان سب سے ان کا تعلق ہے کیونکہ ہوتا یہ رہا ہے کہ ہم export کم کرتے ہیں اور import زیادہ کرتے ہیں اور جو بیچ کا حصہ ہے وہ ہم

قرضوں کے ذریعے یا مختلف اور طریقوں سے financeکرتے ہیں۔ جناب چیئرمین! 2013میں export 24.7 billion dollars and import 47.5 billion dollarsتھے یعنیtradeکاجوbalanceتھاوہ 22.8 billion dollar negative تھا۔ یہ اس وقت کی بات ہے جب oil کی قیمت 107 dollar per barrelتھی۔ اس کے بعد 2014میں 24 billion کیexportsہوئیں اور 41 billionکیimportsہوئیں اور خسارہ17.2ارب کا تھا۔اس وقت تیل کی قیمت تقریباً 60 dollar per barrelتھی۔ اس کے بعد 2015میں جولائی سے لے کر نومبر تک جو ہمارے tradeکے figuresتھے وہexport 8.8 billionاور ہماری import 16.3 billionتھی۔اسی عرصے میں پچھلے سال ہماری جوexportتھی وہ 9.9ارب تھی اور جو ہماریimportتھی وہ18.6ارب تھی۔اس دوران ہمارےtradeکاخسارہ پہلے 8.7کا تھااور اب 7.4کا ہے۔ دیکھنا ہمیں یہ ہے کہ یہ جو ایک سلسلہ import and exportکی کمی کا ہے تو اس کی وجوہات کیا ہیں۔

جناب چیئرمین!ہماریexportکاجو major chunkہےیعنی تقریباً 52 to 54%وہ ہے ٹیکسٹائل کا۔ یہ وہ سیکٹر ہے جس نے بنیادی طور پر historicallyہمارے ملک کی exportکو سنبھالا ہوا ہے۔ یہ پہلے 65%کے قریب تھااب یہ ہوتا ہوا52 سے 54%تک آگیا ہے۔ یہ بات تو ہمیں سمجھ آتی ہے کہ ایسا کیوں ہوا ہے۔اس کی وجہ یہ ہے کہ ہمارے ملک میں جو انرجی کا بحران رہا ہے اس کی وجہ سے ہماری اکثر factoriesیا ٹیکسٹائل انڈسٹریز وہ بند ہو چکی ہیں یا کچھ minimum capacityپر کام کر رہی ہیں۔

دوسری بات یہ ہے کہ جو کاٹن کی فصل ہے اس پر بھی بہت برے اثرات پڑے ہیں۔اس سال تو سدرن پنجاب میں جہاں پر کاٹن کی فصل ہے اس میں کہتے ہیں کہ تقریباً30%کی کمی آئی ہے۔اس کی وجہ یہ ہے کہ climate changeجس کو ہم generallyاتنا seriously نہیں لیتے اور ہم جب پیرس بھی گئے تھے تو میرا خیال نہیں ہے کہ ہماری گورنمنٹ نے اس کو properly negotiateکیا ہے ان نقصانات کا جو کہ عالمی مارکیٹ نے منفی اثراتclimate changeپر ڈالے ہیں تو اس سلسلے میں ہماری بارشوں کا سلسلہ ہے اس نے ایک ایساeffect createکیا ہے جس کی وجہ سے ہماری فصلوں پر کافیnegativeاثر پیدا ہوا ہے۔ یہ تو موٹی موٹی باتیں تھیں اگر یہی ہوتا تو ہم سمجھتے کہ چلیں یہ تو ہمارے کنٹرول میں نہیں

ہے لیکن بنیادی مسائل یہ ہیں کہ ہماری export جس میں خاص طور پر ٹیکسٹائل عالمی منڈی کی قیمتوں سے بہت زیادہ competitive نہیں ہیں یعنی ہماری جو cost of production ہے وہ بہت ہی زیادہ in high as compared to باقی ممالک کے۔ پاکستان میں اگر بجلی فی یونٹ 18 روپے ہے جبکہ ہمارے ہمسایہ ممالک میں وہ تقریباً دس روپے بنتی ہے۔ ہماری cost of production اتنی high ہے کہ ہماری جو products ہیں وہ عالمی مارکیٹ میں competitive رہی ہی نہیں ہیں بلکہ اب تو کراچی میں کچھ cases میں یہ بھی ہو رہا ہے کہ وہ ٹیکسٹائل کے لوگ جو کہ export کرتے تھے اب اسی product کو import کر رہے ہیں because import کرنا زیادہ سستا ہے بنسبت export کرنے کے۔

جناب والا! جب ہم trade gap کی بات کرتے ہیں تو ہم ساتھ ساتھ import کو بھی اگر دیکھیں تو ہم نے یہ دیکھا ہے کہ ہمارے import bill کا ایک major حصہ ہے جس طرح export میں ٹیکسٹائل ہیں اس طرح import میں ہمارا oil کا bill ہے جبکہ 2015 میں تقریباً 14 ارب ڈالر کا تھا جب قیمتیں نیچے آئی ہیں تو اب وہ import bill تقریباً 5 سے 6 ارب ڈالر تک رہ گیا ہے کیونکہ ابھی پٹرول کی قیمتیں تقریباً 30 اور 34 کے ارد گرد گھوم رہی ہیں۔ اگر یہ نہ ہوتا تو آپ اندازہ کرتے کہ ہمارا trade کا جو deficit ہے وہ کتنا وسیع ہوتا۔ اب اس میں ہم نے یہ دیکھنا ہے کہ۔۔۔۔

Mr. Chairman: Shibli sahib, please wind up.

Senator Syed Shibli Faraz: I thought I have much time.

Mr. Chairman: No, no, your 8 minutes on.

Senator Syed Shibli Faraz: I am 8 minutes on? Sir, then O.K. I will quickly if you can allow me because…

Mr. Chairman: Yes, quickly please.

سینیٹر سید شبلی فراز: وہ یہ ہے کہ اس میں جو Government کی بنیادی problems ہیں ان میں ہم نے یہ دیکھا ہے ابھی نئی trade policy is on the annals. پچھلی جو trade policy تھی 2012 to 2015 اس کی میں آپ کو کچھ highlights بتاؤں گا کہ بدقسمتی سے یہاں پالیسیاں تو بن جاتی ہیں لیکن اس کی

trade policy implementation zero ہوتی ہے۔ ہم نے یہ دیکھا ہے کہ پچھلی 2012-15 اس وقت کے کامرس منسٹر امین فہیم صاحب مرحوم نے دی تھی، جس میں انہوں نے اپنی export policy کو ایک شکل دی تھی، اس میں سے جو بھی چیزیں suggest کی تھیں اس میں سے بہت سی چیزوں پر عمل نہیں ہوا۔ وہ یہ تھا کہ ایک تو ہم domestic commerce کو reform and develop کریں گے۔ پھر rationalizing tariff protection policy نہیں ہوئی establishment of Pakistan Land Port Authority to strengthen regional trade نہیں ہوا، setting of ExIM Bank نہیں ہوا، شاید اسے چار سال ہو چکے ہیں اور ابھی ہم اس پر صرف بات کر رہے ہیں۔ Creating regulatory efficiencies کیونکہ ہمارے tax کا، ہمارے ports کا سلسلہ کافی complicated ہے، اس پر کچھ نہیں ہوا، strengthening of Training and Product revamping، Development Institutes کسی حد تک لیکن بالکل نہیں ہوئے، Export Promotion Agencies and Trade Monitory Committee (TDAP) کا کوئی role نہیں ہے، سوائے اس کے کہ وہ exhibitions کرے۔ اس کے علاوہ export promotion campaign for agro process products نہیں ہوئے۔ اس کا لب لباب یہ ہے کہ ہم جتنی بھی policies بناتے ہیں، ان پر کچھ عمل نہیں ہوتا، نتیجتاً ہماری exports مسلسل گر رہی ہیں اور حکومت کے پاس کوئی ایسا concrete plan نہیں ہے کہ وہ اس decline کو arrest کر سکے، نہ صرف arrest کر سکے بلکہ exports کو promote کر سکے۔ ہمارے اس وقت exports کے سب سے زیادہ ذرائع human expatriates ہیں۔

جناب چیئرمین: شکریہ، Swati sahib, three minutes.

Senator Mohammad Azam Khan Swati

Senator Mohammad Azam Khan Swati: Thank you Mr. Chairman. What is the trade balance? Trade balance is defined when you have more export less import that is a surplus and when you have more import less export that is a deficit. Our trade deficit unfortunately is shown an increase at alarming pace. It is increasing, the difference between the export and

import that is creating an alarming situation for the people of Pakistan. I think this august House should know this, should tell the Government to introduce your trade policy because when the economy is choked and today I should be completely right in sharing with these words that it is on the ventilator.

Mr. Chairman, I think all the figures have already been shown by my colleagues but look at the import from July to November, 2004, imports were 20 billion and export was 9 billion, look at the difference and then from July to November of 2015, import went on to 18 billion and export only stayed to 8 billion, there is a 10 billion deficit for the last five months, how a country can be run? The Government cannot give an iota of one argument where it can justify this action as to why export is consistently going down and import is increasing or staying where they are? It is only because we are interested only to increase our federal reserves, by borrowing money not through the export. Export is the only stimulus through which we can grow our economy. Our economy is in shambles because of the policies of the Government. I would really appreciate if the Government could answer me why they have not brought a new policy to share with the people of Pakistan, with this august House. Thank you.

Mr. Chairman: Thank you. Senator Taj Haider.

Senator Taj Haider

سینیٹر تاج حیدر: شکریہ، جناب چیئرمین! یہ معاملہ ہماری قومی آزادی کا ہے اور میں گزارش کروں گا کہ اسے discuss کرنے کے لیے وقت دیا جائے کیونکہ یہ بنیادی مسئلہ ہے، یہ مسئلہ ہماری قومی آزادی اور عالمی مالیاتی سامراج سے آزادی کا ہے۔ We are still living in the colonial period, if you allow me to say and so I will not go on the present situation also because

present situation is only a symptom, we should go to the causes یہ چیزیں کیوں ہو رہی ہیں، آخر کیوں یہ gap بڑھتا جا رہا ہے؟ اس سلسلے میں مجھے عرض کرنا ہے کہ یہ مسئلہ نوآبادیاتی دور کا ہے جب یورپ میں صنعتی انقلاب آیا اور انہوں نے کہا کہ نوآبادیات پر قبضہ کیا جائے، وہاں سے سستا خام مال اٹھایا جائے، انہیں market کے طور پر استعمال کیا جائے اور تیار مال وہاں بھیجا جائے۔ اس وقت سے انہوں نے militarily occupy کیا just to ensure کہ ان کی یہ صنعت چلتی رہے اور خام مال وہاں سے آتا رہے۔

ہماری آزادی 'آزادی موہوم' ہے،

our freedom is a myth as Shaheed Zulfiqar Ali Bhutto has said in his famous book "The myth of independence" what is freedom sir? Freedom is the availability of options; if we are left with no options then we are not free. The present situation which has grown through this period has left us with no options and we are no longer a free nation.

جناب والا! ہمیں آزادی ملی لیکن آزادی دیتے وقت سامراج نے نہ صرف پاکستان میں بلکہ تمام دنیا کے بے شمار ممالک میں بہت سارے مسائل حل طلب چھوڑ دیے۔ ہمارے ہاں بھی کشمیر کا ایک مسئلہ حل طلب چھوڑ دیا، اس کا فیصلہ نہیں کیا اور اس کی وجہ سے نئے آزاد ہونے والے ممالک کے اندر conflict کی situation پیدا ہوئی، اس کی وجہ سے defence budgets بڑھے، اس کی وجہ سے ہماری ہتھیاروں پر reliance بڑھی، جب ہمارا budget deficit بڑھا تو ہم نے قرضے لینے شروع کیے، یہ ایک vicious cycle ہے and vicious cycle has started جس سے اب ہماری نجات ناممکن ہے۔

جناب والا! یہ جو سلسلہ ہے کہ conflict resolution نہیں ہوتا، اگر conflict resolution نہیں ہوتا تو ہماری Western Imperialism پر dependence بڑھتی جاتی ہے۔ ہم نے اپنے defence کو مضبوط کرنے کے لیے ایک فیصلہ کیا اور ہم نے مغرب کی طرف دیکھا، مغرب سے ہمیں ہتھیار ملے، اس سے ہماری armed forces and Western Imperialism کے درمیان ایک access بنا، اس access کے چاروں طرف ہمارا مقامی مفاد پرست طبقہ جمع ہوا اور اس نے اس بات کو یقینی بنایا کہ

فیصلہ سازی کے اندر ہماری armed forces کا ایک کلیدی کردار رہے۔ یہی مسئلہ ہے جس نے ہماری جمہوریت کو ختم کیا کہ ہماری policy عوام کے نقطہ نظر سے نہیں بن رہی، ہماری policy Washington میں بنتی ہے، ہماری policy London میں بنتی ہے، ہماری policy کہیں اور بنتی ہے اور وہ ہم پر تھوپی جاتی ہے۔

جناب چیئرمین! خام مال اسی طرح لیا جارہا ہے، تیسری دنیا کے ہر ملک کی یہ شکایت ہے کہ خام مال کی قیمت نہیں دی جارہی، industrialization کو روکا جارہا ہے، قومی پیداوار کو روکا جارہا ہے تاکہ ہم اپنے خام مال سے پیداوار نہ بڑھا سکیں۔ ہم نے کوشش کی، ملک میں PIDC بنی، ہم نے public sector میں industries لگائیں لیکن آج ہم دیکھ رہے ہیں کہ نجکاری کے عمل نے ہمارے public sector کو ختم کر دیا، ہمارے private sector میں جو sluggishness ہے وہ صرف اس وجہ سے ہے کہ ہمارے ہاں ایک درآمدی lobby ہے اور وہ lobby دن بدن قوی ہوتی جارہی ہے، وہ درآمدات بڑھا رہی ہے۔ آج بھی ہم اپنی energy کے لیے باہر سے گیس کی درآمد کا سوچ رہے ہیں، ہم اپنے قومی وسائل کو بڑھانے پر نہیں سوچ رہے۔ ہم نے اپنی steel mills کو بند کیا جس کی سالانہ پیداواری گنجائش 1.1 million ton ہے، ہم نے private sector میں لگنے والی Tuwairqi Steel Mills کو بند کیا جس کی پیداواری گنجائش 1.3 million ton ہے اور ہم 15 million ton steel import کر رہے ہیں۔ اس ملک میں اس لیے steel mills نہیں لگنے دی گئی کہ ہم درآمد کرتے رہیں، اس ملک میں ایک deindustrialization کا عمل شروع ہو گیا ہے۔ اگر ہم پیداوار نہیں بڑھائیں گے، اگر ہماری صنعتیں نہیں چلیں گی، if we don't have that exportable surplus then the balance of payment shall continue to grow and our dependence on imports shall continue to grow. آج ہمیں چھوٹی سی چیز بھی import کرنا پڑتی ہے۔ یہ طریقہ نہیں ہے کہ ہم صنعتی ممالک کو اپنی سستی افرادی قوت برآمد کرتے رہیں۔ آج کہا جاتا ہے کہ باہر سے جو ترسیلات ہو رہی ہیں، انہوں نے ہمارے balance of payment کو سہارا دیا ہے لیکن ہم ایک عرصے تک سستی افرای قوت، مزدوروں کو باہر بھیجتے رہے ہیں اور آج ہم managers کو train کر کے، اس وقت ہمارا پورا نظام تعلیم مغربی ممالک کے لیے managers کو train کر رہا ہے، ہمارا طبعی تعلیم کا نظام ہے، ہم مغربی ممالک

کو ڈاکٹر فراہم کر رہے ہیں اور ہم اسے بہت بڑی کامیابی سمجھتے ہیں کہ ہم اپنی افرادی قوت کو باہر بھیج رہے ہیں۔

آج یہاں کھڑے ہو کر اس بات پر داد لی جاتی ہے کہ ہم قرضے لے کر آئے ہیں۔ دور غلامی میں وہ آقا تھے اور ہم غلام تھے اور آقا ہمیشہ اپنے غلاموں کی محنت پر انحصار کرتے ہیں۔ اب ہمارا اور ان کا رشتہ موالی اور مولا کا ہے کہ جب تک وہ ہمیں بھیک نہ دیں، جب تک وہ ہمیں قرض نہ دیں تو ہمارے لیے اپنا ملک چلانا ناممکن ہو جاتا ہے۔ یہ ایک نیا رشتہ ہے اور یہ عالمی مالیاتی سامراج کا ہے کہ جس پر آپ تنقید کرتے رہے ہیں۔ ہمیں ان چیزوں کو ٹھیک کرنے کے لئے کلیدی فیصلے کرنے ہوں گے۔ ہمیں پبلک سیکٹر میں انڈسٹری لگانی ہو گی۔ جو بھی ملکی پیداوار کو بڑھا رہا ہے ہمیں اس کو incentives دینے ہوں گے، ہمیں اپنی پیداواری لاگت کم کرنا ہو گی، ہمیں اپنے معدنی وسائل کو mobilize کرنا ہو گا، ہمیں اپنی افرادی قوت کو mobilize کرنا ہو گا۔

Sir, the situation calls for some key decisions and I beg you and I request you

کہ معاملہ ایسا ہے کہ جس پر تفصیل سے بات کی جائے اور ہماری کمیٹیاں اس پر بات کریں اس لئے کہ oil prices گرنے کی وجہ سے یہ جو تھوڑا سا وقفہ ملا ہوا ہے ہم نے اسے اپنی پیداوار بڑھانے کے لئے استعمال نہیں کیا۔ اس سے ہماری imports ضرور کم ہوئی ہیں، کل کو اگر یہ نہیں ہو گا تو کیا حالات ہوں گے۔ شکریہ جناب عالی۔

جناب چیئرمین: سینیٹر عبدالقیوم صاحب۔

Senator Lt. Gen. (Retd.) Abdul Qayyum

سینیٹر لیفٹیننٹ جنرل (ر) عبدالقیوم: جناب چیئرمین! سینیٹر شبلی نے بڑا اہم issue raise کیا ہے اور تاج حیدر صاحب نے اس کے fundamental issues کی طرف اشارہ کیا ہے۔ اس پر بحث کے لئے بہت وقت چاہیے لیکن چونکہ ابھی وقت کی shortage ہے، میں صرف اتنا کہنا چاہتا ہوں کہ یہ ہماری بدقسمتی ہے کہ 1947 سے لے کر آج تک ان ستر سالوں میں ہمارا balance of payment صرف 1947-48 میں surplus رہا ہے اور 1951-52 and 1971-72 میں otherwise it has been in deficit or negative and balance of trade is an essential ingredient of balance of payment. اور ہمیں اس میں surplus

ہونے کے لئے ضروری ہے کہ ملک میں industrialization ہو اور انڈسٹری کے لئے آپ کے پاس انرجی ہونا بہت ضروری ہے کہ جس سے انڈسٹری چلتی ہے۔

جناب چیئرمین! آپ نے دیکھا ہے کہ ہم نے criminal negligence کی ہے، اور پچھلے دس پندرہ اور بیس سالوں میں ہم نے energy issue کو deal نہیں کیا۔ تربیلا ڈیم اور منگلا ڈیم بنا اور اس کے بعد ہم نے کسی طریقے سے بھی انرجی کی طرف توجہ نہیں دی جس کا نتیجہ یہ نکلا کہ ہمارے ہاں load-shedding ہوئی، انڈسٹری کے لئے انرجی نہیں تھی اور industrial growth نہیں ہو سکی۔

دوسرا ہماری agrarian society ہے اور یہاں agriculture sector میں بھی research and development کی ضرورت تھی۔ ہم نے زراعت کی طرف بھی دھیان نہں دیا اور اس میں وہ research نہ ہو سکی جس کی بے حد ضرورت تھی۔ اس میں innovative actions کی ضرورت ہے۔ بات یہ ہے کہ آپ کی exports تب بڑھ سکتی ہیں، صرف معاہدے کرنے سے نہیں، ہم نے GSP-plus حاصل کیا لیکن ہم فائدہ نہیں اٹھا سکے، فائدہ اس لئے نہیں اٹھا سکتے کہ basic growth نہیں بڑھی۔ جب تک production and growth نہیں بڑھے گی اس وقت تک آپ exports نہیں کر سکیں گے۔

ہمارے چار پانچ important sectors ہیں، ایک ٹیکسٹائل کا ہے، لیدر کا ہے، سرجیکل سامان کا ہے، کھیلوں کے سامان کا ہے اور چاول ہے، ان چیزوں کو بھی ہم نے بڑھانا ہے۔ اس کے علاوہ بجائے raw-material کو باہر بھیجنے کے ہمیں finished products باہر بھیجنا ہوں گی۔ میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ productivity is the base line, production enhance کرکے ہم export کر سکتے ہیں، quality production ہو، corruption نہ ہو، better environment create ہوں، good governance ہو جس میں private sectors کے لوگ بہتر طریقے سے اپنی انڈسٹری کو چلا سکیں۔ foreigners کے لئے attraction ہو کہ وہ پاکستان میں direct investment کریں۔

ابھی موجودہ حکومت کی پالیسی کے مطابق اللہ کا کرم ہے کہ انرجی جو بنیاد تھی اس کو address کیا گیا ہے اور اللہ کے کرم سے dark era gradually ختم ہو جائے گا اور ہم

آ گے چلیں گے۔ ہمیں انڈسٹری کی طرف بھی دھیان دینا ہو گا اور زراعت کیطرف بھی دھیان دینا ہو گا۔ میں سمجھتا ہوں کہ تجارت میں ہم for sure دنیا سے compete کر سکتے ہیں اور ہماری imports کم کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ۔۔۔۔

(اس موقع پر ہاؤس میں اذان ظہر سنائی دی)

جناب چیئرمین: جی قیوم صاحب wind up کر لیں۔

سینیٹر لیفٹیننٹ جنرل (ر) عبدالقیوم: جناب آخری پوائنٹ۔ میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ اگر ہم نے پیداوار بڑھانی ہے تو ہمیں زراعت پر دھیان دینا ہو گا لیکن افسوس کی بات ہے کہ اور کہ بڑی alarming بات ہے۔ 1947 میں ہمیں پانی کی 5000 availability cubic feet per head per annum تھی۔ آج ہمارے پاس پانی کی availability 1000 cubic feet per head per annum ہے اور اگلے سات سالوں میں یہ 500 گیلن رہ جائے گی۔ آج ہم water stressed countries کی لسٹ میں ہیں اور چار پانچ سال کے بعد ہم water scarce countries کی لسٹ میں آ جائیں گے۔ اگر پانی نہیں ہو گا زراعت کے لئے تو growth نہیں ہو گی اور trade deficit زیادہ ہو گا۔

Mr. Chairman: Thank you, Nasreen Jalil Sahiba.

Senator Nasreen Jalil

Senator Nasreen Jalil: Thank you Mr.Chairman.

شبلی صاحب نے بڑی تفصیل سے جو figures بتائے ہیں trade gap کے حوالے سے تو میں اس میں ایک چیز کا اضافہ کرنا چاہتی ہوں لیکن ابھی انہوں نے یہ mention کیا ہے پاکستان کو European Union نے GSP plus کا status دیا جس سے ہم فائدہ اٹھا سکتے تھے کیونکہ بنگلہ دیش اور انڈیا کو پہلے سے یہ status حاصل تھا جس کی وجہ سے duty regime میں فرق پڑ رہا تھا لیکن چونکہ ہم صرف raw-material ہی بھجوا پا رہے ہیں اور ہماری textiles value added نہیں ہیں جس کی وجہ سے ہم اس سے وہ فائدہ نہ اٹھا سکے جو اٹھا سکتے تھے۔

اسی طرح خدشہ یہ ہے GSP plus کا جو status آپ کو ملا تھا اور آپ کی export کا main انحصار ٹیکسٹائل پر ہے تو ایک تو آپ value add نہیں کر پائے دوسری بات GSP plus کی کچھ شرائط تھیں جن کو ہم پورا نہیں کر رہے اور ہمیں human

rights کے ریکارڈ کی درستگی کی ضرورت ہے، اس کی خلاف ورزیاں ہو رہی ہیں اور اگر ہم نے اپنا human rights کا ریکارڈ بہتر نہ کیا تو خدشہ یہ ہے کہ GSP plus status ہم سے لے لیا جائے گا اور ہمیں جو تھوڑا بہت edge ملا تھا وہ بھی ہم نہیں لے پائیں گے۔ یہ بالکل اس طرح ہو گا جیسے United Nation's Human Rights Council سے ہم حرف غلط کی طرح ہٹا دیئے گئے ہیں۔

ہمیں ضرورت ہے کہ ہم اپنے trade gap کو ختم کریں۔ ہندوستان نے partition کے فوراً بعد ہی اپنے ہاں industrialization پر زور دیا اور وہ اپنے ہاں ہر چیز پیدا کر رہے تھے جبکہ ہم نے ہمیشہ imports پر انحصار کیا۔ ہمارے ہاں جو industrialization 60s میں ہوئی تھی اس کو بھی nationalization سے نقصان پہنچا اور مزید industrialization کی طرف توجہ نہیں رہی، نہ industrial zones میں اضافہ ہو رہا ہے ۔ میں کہیں پڑھ رہی تھی کہ small and medium enterprises کے لئے باقاعدہ ٹیکس کی چھوٹ دی جاتی ہے جو ہمارے ہاں نہیں ہے۔

جناب چیئرمین! ہمیں ان تمام چیزوں پر غور و فکر کرنے کی ضرورت ہے تاکہ ہم اپنے trade gap کو ختم کر سکیں حالانکہ ہمارا ملک agro-based ہے لیکن ہمیں انڈسٹری کی نسبت زراعت سے فائدہ کم ہوا تو ہمیں اس طرف توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ جن چیزوں کی نشان دہی یہاں پر کی گئی ہے حکومت کو چاہیے کہ ان کو consider کرے اور ان چیزوں پر base کر کے پالیسی بنائے۔ شکریہ۔

Mr. Chairman: Thank you. The motion has been talked out. The House stands adjourned to meet again at 5.45.

[The Houses was then suspended for Maghrib Prayers to meet again at 5.45 pm]

[The House was then reassembled after Maghrib prayers with Mr. Chairman (Mian Raza Rabbani) in the Chair]

جناب چیئرمین: سیکرٹری صاحب، سینیٹ کا ایک standard time ہونا چاہیے، ذرا گھڑیاں adjust کروالیں because the watches downstairs are, I think, three minutes or four minutes slow and

یہ ذرا this watch is three minutes or four minutes fast, adjust کروالیں۔

We now move on to agenda Item No. 7. Agenda Item No. 7 stands in the name of Senator Muhammad Talha Mehmood. Senator Talha Mehmood, please move the motion.

Motion Under Rule 218 Moved by Senator Muhammad Talha Mehmood Regarding Discussion on the Affairs of the Housing Societies in Islamabad

Senator Muhammad Talha Mehmood: Mr. Chairman, I move that the Senate of Pakistan may discuss the affairs of cooperative housing societies in Islamabad particularly the violations committed by them in planning and allocation of land for community services.

جناب چیئرمین: جی طلحہ صاحب۔

سینیٹر محمد طلحہ محمود: جناب چیئرمین! میں اس میں یوں بات کرنا چاہوں گا کہ صرف اسلام آباد میں نہیں، پورے ملک میں housing societies کا ایک جال بچھا ہے، اگر آپ اسلام آباد کو particularly لے لیں، ہر housing society کے لیے۔۔۔۔۔۔

جناب چیئرمین: معذرت چاہتا ہوں! قومی اسمبلی میں منسٹر صاحب کو message بھیجیں۔ جی طلحہ صاحب۔

سینیٹر محمد طلحہ محمود: جو important areas ہیں، ان میں سکول، کالج، ہسپتال، قبرستان، مسجد، community welfare کے لیے، وہاں پر اکٹھا ہونے کے لیے کوئی جگہ، اس قسم کی چیزوں کی طرف بالکل توجہ نہیں دی جاتی۔ Housing societies میں، جو بے شمار غیر قانونی ہیں، آپ نے دیکھا ہو گا کہ پچھلے دنوں غوری ٹاؤن کے حوالے سے ایک بہت بڑا issue اٹھا تھا، یہ اسلام آباد کے Zone-IV میں ہے، جس میں Farm Houses کی schemes بن سکتی ہیں، وہاں پر لوگوں کے گھر بنائے گئے، اُس وقت متعلقہ محکمہ خاموش رہا۔ جب لوگوں کے گھر بن گئے، اس کے بعد ان کو تنگ کیا گیا، جس کی وجہ سے وہ سڑکوں پر آئے۔

جناب!ان لوگوں کو پابند کرنے کی ضرورت ہے کہ اس قسم کی activities کے لیے اپنی جگہ کی allocation ضرور کریں۔ہم نے دیکھا ہے کہ بے شمار housing societies میں fraud کر کے لوگوں کو لوٹا جاتا ہے،ان کو time limit دی جاتی ہے کہ اتنے سال میں یہ تعمیر کریں گے،وہ سال چار گنا بھی ہو جاتے ہیں،تین سال کا وقت دیا،بارہ بارہ سال گزر گئے ہیں،تعمیر نہیں ہوتی۔ان لوگوں کے بے شمار مسائل ہیں۔اخبار میں اپنا ایک اشتہار لگا دیا اور اس کے بعد booking شروع کر دی،کوئی اس کو روکنے والا نہیں ہے،کوئی اس پر check رکھنے والا نہیں ہے،کوئی یہ دیکھنے والا نہیں ہے۔ہمارے بے چارے عام لوگوں کے پاس صرف اتنے ہی پیسے ہوتے ہیں جو قسطوں کی صورت میں اپنے کسی گھر کا arrangement کر سکیں،وہ ان کو لوٹتے ہیں،ان کو بچانے والا کوئی نہیں۔متعلقہ محکمہ سے NOC لیے بغیر housing societies تعمیر کی جاتی ہیں اور متعلقہ محکمے خاموش رہتے ہیں۔

جناب !اگر آپ چائنا اور دوسرے ممالک کی مثال لے لیں ، وہاں پر اس قسم کی housing societies کس طرح بنائی جاتی ہیں۔وہاں پر embargo ہے کہ جب تک 50% یا 60% construction نہ ہو جائے،booking نہیں کر سکتے،آپ officially کسی سے advance نہیں لے سکتے،اگر اس طرح کی amount آپ کسی سے لیتے ہیں تو وہ غیر قانونی ہوتا ہے اور ان کے خلاف قانونی کارروائی کی جاتی ہے جس کی وجہ سے وہاں پر اس قسم کے واقعات ہمیں دیکھنے میں نہیں ملتے جبکہ پاکستان میں اس طرح کے بے شمار مسائل ہمیں دیکھنے میں ملتے ہیں،لوگ لٹتے ہیں اور ہم دیکھ رہے ہیں،پارلیمنٹ بھی اس پر silent ہے،even ہمارے پارلیمنٹ کے نام پر بھی سکیمیں شروع کی گئیں اور اس پر بھی آپ نے دیکھا کہ ہماری جگ ہنسائی ہوئی۔لوگوں نے پارلیمنٹ کا نام استعمال کیا،لوگوں کو لوٹا اور اس حوالے سے fraud کیے۔

اس میں میرا main objective یہ ہے کہ اگر اس قسم کی housing society بنتی ہے ، کسی بھی قسم کی تو اس میں ضروری ہے کہ بنیادی ضروریات جن کا میں نے شروع میں بھی ذکر کیا کہ قبرستان، سکول، کالج، clinics، hospitals، مسجد، community welfare کے حوالے سے کوئی قانون سازی ہو،ان کو پابند کیا جائے کہ وہ یہ چیزیں establish کریں۔وہ کہتے تو ہیں کہ ہم یہ کر رہے ہیں،اس حوالے سے وہ ایک allocation دکھاتے ضرور ہیں لیکن بعد میں کیونکہ

commercialization system ہے،لوگوں کے معاملات commercial حوالے سے ہیں،ان کی خواہش ہوتی ہے کہ وہ ساری زمین بیچ دیں اور اس کے ذریعے ان کو جو آمدنی ہو،اس کی طرف ان کا انحصار ہوتا ہے،ان کا اس کی طرف انحصار نہیں ہوتا کہ انہوں نے اگر اس قسم کی کوئی housing society بنائی اور اس سے لوگوں کو فائدہ پہنچے۔ لہٰذا میں سمجھتا ہوں کہ ہمارے متعلقہ محکمے پابند ہونے چاہییں کہ ان لوگوں کو اس حوالے سے پابند کیا جائے۔ بہت شکریہ۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ جی سینیٹر عباسی صاحب۔

جناب چیئرمین: جی عباسی صاحب۔

Senator Muhammad Javed Abbasi

سینیٹر محمد جاوید عباسی: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ بہت شکریہ، بہت اہم issue ہے جو طلحٰہ صاحب نے raise کیا ہے۔ اس پر بڑی serious consideration کی ضرورت ہے۔ جناب چیئرمین! ہاؤس سے ایک بزنس refer ہوا تھا جو کافی عرصے سے ہے۔ جب ہم نے اس کی انکوائری کی، CDA کو بھی بلایا گیا، ICT کو بھی بلایا گیا ہے، دوسرے متعلقہ اداروں کو بھی بلایا گیا تو بڑی دردناک کہانیاں انہوں نے سنائی ہیں بلکہ۔۔۔۔۔

جناب چیئرمین: آپ نہ بولیں۔ شکریہ، جی وزیر صاحب۔

Dr. Tariq Fazal Chaudhary, MOS for CADD

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: بہت شکریہ جناب چیئرمین اس حوالے سے CDA کے جو rules and regulations ہیں اس میں یہ ہے کہ جتنی بھی ہاؤسنگ سوسائٹیز نے CDA کو NOC کے لیے apply کیا ہے۔ یہ پرانا مسئلہ جو آ رہا ہے وہ یہ آ رہا ہے کہ اسلام آباد کا جو سیکٹر area ہے وہ سو فیصد CDA کی limits میں ہے، اس میں جو بھی developments ہوتی ہیں، جو بھی community purpose کے لیے جگہیں رکھی جاتی ہیں وہ ساری کی ساری CDA کے کنٹرول میں ہوتی ہیں اور اس میں کسی طرح کی بھی irregularity نہیں ہوتی لیکن جو اسلام آباد کا rural area ہے اس میں command center ہیں۔ ایک command center CDA ہے، CDA نے اسلام آباد کو پانچ زون میں تقسیم کیا ہوا ہے۔ میں عرض کر دیتا ہوں Zone-I اسلام آباد کا شہری علاقہ ہے، zone-II وہ علاقہ ہے جو ترنول کی طرف ہے اور سی ڈی اے نے اجازت دی ہوئی ہے کہ پرائیویٹ ہاؤسنگ سوسائٹیز اور وہ ہاؤسنگ سوسائٹیز جن میں آپ ایک کنال یا اس سے کم کے پلاٹس بنا سکتے ہیں۔ اسی طرح zone-III اسلام آباد کا مارگلہ ہلز ہے جسے ہم forest area بھی کہتے ہیں، اسے نیشنل پارک بھی کہتے

ہیں، یہاں پر کسی طرح کی کنسٹرکشن یا کسی طرح کی activity کی اجازت نہیں ہے۔ zone-IV وہ علاقہ ہے جہاں بھارہ کہو اور دوسرے علاقے ہیں یہاں پر بیس کنال agro forms کی NOC دی جاتی تھی اب اس کو پانچ کنال کر دیا گیا ہے اور وہاں پر agro forms کی اجازت ہے۔ اسی طرح public sector میں development ہو سکتی ہے۔ Zone-V جو روات کا علاقہ ہے یہاں پر بھی پرائیویٹ سوسائٹی کی اجازت ہے اور ایک کنال یا اس سے کم میں سوسائٹیز بن سکتی ہیں۔

جناب چیئرمین! مسئلہ یہ ہے کہ جو دیہی علاقے ہیں Zone-II, Zone-IV and Zone-V اس میں بعض ایسی سوسائٹیاں بنی ہوئی ہیں جنہوں نے CDA میں apply ہی نہیں کیا، کسی نے سو کنال، دو سو کنال اور تین سو کنال پر پرائیویٹ کالونیاں بنائی ہیں۔ یہ سلسلہ پچھلے پچیس، تیس یا چالیس سال سے جاری ہے۔ اس میں نہ سی ڈی اے نے چیک کیا اور نہ ہی ICT نے چیک کیا جو براہ راست چیف کمشنر کے ماتحت ہیں نہ ان اداروں نے mushroom growth کو چیک کیا۔ اس سے یہ مسائل آ رہے ہیں لیکن جناب چیئرمین! جو سوسائٹیز جنہوں نے lay out plan منظور کیا ہے اس کے لیے قانون یہ ہے کہ 4% area public services کے لیے، جیسے سکول ہیں، مساجد ہیں، ڈسپنسریاں ہیں، ہسپتال ہیں ان کے لیے مختص کرنا پڑتا ہے 2% قبرستان کے لیے، اسی طرح 8% علاقہ پارکس کے لیے اور open spaces کے لیے ہوتا ہے۔

جناب چیئرمین! جب CDA layout plan سے منظور کروایا جاتا ہے تو اس کے بعد ہی سوسائٹیز کو اجازت دی جاتی ہے کہ وہ اپنی سوسائٹی کو advertise کر سکے، بیچ سکے۔ اس کے بعد دوسرا کردار ICT کا ہے، اس میں یہ ہے کہ ہماری جو سوسائٹیاں ہیں، cooperative societies ہیں ان میں باقاعدہ الیکشن ہوتے ہیں، AGM ہوتی ہے اس کے بعد provisional allotment letters دیئے جاتے ہیں، ممبر شپ دی جاتی ہے وہ ان کی اجازت سے ہوتی ہے۔ ہم یہ بھی کوشش کر رہے ہیں کہ یہ کسی ایک کے under head ہوں تاکہ یہ ذمہ داری ادارے ایک دوسرے پر ڈالنے کی بجائے ایک ادارہ اس ذمہ داری کو قبول کرے۔

جناب چیئرمین! اس وقت جو layout plans violation کی وجہ سے cancel ہوئے ہیں وہ میں عرض کر دیتا ہوں Zone-II میں ایک cancel ہوا ہے اسی

طرح Zone-IV میں ایک cancel ہوا ہے۔ Zone-II میں جو پلان ہمارے پاس منظور شدہ ہیں وہ 9 ہیں، Zone-IV میں دس ہیں، E-11 بھی اسی زمرے میں آتی ہے، E-11 میں دو سوسائٹیز کو۔ میں معذرت چاہتا ہوں یہ جو میں نے نام بتائے ہیں یہ layout plan ہے اور ان سوسائٹیز کو NOC بھی دیا گیا ہے لیکن جن کے صرف lay out plan جاری ہوئے ہیں وہ Zone-II میں دو ہیں، Zone-V میں تیرہ ہیں، E-11 میں ایک ہے۔ جناب چیئرمین! میں اس کو conclude اس طرح کروں گا کہ ہم اس بات کو یقینی بنا رہے ہیں کہ اسلام آباد کے دیہی علاقوں میں جو سوسائٹیز میں violations ہوئی ہے یا جو community purposes کے لیے علاقے مخصوص کئے گئے ہیں اس پر عملدرآمد نہیں ہوا، اس پر پہلے ایکشن ہو بھی چکا ہے، اس پر FIR بھی درج ہوئی ہیں۔ مزید ہم ان سوسائٹیز کو کاربند کریں گے کہ سوسائٹیز نے community purposes کے پلاٹس نہیں چھوڑے۔ جن سوسائٹیوں نے layout plan منظور نہیں کروائے، جن سوسائٹیوں نے NOC کے لیے apply ہی نہیں کیا ان کے خلاف کارروائی ہو رہی ہے، انہیں نوٹس جاری ہو چکے ہیں۔ سوسائٹیوں کو قاعدہ اور ضابطے میں لے کر آنا سی ڈی اے کا منشور ہے اور بہت جلد جو ہمارے قوانین بنے ہوئے ہیں اس میں بھی amendment نظر آئے گی۔ یہ عوام کے interest کا مسئلہ ہے ہم اس کو پوری سنجیدگی سے دیکھ رہے ہیں۔

Observation of the Chairman

جناب چیئرمین: شکریہ، یہ ایک نہایت ہی اہم مسئلہ ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ stricto senso اس مسئلے کو CAD Committee کے پاس جانا چاہیے تھا لیکن کیونکہ CAD Committee کے چیئرمین نے یہ motion move کیا ہے لہٰذا اس میں ان کا interest پیدا ہو گیا ہے

therefore, I cannot refer it to that committee. The Committee on Law and Justice is already seized with a question on illegal housing societies in capital area. That is why I did not allow the Chairman of the Standing Committee on Law and Justice to express his views because then he would have also acquired an interest into the matter. This matter stands referred to the Standing Committee on Law and Justice to report back within one month as of today.

We now move on agenda Item No. 8. Agenda Item No. 8 stands in the name of Senator Mian Muhammad Ateeq Shaikh. I have a request from Mian Muhammad Ateeq that he is not well and he has to go to the doctor and therefore, his matter may be deferred. The motion is accordingly deferred. We now move on to agenda Item No. 9. Agenda Item No. 9. Stands in the name of Senator Mohsin Aziz, I have a request from Senator Mohsin Aziz that he is not going to be present, therefore, his motion may be deferred, therefore, the motion stands deferred. We now move on to agenda item No.10. Agenda item No.10 stands in the name of Syed Tahir Hussain Mashhadi. Please move the resolution.

(Pause)

Mr. Chairman: Mashhadi sahib, party caucus can meet later.

Resolution Moved by Senator Col. (R) Syed Tahir Hussain Mashhadi Regarding Establishment of New Residential Sectors in Islamabad

Senator Col. (R) Syed Tahir Hussain Mashhadi: Thank you Mr. Chairman. I would like to move the following resolution:-

> "This House recommends that the Government should take immediate steps to establish new residential sectors in Islamabad.".

Mr. Chairman: Is the Resolution being opposed?

Dr. Tariq Fazal Chaudhary (MOS for CADD): We don't oppose the Resolution.

Mr. Chairman: As the Resolution is not opposed, I put the Resolution before the House.

It has been moved that this House recommends that the Government should take immediate steps to establish new residential sectors in Islamabad.

(The Motion was carried)

Mr. Chairman: The resolution is passed unanimously. We move on to agenda item No.11. Agenda item No.11 stands in the name of Senator Mohammad Azam Khan Swati. Senator Swati to move the Resolution.

Resolution Moved by Senator Mohammad Azam Khan Swati Regarding Provision of Additional Amount of Rs.2 Billion to NACTA

Senator Mohammad Azam Khan Swati: I beg to move that the Government should provide an additional amount of Rs.2 billion to NACTA to facilitate its operations and fulfill the requirements of national security.".

Mr. Chairman: Is it opposed?

Mr. Baligh-ur-Rehman (MOS for Interior): Yes sir, it is being opposed.

Mr. Chairman: You are opposing getting money.

Mr. Baligh-ur-Rehman: Sir, enough money has already been provided for this year and they need more money again.

Mr. Chairman: Swati sahib, would you like to speak on it?

Senator Mohammad Azam Khan Swati: Yes, sir. I do.

جناب چیئرمین! مجھے انتہائی افسوس ہوا کہ جہاں ہماری قومی سلامتی کا مسئلہ ہے، اسی ایوان میں، میں سمجھتا ہوں کہ Opposition نے بھی اور aisle کے اس طرف بھی دونوں اطراف سے یک زبان، یک قالب آوازیں آئیں کہ NACTA ایک ایسا institution ہے جس کو متحرک کیا جائے۔ NACTA میں جان ڈالی جائے، اس کو facilitate کیا جائے اور آپ نے سنا کہ اس حکومت کا وزیر داخلہ خود یہاں پر آپ کے سامنے پیش ہوا اور اس کے الفاظ یہ تھے کہ

1.06 million جو مختص کیا گیا ہے، اس ادارے کو facilitate کرنے کے لیے، اس کو عملی جامہ پہنانے کے لیے، کافی نہیں ہے۔ آج جناب وزیر موصوف ایک ایسے ادارے کو جس کا تشخص میری قومی سلامتی سے ہے، میرے ملک سے ہے، اس کے مستقبل سے ہے، اس میں کوئی دوسری بات نہیں ہے، جس کے مختلف tiers ہیں۔ آپ کو کسی ایک بات پر تو اختلاف ہو سکتا ہے لیکن اس ادارے کی افادیت پر، اس ادارے کے کردار پر قطعاً کوئی شک نہیں ہو سکتا۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس ایوان میں بیٹھے ہوئے سارے مقتدر میرے colleague اس بات کو یقینی بنائیں کہ اتنا بڑا ادارہ اتنی بڑی بحث کے بعد، اتنی تکرار کے بعد اور تواتر سے اور کافی عرصے کے بعد اگر معرض وجود میں آیا، جہاں پر اسے human resource کی ضرورت ہے، جہاں پر اسے facilities کی ضرورت ہے۔ آج ہم اپنے بیرون ملک non-productive trips کے لیے خرچ کر رہے ہیں، لوگوں کو ملنے کے لیے تو ہمارے پاس بے شمار پیسے ہیں۔ آج ہم non-productive development کے نام پر پیسے خرچ کر رہے ہیں لیکن جہاں ایک ادارہ قومی سلامتی کی حیثیت سے ابھر کر ہماری امنگوں کا ترجمان ہو گا، ہماری ہر طرح سے حفاظت اور اس کے تمام معاملات کو بہتر طور پر دیکھ سکے گا، اس کے لیے حکومت کے وزیر نے کہہ دیا کہ اس کے لیے ہم نے کافی پیسے رکھے ہوئے ہیں۔

جناب والا! میں کہتا ہوں کہ اگر 9/11 کے تناظر میں اپنے ملک کو اور اپنے ملک کی ساری ایجنسیوں کو مضبوط بنانا ہے، اس کے لیے قانون بنانے ہیں، اس قانون کو implement کرنا ہے تو پھر ہمیں وہ وسائل بھی NACTA کو دینے ہوں گے جس سے میرے ملک کے اندرونی اور بیرونی دشمنوں کی سازشوں کا مقابلہ کیا جا سکے۔ میں قطعاً یہ تاثر نہیں دے رہا ہوں کہ یہ پیسا armed forces یا کسی اور ایجنسی کو جا رہا ہے۔ بحیثیت پاکستان کے ایک شہری اور اس قابل قدر ایوان کے نمائندے کی حیثیت سے اور پاکستان کی اکائی کی ترجمانی کرتے ہوئے کہہ رہا ہوں کہ جو مسائل ہمیں خیبر پختونخوا میں درپیش ہیں، جو ہمیں اسلام آباد میں درپیش ہیں، جو مسائل ہمیں پنجاب، سندھ اور بلوچستان میں درپیش ہیں، جو مسائل ہمیں گلگت میں درپیش ہیں، ان کے تدارک کے لیے ہمیں NACTA کو جتنی بھی رقم کی ضرورت ہو، جتنے بھی وسائل کی ضرورت ہو، اپنی ترجیحات کے مطابق وہ دینے کی ضرورت ہے۔ اگر حکومت نے دوارب دینے کی مخالفت کی ہے تو یہ کسی غلط فہمی کی وجہ سے تو ہو سکتی ہے لیکن اس قدر اعلان کرنا اور اس طرح کہنا کہ یہ پیسے اس institution کو نہیں دینے، یہ بہت بڑی زیادتی ہے۔ ملک کی بہتری، سلامتی اور اس کی

حفاظت کے لیے حکومتی ترجیحات اس طرح ہونی چاہییں کہ کون سا کام پہلے کر کے ملکی بہتری کے لیے سوچا جا سکتا ہے۔

جناب چیئرمین! مجھے حیرت ہو رہی ہے کہ نیکٹا کے لیے ایک وزیر اور ایک حکومتی وزیر، میں اپوزیشن کی ترجمانی کرتے ہوئے اپنا مافی الضمیر بیان کر رہا ہوں۔ وہ کہہ رہے ہیں کہ ہم مزید رقم نہیں دے رہے۔ آپ فضول projects کے لیے، بیرون ملک دوروں کے لیے، بڑی بڑی محفلوں کے لیے تو پیسے دے سکتے ہیں لیکن ایک ادارے کے استحکام، اس کے وجود کے لیے، اس کو facilitate کرنے کے لیے آپ کے پاس پیسے نہیں ہیں۔

جناب چیئرمین: فرحت اللہ بابر صاحب۔

Senator Farhatullah Babar

سینیٹر فرحت اللہ بابر: شکریہ، جناب چیئرمین! میں سینیٹر اعظم سواتی صاحب کی اس resolution کی بھرپور تائید کرتا ہوں۔ مجھے بڑا دکھ ہوا کہ فاضل وزیر صاحب نے کہا کہ وہ نیکٹا کو financially strengthen کرنے کی ضرورت محسوس نہیں کرتے۔ جناب چیئرمین! نیکٹا fight against militancy کے لیے مرکزی ادارہ ہے اور گزشتہ دنوں Army Public School پر حملے کا ایک سال پورا ہو گیا چاہیے تو یہ تھا کہ ایک سال مکمل ہونے کے بعد حکومت خود review کرتی کہ ہم کہاں کھڑے ہیں۔ اگر وہ review کرتی کہ ہم کہاں کھڑے ہیں تو یقیناً وہ نیکٹا کو مزید مضبوط بنانے کے لیے کچھ اقدامات کرتی۔ مجھے دکھ اس لیے ہوا کہ نیکٹا کو دو چیزیں چاہییں for enforcing it, the human resources and the financial resource. جو سینیٹر اعظم سواتی صاحب نے دو بلین روپے کا کہا ہے this is not out of the blue, this is not something out of the hat. جب نیکٹا بنا اور جب بجٹ بن رہا تھا تو خود نیکٹا نے دو بلین روپے کا مطالبہ کیا تھا۔ انہوں نے کہا تھا کہ جو کام ہمارے ذمے ڈالا گیا ہے we need two billion rupees, we need office and we need staff. اس کا result یہ ہوا کہ 33 officers are on the sanctioned strength of NACTA against that ان کے پاس صرف پانچ officers ہیں۔ نتیجہ یہ ہوا کہ نیکٹا کا اپنا دفتر ابھی تک نہیں ہے اور NACTA is housed in the National Police Bureau and National Police Bureau میں اس لیے housed ہے کہ جو اس کا سربراہ ہے وہ National Police Bureau کا بھی سربراہ ہے۔

جناب چیئرمین! اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ مزید رقم کی ان کو ضرورت تھی and the honourable Minister says that there is no need to give it more money, meaning thereby کہ خود حکومت fight against militancy میں کوئی دلچسپی نہیں رکھتی۔ اس کی اگر کوئی دلچسپی ہوتی تو نیکٹا قانون کے مطابق Board of Governors کی سال میں ابھی تک ایک بار بھی meeting نہیں ہو سکی۔ قانون کے مطابق NACTA کے Board of Governors کو تین مہینے کے بعد meeting کرنا ہے۔ اس کا سربراہ وزیر اعظم ہوتا ہے۔ جناب چیئرمین! آپ اندازہ لگائیں کہ APS attack کو ایک سال ہو گیا، نیکٹا کے حوالے یہ کام کیا گیا اور نیکٹا کے Board of Governors کی آج تک ایک بھی meeting نہیں ہو سکی۔

It is short of funds, it is short of staff also and the Government wants us to believe that it is sincere and genuinely fighting the militancy. I would urge the honourable Minister through you Mr. Chairman; to kindly reconsider his statement and give additional financial allocations to NACTA otherwise there will always be a big question mark about the intentions of the Government to fight militancy. Thank you very much.

Mr. Chairman: Senator Tahir Hussain Mashhadi Sahib.

Senator Col. (R) Syed Tahir Hussain Mashhadi

Senator Col. (R) Syed Tahir Hussain Mashhadi: Thank you Mr. Chairman, I am very surprised that the honourable Minister, who is a responsible minister for his Government which professes to have the political wills, the wit, faith and persistence to fight these barbaric hordes and these monsters. When it comes to having an organization on the National level, on the strategic level, he says that we don't need to give any more money. Whereas on an authorized strength of 33 only five officers are functioning. How they are supposed to fight the Taliban, the banned

organizations, Lashkar-e-Jhangvi, Sepha-e-Shaba,ISIS are very much here and Maulvi Abdul Aziz and his man and women who are openly working for *Daish* in Islamabad and elsewhere. I just don't understand the criteria on which he has chosen to oppose this.

NACTA is a new organization; it needs structural, organizational, administrative, establishment, accommodation and state of the art equipments. To become an entity it needs almost everything at the moment from a pencil to latest equipment in anti-terror fighting yet they are deprived of everything. I again highlight that it seems that the Government does not have that requisite political will to fight these Taliban, barbarians who have waged war against the state of Pakistan. They would rather do cases against the elected representatives and give an impression that a lot of work is being done. If we want to fight, somebody who is better equipped, better armed, better trained and better in finance then you have to be better in all these things otherwise it's a lost battle. Thank you.

Mr. Chairman: Jam Sahib, Chaudhary Tanvir has not come today so you have an international flight to catch, you can go. Thank you for coming to the House, I wish other ministers could follow suit, Senator Abdul Qayyum Sahib.

Senator Lt. Gen. (Retd.) Abdul Qayyum

سینیٹر لیفٹیننٹ جنرل (ر) عبدالقیوم: جناب چیئرمین! سواتی صاحب نے بنیادی طور پر جو بات کی ہے in principle یہ بات تو بالکل ٹھیک ہے کہ ہمیں war on terror کے لیے funds کی ضرورت ہے۔ اگر آپ اس resolution کو پڑھیں تو it says that this House recommends the Government should provide an additional amount of two billion. What is initial کہ جو the basis for two billions? The point is

assessment انہوں نے کی تھی اس میں سے one billion ان کو مل چکا ہے how do we say Government's funds ایسے تو allocate نہیں کیے تھے کہ آپ ایک موٹا سا حساب لگا کر کہیں کہ two billion دے دیں we know that they need funds but then they have to utilize them اگر کوئی existing office structure use کر رہے ہیں تو اس میں یہ money save ہو رہی ہے۔ میرا خیال ہے کہ spirit تو یہ بالکل ٹھیک ہے اور ہمیں نیکٹا کو strong بنانا ہے for sure ہمیں اس کو strong بنانا ہے لیکن ہمیں پیسے احتیاط سے خرچ کرنا ہیں جہاں ہماری ضرورت ہے۔اس لیے میں جو اس کی مخالفت کر رہا ہوں وہ اس لیے کر رہا ہوں کہ اگر یہ Resolution یہ ہوتا that should be provided any additional amount required by NACTA to facilitate their operation, that I have said, yes, this is right but when you put a figure and we don't have the basis کہ اس figure کی کیا basis ہیں while they have already got 1.06 billion اور وہ اس کو utilize کریں گے تو اگلا پیسا بھی ان کو مل جائے گا۔ So that is probably the spirit in which the Minister said اور اس کو اتنا set rich کرنا کہ we are not sincere to fight terror اور ہماری political will نہیں تو gimmicks sir. Thank you. I think these are political

جناب چیئرمین:.Thank you جی دھامرا صاحب۔

Senator Mukhtiar Ahmed Dhamrah @ Aajiz

سینیٹر مختیار احمد دھامرا المعروف عاجز: شکریہ جناب چیئرمین! سواتی صاحب نے جس point کو یہاں پر raise کیا ہے، اس ملک کے اندر آپریشن ضرب عضب بھی چل رہا ہے، آخر کب تک یہ آپریشن چلتا رہے گا اس کی کامیابی اور اس کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کے لیے نیکٹا کا ادارہ اس ملک میں دہشت گردی ختم کرنے کے لیے بنا تھا۔آپریشن ضرب عضب تو چل رہا ہے مگر نیکٹا کے حوالے سے، دہشت گردی کے خاتمے کے حوالے سے ادارے کی ہم نے بات کی تھی اور اس ملک میں جو بہت اہم مسئلہ ہے وہ دہشت گردی ہے۔ایک طرف ہم CPEC کی باتیں کر رہے ہیں، ان کی سیکیورٹی کی باتیں کر رہے ہیں اور دوسری طرف ہماری سوچ اور حکومت کی seriousness اس سے ظاہر ہوتی ہے کہ وہ ادارہ جس نے دہشت گردی سے جنگ کرنی

ہے، لڑنا ہے وہ ادارہ قائم نہیں ہوا۔ یہاں پر یہ بات کی گئی کہ ہر تین مہینے کے بعد اس کے بورڈ آف گورنرز کا اجلاس ہونا تھا۔ اس حکومت میں جو اہم ادارے ہیں مثلاً CCI کی میٹنگ نہیں ہو رہی تو وزیر داخلہ صاحب یا وزیر اعظم صاحب یا موجودہ حکومت کی جتنی بھی statements ہیں، جتنی بھی تقریریں ہیں وہ دہشت گردی کے حوالے سے ہیں ۔جب آپ نیکٹا کے حوالے سے serious نہیں ہیں اور ملک اس وقت alarming situation میں چل رہا ہے اور جو مسائل ہمیں درپیش ہیں اس میں حکمرانوں کا اگر یہ حال ہو گا کہ اس میں عملہ نہیں ہے، آفس نہیں ہے، coordination نہیں ہے اور آپ سب depend کرتے ہیں ملٹری آپریشن ضرب عضب پر جو چل رہا ہے، باقی اگر آپ کی حکومت کی کارکردگی دیکھی جائے تو بالکل صفر ہے۔ یہاں پر فنڈنگ کے حوالے سے جنرل قیوم صاحب نے بالکل ٹھیک کہا ہے کہ کس مد میں پیسے دیں مگر یہ بھی حکومت نہیں کہہ سکتی کہ جتنی فنڈنگ کی گئی ہے وہ کافی ہے۔

جناب چیئرمین! فنڈنگ کے علاوہ بھی دفتر، کہاں ہے، جب آپ کی activity بطور ریاست یا حکومت نہیں ہو گی تو یہ alarming situation ہے ۔اس میں حکومت کو اپنی efforts کرنی پڑیں گی۔ آج تک کی کارکردگی مایوس کن ہے اور حکومت کو اپنی ناکامی کا اعتراف بھی کرنا چاہیے۔ شکریہ

جناب چیئرمین: شکریہ۔ سینیٹر سیف۔

Senator Muhammad Ali Khan Saif

سینیٹر محمد علی خان سیف: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ محترم چیئرمین! میں صرف اس ایک point کو agitate کرنا چاہوں گا جو جنرل صاحب نے ابھی اپنی تقریر میں کہا ہے کہ کس مد میں، کیا ضرورت ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ Orange Train کے لیے پورے لاہور کو کھود کھود کر، تمام سڑکوں اور بلڈنگوں یہاں تک کہ تاریخی مقامات کا (XXX) کر دیا گیا۔

Mr. Chairman: Word(xxx) is expunged.

سینیٹر محمد علی خان سیف: اور شہروں میں بھی اسی طرح کے منصوبے ہیں۔ اسلام آباد میں بھی ہم نے بھگتا، کافی عرصے تک یہاں پر جو حالت تھی۔ اب یہ کہا جا رہا ہے کہ مزید فنڈنگ کی ضرورت کیا ہے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ commitment جو حکومت نے خود یہاں اس قوم کی دی ہے کہ ہم دہشت گردی کے خلاف جنگ میں serious ہیں۔ اس کا مطلب ہے کہ اس commitment میں کوئی کمزوری ہے یا اب کوئی second thought دیے جا رہے ہیں اس سارے مسئلے پر اور اگر پیسے بچانے ہیں تو میں حکومت کو، منسٹر صاحب بھی یہاں بیٹھے

ہوئے ہیں، میں انہیں ایک بڑا ہی آسان نسخہ بتاتا ہوں۔ انگریزی میں کہتے ہیں کہ set a thief to catch a thief , تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ ان لوگوں کے ساتھ تعلقات، سیاسی اتحاد تو ویسے بھی ہے تو بجائے نیکٹا کو strengthen کرنے کے اگر اپنے چند اتحادیوں کو اس کام پر لگا دیں تو وہ شاید ان دہشت گردوں کو زیادہ بہتر طریقے سے sort out کر سکیں گے۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ جی منسٹر صاحب۔

Mr. Muhammad Baligh-ur-Rehman, MOS for Interior

جناب محمد بلیغ الرحمٰن: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ شکریہ جناب چیئرمین! گزارش یہ ہے کہ اگر اس Resolution میں یہ کہا گیا ہوتا کہ نیکٹا کو مزید strengthen کرنے کے لیے مزید فنڈنگ دی جائے اور میں سمجھتا ہوں کہ شاید ان کے کہنے کا مقصد بھی یہی تھا کیونکہ جب زیادہ تر سینیٹر صاحبان نے اپنے خیالات کا اظہار کیا تو انہوں نے یہی کہا ہے کہ اس کو مزید فنڈنگ ملنی چاہیے۔ بالکل ملنی چاہیے یہ بات ٹھیک ہے کہ دو ارب کے قریب ڈیمانڈ کی گئی تھی اور فنانس میں اسی طرح ہوتا ہے کہ جب تمام منسٹریوں کی ڈیمانڈز جاتی ہیں تو ان کے مطابق وہاں پر دیکھا جاتا ہے لیکن ساتھ ساتھ میں آپ کو یہ بھی بتانا چاہوں گا کہ جس حالت میں نیکٹا ہمیں ملا تھا۔ پہلے نیکٹا کس طرح کام کر رہا تھا اور آج کس stage پر پہنچ چکا ہے۔

پاکستان کی پہلی National Internal Security Policy ہم نے دی تو اس میں نیکٹا کو محور بنایا گیا ان تمام activities کے لیے خاص طور پر موجودہ حکومت نے جو intelligence sharing کے concept کو فروغ دیا ہے۔ ابتدا سے ہم یہ کہنا شروع ہوئے کہ اگر کوئی chatter ملک کے کسی ایک کونے میں ملتی ہے اور وہ دوسرے کونے سے relate کرتی ہے تو اکثر وہ مختلف ایجنسیوں کی اپنی بھول بھلیوں میں گم ہو جاتی ہے اور دوسرے relevant quarters تک پہنچ نہیں سکتی۔ آج الحمدللہ ایسا نہیں ہے۔ JID کا جو concept ہے جس میں نیکٹا بننے جا رہا ہے اور جس پر کام شروع ہو چکا ہے Joint Intelligence Directorate, it will be a big step forward اور گزارش یہ ہے کہ جہاں پر نیکٹا پہلے تھا اس کی فنڈنگ سو ملین کے قریب تھی یا کچھ اوپر تھی۔ آج اس سے کوئی پانچ فیصد یا دس فیصد، بیس فیصد نہیں بڑھی بلکہ کوئی دس گنا سے زیادہ بڑھ چکی ہے۔ 1.06 billion rupees کے قریب funding اسی سال ملی ہے۔ اس کو خرچ کرنا ہے، اس کی capacity میں اضافے کی پوری کوشش کی جا رہی ہے، تعداد بڑھائی جا رہی ہے، اس کی strengthen کرنے کے اوپر کام ہو رہا ہے اور وہ کام نظر بھی آ رہا ہے۔

حکومت کی پالیسیوں میں law and order and fight against terrorism top priorities میں شامل ہے اور الحمد للہ اس میں کامیابیاں ہو رہی ہیں۔یہاں پر جس طرح محترم سینیٹر صاحبان نے کہا کہ fighting the militancy کے لیے فنڈز اور آپریشن ضرب عضب کا نام بھی لیا کہ اس کے لیے فنڈز تو یہ فنڈز تمام چیزوں کے لیے نیکٹا نے نہیں provide کرنے۔اس کے لیے الگ فنڈز دیے گئے ہیں، وہ بھی پہلے سے زیادہ ہیں ۔ریجنرز جو ہماری Civil Armed Forces ہیں ان کے لیے بھی الگ سے فنڈز دیے جاتے ہیں۔پوری قوم نے مل کر National Action Plan بنایا ہے، NAP کا ادارہ اس کے اندر ایک ڈائریکٹوریٹ کا کام کر رہا ہے اور اس کے لیے الحمد للہ successfully کام کر رہا ہے، اس کی progress monitor کر رہا ہے۔یہ ادارہ وزیراعظم کو رپورٹ کر رہا ہے۔یہ وزارت داخلہ کے تحت directly کام کرتا ہے تو obviously یہاں سے ہی reports emerge ہوتی ہیں ۔اس ادارے کو ہم strengthen کرنے کے لیے ہر طرح سے serious ہیں۔یہ بات ٹھیک ہے جتنی فنڈنگ مانگی تھی اس سے کچھ کم ملی ہیں لیکن ہم سمجھتے ہیں کہ مزید فنڈنگ بھی ہم مانگ رہے ہیں وہ بھی حکومت دے گی اور اس کے لیے دس گنا زیادہ جو فنڈنگ ملی ہے we appreciate that fact اور ہمیں یقین ہے کہ آنے والے دنوں میں، سالوں میں اس کی فنڈنگ مزید بڑھتی جائے گی۔ شکریہ۔

Mr. Chairman: I now put the Resolution before the House. It has been moved that this House recommends that the Government should provide an additional amount of rupees 2 billion to NACTA to facilitate its operations and fulfill the requirements of National Security.

(The Resolution was adopted)

Mr. Chairman: The Resolution is adopted. If you are challenging it I can go for a re-vote. Raja *Sahib*, is the Government challenging, if you are challenging I can go for a re-vote.

Senator Raja Muhammad Zafar-ul-Haq, Leader of the House

سینیٹر راجہ محمد ظفر الحق: جناب چیئرمین! اس میں دو چیزیں ہیں۔ایک تو یہ ہے کہ منسٹر صاحب نے یہ کہا ہے کہ فنڈز کچھ دیے گئے ہیں اور مزید جتنی ضرورت ہو گی ، حکومت وہ

provide کرے گی۔ جو basis ہے کہ دو بلین ہی دیے جائیں وہ کس بنیاد پر calculate ہوئے ہیں۔اس لیے اس میں کوئی شک نہیں کہ حکومت اس بات سے اتفاق کرتی ہے کہ جو additional requirement ہے وہ پوری کرے گی۔ دوسرا یہ ہے کہ اس میں اگر voice vote پر فیصلہ ہونا ہے تو پھر جن کا گلا ٹھیک ہے ان کو زور لگانا پڑتا ہے۔

Mr. Chairman: I can go for another voice vote, if you are challenging it.

سینیٹر راجہ محمد ظفرالحق: یہ لوگ زیادہ زور لگالیں گے۔ ٹھیک ہے ہمارے لوگ بھی اونچی آواز سے بول لیں گے۔

Mr. Chairman: You are challenging it? Under Rule 238, let the galleries be cleared. Please see two minutes. According to the Rules for a voice vote the galleries have to be cleared. I will go according to what the rule says. If a voice vote is challenged, the galleries will be cleared. A second voice vote will be taken, if that voice vote is also challenged then there is standing in the seats.

دو منٹ ہو گئے ہیں؟

I put the motion again to the House. It has been moved that the House recommends that the government should provide an additional amount of Rs. 2 billion to NACTA to facilitate its operations and fulfill the requirements of National Security.

(Loud voices of ayes and nos)

Mr. Chairman: I will put it again.

(Loud voices of ayes and nos)

Mr. Chairman: I am left with because I can't decide on this. Let those who are in favour of the resolution may rise in their seats.

(At this moment members in favour of the resolution stood in their seats)

(Count was made)

Mr. Chairman: Those against the Motion may please rise in their seats.

(At this moment members against the resolution stood in their seats)

(Count was made)

Mr. Chairman: There are fourteen members who stood in their seats for the Ayes and there are nine members who stood in their seats for the Nos.

(Interruption)

Mr. Chairman: I will do it again. Those who are in favour of the Resolution may rise in their seats.

(At this moment members in favour of the resolution stood on their seats)

(Count was made)

Mr. Chairman: Please be seated. Those against the motion may rise in their seats.

(At this moment members against the resolution stood on their seats)

(Count was made)

Mr. Chairman: There are 13 members in favour of the resolution and 9 members are against the resolution. Therefore, the resolution is passed by the majority of the vote.

(The motion was carried)

Resolution Moved by Senator Col. (R) Syed Tahir Hussain Mashhadi Regarding Exploring New Markets Abroad for Pakistani Goods

Mr. Chairman: We now move on to Item No. 12 which stands in the name of Senator Col. (R) Syed Tahir Hussain Mashhadi. Please move the resolution.

Senator Col. (R) Syed Tahir Hussain Mashhadi: Thank you Mr. Chairman. I move the following resolution:-

> "This House recommends that the Government should take immediate steps to explore new markets abroad for Pakistani goods".

Mr. Chairman: Is it opposed? It is not opposed. As it is not opposed, I will put the motion to the House.

(The motion was carried)

Mr. Chairman: We move on to Item No. 13 which stands in the names of Senators Nighat Mirza and Muhammad Ali Khan Saif. Senator Muhammad Ali Khan Saif, please move the resolution.

Resolution Moved by Senator Muhammad Ali Khan Saif Regarding Banning of VIP Protocol

Senator Muhammad Ali Khan Saif: Sir, I beg to move the following resolution:-

> "This House recommends that the Government should immediately ban the VIP protocol in the country in order to save the people from hardships being faced by them due to that protocol".

Mr. Chairman: Is the resolution being opposed? The resolution is not being opposed. As the resolution is not opposed, I should put the resolution to the House.

(The motion was carried)

Resolution Moved by Senator Col. (R) Syed Tahir Hussain Mashhadi Regarding Improvement in Performance of Pakistan Agricultural Research Council

Mr. Chairman: Now we move on to agenda Item No. 14 which stands in the name of Senator Col. (R) Syed Tahir Hussain Mashhadi. Please move Item No. 14.

Senator Col. (R) Syed Tahir Hussain Mashhadi: Mr. Chairman, thank you. I beg to move the following resolution:-

> "This House recommends that the Government should take effective steps to improve the performance of Pakistan Agricultural Research Council".

Mr. Chairman: Is it being opposed? As it is not being opposed, I will put this resolution to the House.

(The motion was carried)

Mr. Chairman: Any points of public importance. Saeed Ghani Sahib.

Point of Public Importance Raised by Senator Saeed Ghani Regarding Arrest of Workers of Phillip Morris Tobacco Company Under MPO in Khyber Pakhtunkhwa

سینیٹر سعید غنی: شکریہ۔ جناب! میں ایک issue raise کرنا چاہتا ہوں کہ صوابی میں Phillip Morris Tobacco Company نے کچھ مزدوروں کو نکالا اور Labour Court نے ان کو reinstate کیا۔ اس عدالت کے فیصلے کو تسلیم نہیں کیا جا رہا تھا تو انہوں نے پر امن احتجاج کیا۔ وہ یہاں اسلام آباد آئے اور پشاور میں بھی احتجاج کیا لیکن چند دن قبل خیبر پختونخوا کی حکومت نے ان میں سے پینتیس لوگوں کو under MPO arrest کر لیا ہے۔ ایک طرف PTI اس کی حامی نظر آتی ہے کہ لوگ پر امن احتجاج کریں، دھرنے دیں اور اپنی آواز اٹھائیں اور دوسری طرف عام محنت کش کارکن جو وہاں مزدوری کر رہے تھے، ان کو trade union activities کی وجہ سے نکالا گیا پھر عدالت نے ان کو reinstate کیا۔ عدالت

کے فیصلے کو ماننااور reinstate کرنا یا نہ کرنا الگ بات ہے لیکن اس پر امن احتجاج کی وجہ سے وہاں کی صوبائی حکومت اگر ان کو MPO کے تحت گرفتار کر لیتی ہے تو یہ بڑی زیادتی ہے۔ میں ان سے گزارش کروں گا کہ ان تمام لوگوں کو فوری طور پر رہا کیا جائے۔ صوبائی حکومت کو چاہیے کہ عدالتی احکامات کو یقینی بنائے بجائے اس کے کہ وہ وہاں کے کارکنوں کے خلاف زیادتی کرے۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: یہ دراصل صوبائی مسئلہ ہے لیکن شبلی فراز صاحب تشریف فرما ہیں اور اس کا precedence ہے کہ میں تاج حیدر صاحب سے سندھ کے مسائل میں request کرتا رہا ہوں۔ آپ سے میری گزارش ہو گی کہ آپ یہ matter اپنی government کے ساتھ take up کر لیں اور پھر House کو مطلع بھی کر دیں کہ کیا بات ہوئی ہے۔ شکریہ۔

سینیٹر سید شبلی فراز: جناب! بالکل کر دیں گے۔

جناب چیئرمین: تاج حیدر صاحب۔

Point of Public Importance Raised by Senator Taj Haider Regarding Non-Issuance of CNIC to the Orphan Children in Eidhi Center

سینیٹر تاج حیدر: جناب وزیر مملکت صاحب تشریف لے جا رہے ہیں، میرا معاملہ ان سے متعلق تھا لیکن آپ ان کو refer کر سکتے ہیں۔ آج مجھ سے ایدھی فاؤنڈیشن نے کراچی سے رابطہ کیا، جیسا کہ آپ کو علم ہے کہ جو لاوارث بچے ہوتے ہیں، وہ لوگ ان کی پرورش کرتے ہیں اور اپنے ایدھی Homes میں رکھتے ہیں اور اس کے بعد ان کو پڑھا لکھا کر ان کی شادیاں کرتے ہیں۔ یہ مسئلہ پیدا ہو رہا ہے کہ جو بچے لاوارث ہوتے ہیں، ان کے شناختی کارڈ نہیں بنتے اور شناختی کارڈ بنانے والے ان سے یہ سوالات کرتے ہیں کہ ان کے ورثاء کہاں ہیں، ان کے والدین کا پتا نہیں ہوتا تو ان کا شناختی کارڈ بنانے میں بڑی دشواری پیدا ہوتی ہے، اگر ان کو بھی پاکستانی شہری کی حیثیت سے تسلیم کیا جائے۔ وزارت داخلہ NADRA کو یہ ہدایت دے۔۔۔

Mr. Chairman: Taj Sahib, where has this taken place?

سینیٹر تاج حیدر: جناب! یہ کراچی میں ایدھی فاؤنڈیشن کے بچے ہیں اور بھی بہت سی انجمنیں ہیں جو لاواث بچوں کو پالتی ہیں۔

جناب چیئرمین: آپ کو یہ یاد ہو گا کہ this issue was raised because of the fact that SOS Village کے بارے میں یہ issue پنجاب

میں raise ہوا تھا۔ ہم نے اس وقت MOS کو کہا تھا and temporarily this was solved and those children, they could not sit in the examination now I am recalling, وہ امتحان میں نہیں بیٹھ سکتے تھے کیونکہ ان کے ID cards issue نہیں ہو رہے تھے۔اس وقت وہ issue temporarily solve ہو گیا تھا اور NADRA نے ان کو cards issue کر دیے تھے۔ ہم نے اس کے long term کے لیے یہ کہا تھا،ان کی parentage کے لیے ایک قانون تھا جو سینیٹر ڈاکٹر کریم احمد خواجہ نے move کیا تھا اور وہ pend تھا اور میں نے یہ directions دی تھیں کہ اس قانون کو دیکھ لیا جائے،اس میں جو ترامیم کرنی ہیں یا fresh قانون لانا ہے تو fresh قانون لایا جائے تاکہ ریاست ان کی parentage قبول کرے، otherwise where do these children go? I believe that is pending with the Cabinet Committee, I will take this issue up again tomorrow کیونکہ یہ بہت اہم issue ہے کہ جن بچوں کی parentage نہیں ہے،وہ بے چارے کیا کریں گے۔ Secretariat please give me a full brief to be given by the Secretary in the House on the status of this bill کہ وہ کہاں پر ہے،کیا stage ہے یا کیا نہیں ہے. and then we will take it up from there.

Senator Taj Haider: Thank you Mr. Chairman.

جناب چیئرمین: جی سینیٹر سیف صاحب۔

Point of Public Importance Raised by Senator Muhammad Ali Khan Saif Regarding holding a person as criminal prior to a Trial by Court of Law

سینیٹر محمد علی خان سیف: قابل احترم چیئرمین! میں ایک related issue پر بات کرنا چاہتا ہوں. which I believe, it is of a public importance. وہ قانون کے اس اصول پر base کرتا ہے کہ ہر اس شخص کو جس پر کسی فوجداری جرم کے ارتکاب کا الزام لگایا جائے،اس کو اس وقت تک بے گناہ تصور کیا جائے جب تک کسی عدالت سے اس کے خلاف فیصلہ نہ آ جائے۔ جناب چیئرمین! یہاں پر ایک practice چل پڑی ہے کہ جب بھی کوئی شخص گرفتار ہوتا ہے اور اس کو حوالات میں بند کرنے سے پہلے یا even حوالات کے اندر وہاں پر media والے پہنچ جاتے ہیں،اس کا interview کرنے لگتے ہیں،وہ قانون کے اصولوں سے

نابلد ہوتا ہے، یہاں پر کسی کو گرفتاری کے فوراً بعد legal aid مہیا نہیں کی جاتی۔ عموماً وہ اقرار کرنے لگتا ہے اور تفصیلات بتانے لگتا ہے، اس وقت اس کی ذہنی حالت ایسی ہوتی ہے، شاید وہ یہ نہیں سمجھ پا رہا ہوتا ہے کہ اس کو یہ باتیں نہیں بتانی چاہئیں جو کہ بعد میں اس کے خلاف عدالت میں بطور evidence بھی پیش ہو سکتی ہیں اور فوری طور پر ایک media trial بھی شروع ہو جاتا ہے۔ اس سے پہلے کوئی عدالت اسے گنہگار یا مجرم declare کرے۔ یہ ایک ایسا issue ہے جو ہمارے ملک کے fundamental rights کے خلاف ہے، international human rights کے جتنے بھی قوانین ہیں اور international conventions ہیں، ان کی صریح خلاف ورزی ہے۔ اس لیے میں یہ move کرنا چاہوں گا اور میری یہ گزارش ہے کہ اس issue پر بات بھی کی جائے اور سینیٹ جو کہ 'in a way' custodian of human rights and fundamental rights پاکستان کے ہر شہری کا ہے۔ اس سلسلے میں قانون سازی کی جائے یا متعلقہ اداروں کو مجبور کیا جائے، پابند کیا جائے کہ وہ اس قسم کی practice کو adopt نہ کریں۔ آپ کا شکریہ۔

جناب چیئرمین: آپ کا شکریہ۔ آپ relevant instrument کے تحت move کریں تو we will take it up. اس سے پہلے کہ House adjourn کروں، میں یاد دہانی کرانا چاہتا ہوں کہ کل صبح ساڑھے دس بجے Committee the Whole کی FATA meeting پر ہے۔ اس میں تین experts جسٹس اجمل میاں صاحب، جناب رحیم اللہ یوسفزئی صاحب اور حبیب اللہ خان صاحب former bureaucrat تشریف لائیں گے، میں Members کو اس کی یاد دہانی کرانا چاہتا ہوں۔

The House stands adjourned to meet again on Tuesday the 12th of January, 2016 at 3.00p.m.

[The House was then adjourned to meet again on Tuesday the 12th January, 2016 at 3.00 P.M]

Index

Dr. Tariq Fazal Chaudhary 60
Mr. Baligh-ur-Rehman 61
Mr. Zahid Hamid 3
Senator Col. (R) Syed Tahir Hussain Mashhadi 60, 64, 72, 73
Senator Mohammad Azam Khan Swati 47, 61
Senator Muhammad Ali Khan Saif 2, 73
Senator Muhammad Talha Mehmood 5, 55
Senator Mushahid Hussain Syed 7
Senator Nasreen Jalil 53
Senator Rubina Khalid 6, 7
Senator Zaheer-ud-Din Babar Awan 3, 4
جناب محمد بلیغ الرحمٰن 68
ڈاکٹر طارق فضل چوہدری 57
سینیٹر احمد حسن 16
سینیٹر تاج حیدر 48, 75
سینیٹر شجاعت بخت خوش 27, 28
سینیٹر ڈاکٹر جہانزیب جمالدینی 30, 31
سینیٹر راجہ محمد ظفرالحق 41, 70
سینیٹر سعید غنی 12, 74
سینیٹر سید شبلی فراز 21, 44, 46, 74
سینیٹر شاہی سید 35
سینیٹر فرحت اللہ بابر 63
سینیٹر کرنل (ر) سید طاہر حسین مشہدی 17
سینیٹر لیفٹیننٹ جنرل (ر) عبدالقیوم 8, 51, 53, 66
سینیٹر محمد جاوید عباسی 57
سینیٹر محمد طلحہ محمود 5, 55
سینیٹر محمد عثمان خان کاکڑ 36
سینیٹر محمد علی خان سیف 34, 67, 68, 76
سینیٹر مختیار احمد دھامرا المعروف عاجز 32, 67
سینیٹر مشاہد اللہ خان 22, 25
سینیٹر میر کبیر احمد محمد شہی 19
سینیٹر نسرین جلیل 39, 40
سینیٹر نہال ہاشمی 2, 13, 15